ماہنامہ

یوتھ انٹرنیشنل

لاہور پاکستان

سپیشل سپلیمنٹ سیف گیمز



FOURTH SAF GAMES ISLAMABAD



سفیرانِ امن کا عظیم الشان

تعلیمی امن کنونشن

تشدد پسند قوتوں کی موت ثابت ہوگا

مرکزی صدر انجمن طلبا اسلام محمد ظفر اقبال نوری سے خصوصی انٹرویو



PNSC and SAF GAMES

4th SAF GAMES ISLAMABAD 1989

Contributing to the same cause

SAF GAMES are aimed at fostering friendly relations among SAARC countries. PNSC liners traverse the regional seas --- carrying cargo and also promoting goodwill.

PNSC wishes success to all participants.

Pakistan National Shipping Corporation
The National Flag Carrier

PID - Islamabad



Uganda
HOTEL

یوگنڈا ہوٹل

مکمل ایئر کنڈیشنڈ

میکلوڈ روڈ لاہور (پاکستان)
۳۱۰۵۵ - ۵۶۰۷۷

چوہدری نائب حسین منیجنگ ڈائریکٹر یوگنڈا ہوٹل

چھٹی قرعہ اندازی کیلئے

کروڑوں روپے کے
۱۳ ہزار سے زائد انعامات
انعامات میں مزید اضافہ ۔ جیتنے کے مواقع بھی زیادہ

سپر بمپر پرائز — ۳۵ لاکھ روپے نقد

بمپر پرائز — ۲۵ لاکھ روپے نقد

گرانڈ پرائز — ۱۰ لاکھ روپے کے ۵ پرائز

میگا پرائز — ۵ لاکھ روپے کے ۷ پرائز

۲½ لاکھ روپے کے ۸ پرائز

اور لاکھوں روپے کے ۱۰۰۰۰ سے زائد انعامات

خصوصی انعامات

ایک لاکھ روپے کے ۲۵ پرائز

۵۰ ہزار روپے کے ۴۰ پرائز

۱۰ ہزار روپے کے ۲۰۰ پرائز

ایک ہزار روپے کے ۲۰۰۰ پرائز

۵ سو روپے کے ۱۰۰۰۰ پرائز

SAVER

اہم اعلان

سیور ریفل ٹکٹ حبیب بینک لمیٹڈ کے علاوہ اب نیشنل بینک آف پاکستان کی مقررہ شاخوں پر بھی دستیاب ہیں۔

ریفل ٹکٹ خریدنے کی آخری تاریخ ۳۱ اکتوبر ۸۹ء
چھٹی قرعہ اندازی بتاریخ ۱۵ نومبر ۸۹ء

رُوحانی مسائل

جعلی عاملوں، دست شناسوں اور نجومیوں سے دُور رہیں
اپنے مسائل قرآن وسُنّت کی روشنی میں حل کریں

برصغیر کے مشہور رُوحانی معالج المعروف رُوحانی بابا نوجوان نسل کے ذاتی مسائل، اُن کی ہر قسم کی پریشانیوں اور اُلجھنوں کا حل علم جعفر اور قرآن وسُنّت کی روشنی میں دیتے ہیں

آج ہی اپنے مسائل اور اُلجھنوں کیلیے درج ذیل کوپن پُر کر کے روحانی بابا انچارج روحانی ڈاک معرفت یوتھ انٹرنیشنل ایوانِ اوقاف بلڈنگ نزد ہائیکورٹ لاھور کے پتہ پر ارسال کریں،

- شادی اور محبت کیلئے لڑکے، لڑکی اور اُن کی ماں کا نام آنا ضروری ہے!
- ھر کوپن کے ساتھ مبلغ -/۱۵ روپے بذریعہ پوسٹل آرڈر یا منی آرڈر یا بنک ڈرافٹ آنا ضروری ہے
- ایک کوپن اور فیس میں دو سوال کئے جا سکتے ھیں،
- جواب طلب امور کیلئے جوابی لفافہ ارسال کیا جائے۔ نیز ایسے مخصوص جوابات رسالے میں شائع نہیں کئے جائیں گے۔

نام ________ تاریخ پیدائش ________
والدہ کا نام ________
مسئلہ ________
____
____
____
____
ایڈریس ________

امدادِ باہمی کے زرّیں اصولوں کے تحت معزز ممبران کی

ترقی وخوشحالی کی شاہراہ پر گامزن

دِی مُسلم کوآپریٹو ڈویلپمنٹ کارپوریشن لمیٹڈ

ہم اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے امدادِ باہمی کے زرّیں اصولوں کے مُطابق اپنی درج ذیل برانچوں کی وساطت سے چھوٹے کاشتکاروں، دکانداروں اور صنعت کاروں کی خدمات سرانجام دے رہے ہیں، کارپوریشن کا مُستعد اور بااخلاق عملہ ہمہ تن مصروفِ کار ہے

برانچیں

مُسلم ٹاؤن — راولپنڈی	ڈھوک سیداں چوک منج بھاٹہ راولپنڈی	بھارا کہو — ضلع اسلام آباد	جی ٹی روڈ — گوجر خان
مشین محلہ ۳ — جہلم	مین بازار ڈنگہ — ضلع گجرات	مین بازار — شیخوپورہ	سرکلر روڈ — قصور
غلہ منڈی۔ ٹوبہ ٹیک سنگھ	لاری اڈا کنگن پور ضلع قصور	ٹھینگ موڑ — ضلع قصور	سٹی روڈ — سرگودھا
مین بازار — روات	مین بازار — شاہ پور صدر	منڈی بہاؤ الدین ضلع گجرات	مین روڈ جوہر آباد ضلع خوشاب
لاری اڈہ — جھاوریاں	صرافہ بازار بھلوال	جی ٹی روڈ — کھاریاں	کچہری روڈ — چکوال
مین بازار ڈھڈیال۔ چکوال	ملہال مغلاں ضلع چکوال	لاری اڈہ دولتالہ ضلع راولپنڈی	بھون — ضلع چکوال
کلر کہار — ضلع چکوال	چوہا سیدن شاہ	بشارت — ضلع چکوال	پنن وال تحصیل پنڈ دادنخان
پنڈ دادنخان مین بازار	تمن — ضلع چکوال	للہ ٹاؤن تحصیل پنڈ دادنخان	مین روڈ — تلہ گنگ
پنیجند تحصیل تلہ گنگ ضلع چکوال	فوارہ چوک اٹک ضلع جہلم	چینجی تحصیل تلہ گنگ ضلع چکوال	مین بازار — فتح جنگ
مین کوہاٹ روڈ ،	پنڈی گھیب	چھب — ضلع اٹک	نرسری برانچ — کراچی
جنڈ — ضلع اٹک	کھیوڑہ — ضلع جہلم ،	میانی اڈہ — ضلع چکوال	مجوزہ — ملک وال ،
— لاھور	— مرید کے	— گوجرانوالہ ،	ملتان خورد ،

منجانب :- سیّد ظہور حسین نوشاہی ڈائریکٹر / کنٹرولر آف برانچز

ھیڈ آفس : دی مسلم کوآپریٹو ڈویلپمنٹ کارپوریشن لمیٹڈ
۵۹۰ رجی ناتھن تھری کمپلیکس روڈ اسلام آباد فون : ۸۵۵۸۶۲ و ۸۵۴۲۱۰

زونل آفس ① کچہری روڈ چکوال ② مین روڈ تلہ گنگ چکوال ③ ۷، اورئیگا کمپلیکس گلبرگ لاھور

armor
MEETS THE CHALLENGE
of the production and installation of Fiber Glass Chairs at
Jinnah Stadium, Sports Complex Islamabad for 4th SAF GAMES 1989.
Well before the target time.
armor
LEADING MANUFACTURER OF
Fiber Glass Reinforced Plastic's Products
SPECIALIST IN :
Storage Tanks, Safety Helmets, Luggage Boxes, Automotive body parts,
Furniture, Amusements Gaggets, Children Recreational Apparatus,
Exporters & Importers
CAPITAL CORPORATION
M - 2. Murree Road, P.O. Box: 1449, Rawalpindi. (Pakistan)
Tel. (051) - 73604


حیسنز کی ۴۲ ویں سالگرہ کے موقع پر
لاکھوں روپے کے ہزاروں انعامات
حکومت سے منظور شدہ
سپر اسپیشل انعام
۷ خوش نصیب افراد کو عمرہ کا
آمد و رفت کا ٹکٹ مع ۵ ہزار روپے نقد
پہلا انعام
سوزوکی کار
دوسرے نمبر پر
۵ عدد ہونڈا
موٹر سائیکل
CD-70
تیسرے نمبر پر
۵ افراد کو ۵ عدد
کلر ٹیلی وژن
14"
چوتھے نمبر پر
۵ افراد کو ۵ عدد
ڈاؤلینس فرج
پانچویں نمبر پر
واشنگ مشینز
۱۲ عدد
چھٹے نمبر پر
۲۵۰۰ افراد کو
خوبصورت
وال کلاک
ساتویں نمبر پر
۲۰۰۰ افراد کو
سیٹیزن واچ
آخری منزل
ایک معقول رقم
HYSONS
سیدھا سچا آسان طریقہ کار
اعلیٰ معیاری حیسنز کا کوئی بھی ایک بلب یا ٹیوب لائٹ اپنے قریبی دوکاندار
سے خرید فرمائیں اور انعامی کوپن مفت حاصل کر کے اپنے پاس محفوظ فرمالیں
● ملک بھر میں رہنے والا ہر شہری اپنی ضرورت کے مطابق حیسنز کا بلب یا ٹیوب خرید کر انعامی کوپن حاصل کر کے اس انعامی اسکیم میں شریک ہو سکتا ہے۔ ● خالی ڈرم معزز جج کے ہاتھوں چیک کروا کر سیل بہ مہر کر دیا گیا ہے اور آپ کے حاصل کردہ انعامی کوپن کا بقایا حصہ اسی ڈرم میں ڈالا جائے گا۔ ● ۳۱ اکتوبر ۱۹۸۹ کو عوام اور پریس رپورٹرز حضرات کی موجودگی میں ڈرم کھولا جائے گا اور کسی معزز شخصیت کے ہاتھوں بذریعہ قرعہ اندازی کامیاب انعامی کوپن نکالے جائیں گے۔ ● انعام یافتگان کے نمبروں کی تفصیل ملک کے اخبارات میں شائع کی جائے گی۔
● کوپن کا وہ حصہ جو آپ کے پاس محفوظ ہے آپ کو انعام کا حقدار ثابت کرے گا۔
● تمام انعام یافتگان فیکٹری کے پتہ پر رابطہ فرما کر ۹۰ دن کے اندر اندر اپنے انعامات حاصل کریں گے۔
قسمت کو چمکائے انعامی کوپن ★ بلب اور ٹیوب رکھے گھر کو روشن
الیکٹرک لیمپ مینوفیکچرز آف پاکستان لمیٹڈ
6۔ یونیورسٹی روڈ کراچی نمبر ۵۔ فون : 419376-418809-418869۔ تار کا پتہ : "GLOWLAMP"

ماہنامہ یوتھ انٹرنیشنل
MONTHLY YOUTH INTERNATIONAL
(URDU ENGLISH)

جلد ۱ شمارہ ۹

۱۵ اکتوبر تا ۱۵ نومبر ۸۹ء

رجسٹرڈ ایل نمبر ۸۵۰۲

ایڈیٹر انچیف — محمد صدیق القادری

معاون ایڈیٹر — سلیم الحسن نسیم

قلمی معاونین — اقبال محمود اعوان، چوہدری محمد اسلم، غضنفر کاظمی، ڈاکٹر سرفراز بخاری، مسز شہناز راشد، جی ایم قادری، مس روبینہ قادری، قاضی انیس اظہر بابر، مسز فرحت مصطفےٰ

رپورٹرز — نعیم بخاری، منظور وحید، راجہ محمد اسلم، توصیف القادری، مس خالدہ

فوٹو گرافرز — فرمان قریشی، تبسم نوید، عظمت شاہ۔

آرٹ — ارشد ضمیر ارشد | سرکولیشن منیجر اینڈ بزنس عبدالستار

لے آوٹ اینڈ پروڈکشن — سنی پبلشرز، لطیف بلڈنگ رائل پارک لاہور

اسلام آباد — جمال وحید زیدی | راولپنڈی — خرم رفیق فیضان الحق
کراچی سندھ — عبدالرفیق، سید محمود حسن | کوئٹہ بلوچستان — سرفراز عالم، ایم ریاض
پشاور — ایم ریاض، گل غنی | گلگت — شہزادہ حسین
گوجرانوالہ — امجد علی سلیمی، اعظم بھٹی | فیصل آباد — مقصود احمد طاہر

بیرونی ممالک مغربی جرمنی ایم عارف سلیمی، سعودیہ سلطان احمد، کینیڈا زبیر چوہدری
انگلینڈ — ایم اکرم

لیگل ایڈوائزر — اقبال محمود اعوان ایڈووکیٹ

اس شمارہ میں

ادار یہ — نوجوان باغی کیوں؟

اقوامِ متحدہ کے قومی دن پر خصوصی کالم،

تخفیف اسلحہ پر اہم مضمون

تعلیمی امن کنونشن کے موقع پر خصوصی اشاعت،

مرکزی صدر اے ٹی آئی سے خصوصی انٹرویو

قیمت فی شمارہ ۲۰ روپے (پاکستان میں) سالانہ فیس ۱۸۰ روپے (۱۲ شمارے پاکستان میں) فون: ۵۴۷۲۹

خط و کتابت کے پتے: ماہنامہ یوتھ انٹرنیشنل اردو انگلش ایوانِ اوقاف بلڈنگ نزد ہائی کورٹ لاہور پاکستان پوسٹ بکس نمبر ~~۲۳۴۶~~ 2346 جی پی او لاہور پاکستان

پبلشر محمد صدیق القادری نے ماہنامہ یوتھ انٹرنیشنل اردو انگلش ایور لائٹ پرنٹنگ پریس ۳۲ نسبت روڈ لاہور سے چھپوا کر دفتر ماہنامہ یوتھ انٹرنیشنل ایوانِ اوقاف بلڈنگ نزد ہائیکورٹ لاہور سے شائع کیا

چوتھی سیف گیمز کے انعقاد پر مبارکباد

پاکستان میں چوتھی سیف گیمز کا آغاز انتہائی جوش و خروش سے کیا جا رہا ہے۔ ۲۰ اکتوبر سے ۲۷ اکتوبر تک سارک ممالک کے کھلاڑی اپنی بھرپور صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں گے۔ سیف گیمز کے انعقاد کے لئے عوام نے جس جذبے کے ساتھ سیور رفیل کی سرپرستی کر کے کامیابی سے چلایا۔ سیور رفیل کے ذریعے پچاس کروڑ کے قریب فنڈز جمع کروا دیئے۔ پاکستان کے عوام خصوصاً طلبہ اور نوجوان زبردست خراجِ تحسین کے مستحق ہیں جنہوں نے بڑھ چڑھ کر ٹکٹیں خریدیں۔

طلبہ اور نوجوانوں کے حوالے سے ہماری تجویز ہے کہ اگر حکومتِ پاکستان چیف آف آرمی سٹاف کے مشورے سے سیور رفیل کی طرز پر ڈیفنس رفیل کا سلسلہ شروع کر دیا جائے تو کوئی وجہ نہیں کہ پاکستان کی مسلح افواج دفاعی ضروریات کو باآسانی پورا کر سکیں گے۔ بلکہ دفاع کے لئے قوم اور نوجوان ہر قربانی دینے کے لئے تیار ہیں۔ ڈیفنس رفیل سکیم کو بھی چلانے کے لئے اگر لیفٹیننٹ جنرل اسلم مرزا کی خدمات حاصل کی جائیں تو وہ یقیناً اپنی بہترین صلاحیتوں کی بدولت ڈیفنس رفیل کو کامیابی و کامرانی سے چلائیں گے۔

سیف گیمز کے کامیاب انعقاد میں صدرِ پاکستان جناب غلام اسحٰق خان، وزیرِ اعظم پاکستان محترمہ بے نظیر بھٹو، چیف آف آرمی سٹاف مرزا محمد اسلم بیگ، لیفٹیننٹ جنرل اسلم مرزا، میجر جنرل رشید بیگ مبارکباد کے مستحق ہیں۔

سیف گیمز کی پاکستان کی میزبانی کا شرف محترمہ بے نظیر بھٹو وزیرِ اعظم پاکستان جو سارک تنظیم کی چیئر پرسن بھی ہیں کو جاتا ہے۔

نوجوان باغی کیوں؟

جمہوری حکومت کے قیام سے پاکستانی نوجوانوں کو توقع تھی کہ وفاقی حکومت نوجوانوں کے مسائل کو اولیت دے کر نوجوان نسل میں بڑھتی ہوئی بیروزگاری، غربت افلاس اور بے چینی پر قابو پانے میں تاریخی کردار ادا کرے گی۔ مایوس اور بے چین یوتھ کو اطمینان دلانے کیلئے وزیرِ اعظم پاکستان نے نوجوانوں کی علیحدہ وزارت اور قومی یوتھ پالیسی کا اعلان بھی کیا۔ وفاقی وزراء نے بڑے بلند بانگ دعوے بھی کئے بڑے افسوس اور دکھ کے ساتھ لکھنا پڑ رہا ہے کہ دس ماہ گزر جانے کے باوجود نوجوانوں کی فلاح و بہبود کے لئے کوئی ٹھوس قدم نہیں اٹھایا گیا۔ ادارہ سرمایہ کاری برائے نوجوانان اور وزارتِ یوتھ بیروزگار نوجوانوں کے ساتھ سنگین مذاق کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں۔ اگر یہ سلسلہ اسی طرح جاری رہا تو نوجوان موجودہ وفاقی حکومت سے متنفر ہو کر سڑکوں پر آ جائیں گے۔ یہ خطرناک صورتحال کسی بھی طور وفاقی حکومت اور خود وزیرِ اعظم صاحبہ کے مفاد میں نہیں ہوگی۔ جمہوریت دشمن قوتیں نوجوانوں کے جذبات ابھار کر موجودہ حکومت کے خلاف تحریک چلانے کے لئے تیاریوں میں مصروف ہیں۔ وزیرِ اعظم صاحبہ کا مفاد اسی میں ہے کہ وہ یوتھ رہنماؤں اور ان کی فعال نمائندہ تنظیموں سے براہِ راست رابطہ قائم کریں۔ اہم قومی معاملات میں اعتماد میں لیں۔ وزیرِ امور نوجوانان کا قبلہ درست کریں۔ وزارت کو فعال جدید انقلابی انداز سے آرگنائز کریں۔ وزارت کو چلانے کے لئے نوجوانوں کی مشاورتی کونسل تشکیل دیں۔ وزیرِ موصوف کو بااختیار بنائیں۔ بے روزگار نوجوانوں کے لئے قرضہ کی رقم پچاس ہزار سے بڑھا کر ایک لاکھ روپیہ کریں۔ قرضہ کے حصول کے لئے آسان شرائط زیادہ سے زیادہ ایک ماہ کے اندر جاری کرنے کے احکامات دیں۔ قومی یوتھ پالیسی پر عمل درآمد کرانے کے لئے طلبہ اور نوجوانوں کی نمائندہ اور مضبوط تنظیموں کو بھی شریک کیا جائے تاکہ نوجوان طبقہ ہراول دستہ بن کر پاکستان کو جمہوری اور اسلامی ملک بنانے میں بھرپور کردار ادا کر سکیں۔“

اقوام متحدہ کے قومی دِن پر خصوصی کالم

اقوام متحدہ کے تمام رکن ملک ہر سال چوبیس اکتوبر کو یوم اقوام متحدہ مناتے ہیں۔ یہی وہ دن ہے جب اقوام متحدہ کا منشور نافذ العمل ہوا تھا۔ سنہ ۱۹۴۷ء میں جنرل اسمبلی نے یہ فیصلہ کیا کہ ہر سال چوبیس اکتوبر کو منشور کے نافذ العمل ہونے کا دن منایا جائے گا۔ اور اسے سرکاری طور پر یوم اقوام متحدہ تصور کیا جائے گا۔ اس دن کو دنیا کے عوام کو عالمی ادارے کے مقاصد اور کامیابیوں سے آگاہ کرنے کے لئے مخصوص کر دیا جاتا ہے۔ رکن حکومتوں سے کہا گیا تھا کہ وہ یہ دن منانے میں تعاون کریں۔ منشور کی دفعہ ایک میں اقوام متحدہ کے مقاصد بیان کئے گئے ہیں جو یہ ہیں۔ بین الاقوامی امن و سلامتی کا تحفظ، ملکوں کے مابین دوستانہ تعلقات کا فروغ، بین الاقوامی اقتصادی، معاشرتی، ثقافتی اور انسانی مسائل کے حل میں تعاون اور انسانی حقوق کے احترام کا اہتمام اور ان مشترکہ مقاصد کی طرف اقوام کے عمل میں اشتراک۔

منشور کی دفعہ ۲ میں وہ اصول بیان کئے گئے ہیں جن پر ادارہ اقوام متحدہ کی بنیاد ہے۔ اس کے تمام ارکان برابر ہیں اور وہ سب نیک نیتی کے ساتھ منشور کے تحت اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنے اور دوسرے ملکوں کے ساتھ اپنے تنازعات پر امن ذرائع سے حل کرنے، بین الاقوامی تعلقات میں طاقت کا استعمال نہ کرنے یا استعمال کی دھمکی نہ دینے، اسے منشور کے مطابق، اقوام متحدہ کے ہر اقدام میں اس کی حمایت و امداد کرنے اور کسی بھی ایسے ملک کی مدد کرنے سے باز رہنے کے بعد پابند ہیں جس کے خلاف اقوام متحدہ نے کوئی تادیبی کارروائی کی ہو۔

تنظیم کے لئے اقوام متحدہ کا نام اس وقت کے صدر امریکہ مسٹر فرینکلن ڈی روزویلٹ نے تجویز کیا تھا اسے پہلی مرتبہ ۱۹۴۲ء میں استعمال کیا گیا جب ۲۶ ملکوں کے نمائندوں نے ایک اعلان پر دستخط کرتے ہوئے یہ عہد کیا کہ وہ اقوام متحدہ کی حیثیت سے فاشزم پر فتح پانے کی جدوجہد میں اس میں تعاون کریں گے۔ دوسری عالمی جنگ کے آخری ہفتوں میں سان فرانسسکو کانفرنس نئی تنظیم کا منشور مرتب کرنے کے لئے منعقد ہوئی اور اقوام متحدہ کے نام کی منظوری، مسٹر روزویلٹ کے احترام میں متفقہ طور پر دی گئی جو چند ہی ہفتے پہلے انتقال کر گئے تھے۔

اقوام متحدہ کے منشور پر سان فرانسسکو کانفرنس کے اختتام پر ۲۶ جون ۱۹۴۵ء کو دستخط کئے گئے۔ اس کے پیش لفظ میں اقوام متحدہ کے عوام کے اس عزم کا اعلان کیا گیا ہے کہ وہ بنی نوع انسان کو جنگ کی لعنت سے محفوظ کر دیں گے اس میں انسانی حقوق اور عورتوں اور مردوں اور چھوٹے یا بڑے تمام ملکوں کے مساوی حقوق کے ساتھ وابستگی اور ایسے حالات پیدا کرنے کا ارادہ ظاہر کیا گیا ہے جن میں انصاف اور بین الاقوامی قانون کے لئے احترام کو برقرار رکھا جا سکے اور وسیع تر آزادی میں معاشرتی ترقی اور بہتر معیار زندگی کو فروغ دیا جائے۔

بین الاقوامی تنظیم چوبیس اکتوبر ۱۹۴۵ء کو اس وقت معرض وجود میں آ گئی جب سلامتی کونسل کے پانچ مستقل رکن ملکوں، چین، فرانس، روس، برطانیہ اور امریکہ اور اس پر دستخط کرنے والے باقی چھیالیس ملکوں میں سے اکثر نے منشور کی توثیق کر دی۔ اقوام متحدہ اس وقت ۱۵۹ رکن ملکوں پر مشتمل ہے۔ پاکستان تیس ستمبر ۱۹۴۷ء کو اس کا رکن بن گیا تھا۔



اقوام متحدہ کے قومی دِن پر خصوصی اشاعت

۲۴ اکتوبر کو دنیا بھر میں اقوام متحدہ کا قومی دن شایانِ شان طریقے سے منایا جا رہا ہے۔ اقوام متحدہ کے ادارے نے عالمی قیامِ امن کے فروغ، ایٹمی ہتھیاروں کے پھیلاؤ کو روکنے، دنیا کو تیسری عالمگیر جنگ سے نجات دلانے، بنی نوع انسان کی بہتری ترقی اور خوشحالی کے لئے گرانقدر خدمات سرانجام دی ہیں

ماہنامہ یوتھ انٹرنیشنل ۲۴ اکتوبر کے موقعہ پر اقوام متحدہ پر خصوصی اشاعت شائع کر رہا ہے۔ اُمید ہے قارئین پسند فرمائیں گے

تخفیف اسلحہ کیلئے اقوامِ متحدہ کا سُنہری کردار

تخفیف اسلحہ کے موضوع پر اقوام متحدہ کے جنرل اسمبلی نے اپنے ۱۹۸۲ء کے دوسرے خصوصی اجلاس میں اتفاق رائے سے یہ فیصلہ کیا کہ تخفیف اسلحہ کے لئے عالم گیر مہم شروع کی جائے۔ اس مہم کے یہ تین مقاصد ہیں، دُنیا کے تمام خطوں میں، ہتھیاروں پر پابندی اور تخفیف اسلحہ کے شعبے میں متوازن حقیقی اور معروضی انداز میں، اقوام متحدہ کے مقاصد کے لئے، عوام کو مطلع اور ان کی تعلیم کرنا اور ان کے اندر احساس پیدا کر کے ان کی حمایت حاصل کرنا۔

تخفیف اسلحہ کی عالم گیر مہم کے سامنے بلاشبہ ایک بہت بڑا مقصد ہے۔ ایک ایسی دُنیا میں جسے ابھی تک نمایاں تخفیف اسلحہ کو دیکھنا بھی نصیب نہیں ہُوا۔ تخفیف اسلحہ کی عالمگیر مہم محض تصوریت پر مبنی ایک ایسا مقصد محسوس ہوگی جو ضروری ہونے کے باوجود حاصل کرنا مشکل ہے۔ بہر حال اس مہم کے ساتھ دلچسپی توقعات، امیدیں اور امکانات ضرور پیدا ہو گئے ہیں۔ اس سے سوالات بھی پیدا ہوتے ہیں جو اس حقیقت کے آئینہ دار ہیں کہ اس مہم کے مقصد کو اچھی طرح سے سمجھ لیا جائے تو بڑی مدد مل سکتی ہے۔

(۱) تخفیف اسلحہ کی عالمگیر مہم کیا ہے؟

تخفیف اسلحہ کی عالمگیر مہم، اقوام متحدہ کا ایک منصوبہ ہے۔ سادہ اور آسان الفاظ میں اس کا مقصد یہ ہے کہ دُنیا بھر میں ہتھیاروں پر پابندی اور تخفیف اسلحہ کے لئے حمایت اور ادراک پیدا کرنے کی کوشش کی جائے۔

(۲) اس کا آغاز کب ہُوا؟

اس کا آغاز سات جون ۱۹۸۲ء کو تخفیف اسلحہ کے لئے مخصوص اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے دوسرے مخصوص اجلاس کے پہلے ہی دن رکن ملکوں کے متفقہ فیصلے کے تحت کیا گیا۔

(۳) اس کے مقاصد کیا ہیں؟

مہم کا مقصد یہ ہے کہ ہتھیاروں پر پابندی اور تخفیف اسلحہ کے شعبے میں اقوام متحدہ کے مقاصد کے لئے عوامی ادراک اور حمایت پیدا کی جائے۔

(۴) ہتھیاروں پر پابندی اور تخفیف اسلحہ کے شعبے میں اقوام متحدہ کے مقاصد کیا ہیں؟

اس شعبے میں اقوام متحدہ کا بالآخر مقصد یہ ہے کہ مؤثر بین الاقوامی کنٹرول کے تحت عمومی اور پر اور مکمل طور پر تخفیف اسلحہ کا انتظام کیا جائے۔ فوری مقاصد یہ ہیں کہ جنگ اور خاص طور پر ایٹمی جنگ کا خطرہ ختم کیا جائے اور اسلحہ کی دوڑ کے خاتمے اور پسپائی کے لئے اقدامات پر عملدرآمد کیا جائے

اور مستقل امن کے لئے راہ ہموار کی جائے۔

(۵) مہم کہاں شروع کی جاتی ہے؟

مہم پر عالم گیر طور پر تمام خطوں اور تمام ملکوں میں عمل درآمد کیا جاتا ہے۔ اس میں یہ مقصد کار فرما ہے کہ اسے متوازن حقیقی اور معروضی انداز میں چلایا جائے۔

(۶) مہم کن لوگوں تک پہنچتی ہے؟

کوشش یہ ہے کہ اس مہم کو جتنے زیادہ لوگوں تک پہنچایا جا سکے پہنچایا جائے زیادہ زور بعض ایسے مخصوص گروپوں کے انتخاب پر دیا گیا ہے جن کے پاس لوگوں کی زیادہ سے زیادہ تعداد تک پہنچنے کی صلاحیت ہوتی ہے۔ ان کا اثر بھی کئی گنا ہوتا ہے اور یہ گروپ غیر سرکاری تنظیموں، تعلیمی اداروں، تحقیقی اداروں اور ذرائع ابلاغ اور منتخب نمائندوں کی صورت میں ہوتے ہیں۔

(۷) یہ مہم اپنے حلقوں تک کس طرح پہنچنا چاہتی ہے؟

اقوام متحدہ کے نظام کے ذریعے رکن ملکوں اور غیر سرکاری تنظیموں کے تعاون سے تاکہ ایک کی کوششوں کو دوسرے کی کوششوں سے تقویت حاصل ہو۔

(۸) اقوام متحدہ کا نظام کیا کردار ادا کرتا ہے؟

یہ مہم ان اصولوں اور رہنما خطوط پر چلائی جا رہی ہے جو ۱۹۷۸ء میں طے کئے گئے تھے۔ اگرچہ محکمہ امور تخفیف اسلحہ کو، مجموعی کوآڈی نیٹر مقرر کیا گیا تھا تاہم اقوام متحدہ کے مراکز اطلاعات عملی کردار ادا کرتے ہیں۔

اس کے علاوہ تخفیف اسلحہ کے مطالعات کا مشاورتی بورڈ بھی مہم کو مربوط بنانے میں اپنا کردار ادا کرتا ہے یہ بورڈ دُنیا کے مختلف حصّوں کی اہم شخصیات کے گروپ پر مشتمل ہے جو سیکرٹری جنرل کو تخفیف اسلحہ سے متعلق تحقیق و مطالعہ کے امور پر مشورے دیتے ہیں بورڈ کے دوسرے فرائض میں یہ بات بھی شامل ہے کہ وہ تخفیف اسلحہ کی عالمگیر مہم پر عمل درآمد کے بارے میں ہر سال سیکرٹری جنرل کو اپنی سفارشات پیش کرے۔

اقوام متحدہ کا نظام ان پانچ بڑے شعبوں کے اندر اپنی سرگرمیاں جاری رکھتا ہے، مواد کی تیاری اور اشاعت و تشہیر، کانفرنسیں، سیمینار اور تربیت، خصوصی تقاریب نشر و اشاعت کا پروگرام، اور اقوام متحدہ کے فیلڈ آفیسر کی خدمات۔

اقوام متحدہ کا نظام، مہم کو چلانے کے سلسلے میں تحریک، معلوماتی مواد، رہنمائی اور رابطہ مہیا کرتا ہے۔ مطبوعات کے ساتھ سمعی اور بصری مواد بھی مفت تقسیم کیا جاتا ہے، اجلاس، لیکچر، سیمینار، کانفرنسیں اور تربیتی کورس بھی پروگرام کا حصّہ ہیں۔ تخفیف اسلحہ کا پیغام زیادہ سے زیادہ لیکن حد تک موثر طریقے سے پہنچانے کے لئے خصوصی پروگرام بنائے جاتے ہیں جن میں پوسٹروں کے مقابلے ترغیبی اشتہارات آرائشی کتبے اور کیلنڈر بھی شامل ہیں۔

(۹) رکن ملک کیا کردار انجام دیتے ہیں؟

ایک ایک رکن ملک کے تعاون کی اہمیت بہت زیادہ ہے تخفیف اسلحہ کے لئے مخصوص جنرل اسمبلی کے دوسرے خصوصی اجلاس میں مہم کے بارے میں طے پانے والے سمجھوتے میں رکن ملکوں کی حوصلہ افزائی کی گئی ہے تاکہ وہ مہم کے مقاصد اور سرگرمیوں کی تشہیر کریں۔ تخفیف اسلحہ سے متعلق معلومات کی بہتر اشاعت کو یقینی بنانے اور ہتھیاروں کے بارے میں غلط اور بدنیتی پر مبنی اطلاعات کی اشاعت کو روکنے میں اقوام متحدہ کے ساتھ تعاون کریں۔ ہتھیاروں پر پابندی اور تخفیف اسلحہ کے سوال پر اطلاعات اور آراء تک لوگوں کے ہر طبقے کی بے روک ٹوک اور وسیع پیمانے پر رسائی کا انتظام کریں۔

۸- روایتی ہتھیاروں کی بڑی بڑی اقسام کیا ہیں؟

روایتی ہتھیاروں کی تعریف میں وہ تمام روایتی ہتھیار شامل ہیں جنہیں بری، بحری اور فضائی افواج، زمین پر، سمندر میں اور فضا میں استعمال کرتی ہیں۔ زمینی ہتھیاروں کا دائرہ انفرادی فوجیوں کی رائفلوں سے لے کر توپ خانے کی توپوں، راکٹوں، ٹینکوں اور دوسری بکتر بند گاڑیوں تک پھیلا ہوا ہے۔ بحری ہتھیار، جہازوں مثلاً جنگی جہازوں، تباہ کن جہازوں، کروزروں، طیارہ بردار جہازوں یا آبدوزوں پر نصب کئے جاتے ہیں ہوائی جہازوں کا دائرہ چھوٹے لڑاکا طیاروں سے بڑے بمباروں تک پھیلا ہوا ہے جن میں لڑاکا بمبار، ہیلی کاپٹر اور دیکھ بھال کے طیارے بھی شامل ہیں۔ نئی قسم کے روایتی ہتھیار بھی تیار کئے جا رہے ہیں۔ جن کے مؤثر ہونے کی پہلے کوئی مثال نہیں ملتی اور ان میں انتہائی صحت کے ساتھ نشانے پر جانے والے ... گائیڈڈ ہتھیار بھی شامل ہیں۔

۹- روایتی ہتھیاروں کا عالمی ذخیرہ کتنا بڑا ہے؟

روایتی تخفیف اسلحہ کے بارے میں اقوام متحدہ کے ایک حالیہ مطالعہ کے مطابق، روایتی ہتھیاروں کے عالمی اسلحہ خانوں میں ایک لاکھ چالیس ہزار سے زیادہ بڑے جنگی ٹینک پینتیس ہزار سے زیادہ جنگی طیارے، اکیس ہزار سے زیادہ ہیلی کاپٹر، ایک ہزار ایک سے زیادہ بڑے بحری جہاز، اور سات سو سے زیادہ حملہ کرنے کی اہل آبدوزیں شامل ہیں۔ ایک اندازے کی رُو سے دنیا کے مجموعی فوجی اخراجات کا ۴/۵ حصہ، روایتی ہتھیاروں اور مسلح افواج کے لئے مخصوص ہوتا ہے۔

۱۰- دوسری عالمی جنگ کے بعد روایتی ہتھیاروں سے کتنے مسلح تصادم ہو چکے ہیں

اندازہ لگایا گیا ہے کہ دوسری عالمی جنگ کے بعد روایتی ہتھیاروں سے لڑی جانے والی تقریباً ایک سو پچاس لڑائیاں ہو چکی ہیں۔ ان لڑائیوں میں ہونے والے جانی نقصان کا بالکل صحیح اندازہ لگانا ممکن نہیں، تاہم روایتی تخفیف اسلحہ سے متعلق اقوام متحدہ کے حالیہ مطالعہ میں دو کروڑ اموات کا اندازہ لگایا گیا ہے۔

۱۱- عالمگیر فوجی اخراجات کا اندازہ کیا ہے؟

۱۹۸۲ء میں عالمگیر فوجی اخراجات انتہائی قابل اعتماد اندازے کے مطابق آٹھ کھرب ڈالر تک پہنچ گئے تھے جو فی منٹ پندرہ لاکھ ڈالر سے زیادہ بنتے ہیں۔ قیمتوں کے تسلسل کی صورت میں یہ رقم ۱۹۶۰ء کے مقابلے میں دگنی اور ۱۹۴۹ء کے مقابلے میں چوگنی ہے۔ اس شرح پر تیتیس کروڑ تیتالیس لاکھ ڈالر کی وہ رقم صرف پندرہ دنوں اور پندرہ گھنٹوں میں پوری ہو جاتی ہے جو ۱۹۸۲ء میں تمام ترقی پذیر ملکوں کی سرکاری ترقیاتی امداد پر خرچ کی گئی اقوام متحدہ کے ایک حالیہ مطالعہ میں یہ اندازہ لگایا گیا ہے کہ اگر یہ رجحان جاری رہا تو موجودہ ڈالر کے حساب سے فوجی اخراجات ۱۹۹۰ء سے پہلے دس کھرب ڈالر سالانہ سے بڑھ سکتے ہیں۔

۱۲- ایٹمی ہتھیاروں سے لیس کتنے ملک ہیں؟

ایٹمی ہتھیاروں کے حصول کی ترتیب سے پانچ ملک، امریکہ، روس، برطانیہ، فرانس اور چین ہیں۔ بنیادی تکنیکوں کے بارے میں بڑھتی ہوئی وسیع معلومات کے پیش نظر کوئی ایٹمی ... صلاحیت آسانی سے حاصل ہو سکتی ہے۔

۱۳- وہ کون سے حالات ہیں جن میں ایٹمی ہتھیار استعمال ہو سکتے ہیں؟

اگرچہ دوسری عالمی جنگ میں ہیروشیما اور ناگاساکی پر ایٹم بم گرائے جانے کے بعد سے ایٹمی ہتھیار کبھی استعمال نہیں کئے گئے، تاہم، جدید ایٹمی ہتھیار کسی ایسے فوجی تصادم میں استعمال کئے جا سکتے ہیں۔ جس میں ایٹمی ہتھیار رکھنے والے ملک بالواسطہ یا براہ راست ملوث ہوں۔ اس کے علاوہ یہ خطرہ بھی موجود ہے کہ ایٹمی ہتھیار رکھنے والے ایک یا زیادہ ملکوں میں کسی سامان کی خرابی، یا کسی کمانڈ، کنٹرول، رابطے یا انٹیلی جنس نظاموں میں نقص پیدا ہو جانے سے یہ ہتھیار حادثاتاً بھی اور پھر دہشت گردی کی کسی کارروائی میں بھی استعمال ہو سکتے ہیں۔ گذشتہ تیس برس تک بھی سامان کی خرابی یا دوسرے سنگین حادثات کئی مرتبہ ہو چکے ہیں۔

۱۴- ایٹمی ہتھیار استعمال ہوئے تو انکے اثرات کیا ہونگے

ایٹمی ہتھیاروں سے متعلق، اقوام متحدہ کے ایک مطالعہ کی رُو سے سو کیلوٹن کے مقابلتاً کم تر چھوٹے بم کے دھماکے سے ایک شہر میں پانچ سے چھ کیلو میٹر دائرے کے اندر کم سے کم آدھی عمارتیں زمین بوس ہو جائیں گی۔ اس دائرے کے باہر بھی کافی تعداد میں مکان منہدم ہو جائیں گے۔ بم پھٹنے کے مقام کے گرد دو کیلو میٹر دائرے کے اندر تمام لوگ یا تو دھماکے اور اس سے اُڑنے والے شیشوں اور دھات کے ٹکڑوں سے فوری طور پر ہلاک ہو جائیں گے یا حدت آگ اور دم گھٹنے سے جاں بحق ہو جائیں گے۔ دھماکے کے مرکزی مقام پر آگ سے نکلنے والی گیسوں کی وجہ سے پناہ گاہیں بھی مکمل تحفظ مہیا نہیں کر سکیں گی۔ ابتداء میں بچ جانے والے بہت سے افراد بھی جنہیں دھماکے کے فوراً بعد معمولی زخم پہنچے ہوں گے یا جزوی طور پر جھلسے ہوں گے، ریڈیائی اثرات سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکیں گے۔

۱۵- اگر کئی شہر ایٹم بموں کا نشانہ بنیں تو کیا ہوگا؟

یہ اندازہ لگایا گیا ہے کہ بھرپور ایٹمی جنگ کی صورت میں۔ جس میں دس ہزار میگاٹن طاقت کے بموں کا تبادلہ ہوگا اور جن میں سے نصف شہروں پر پھٹیں گے۔ ایک ارب سے زیادہ افراد فوری طور پر ہلاک اور اتنے ہی زخمی ہو جائیں گے۔ اس طرح دُنیا کی تقریباً آدھی آبادی جنگ کا فوری نشانہ بن جائے گی اس قسم کی ایٹمی جنگ سے ایک فعال معاشرے کی معمول کی خدمات جن میں ہسپتال، طبی سہولتیں، پانی، بجلی، گرمی، نقل و حمل پیداوار اور تجارت کے نظام بھی شامل ہیں۔ ختم ہو جائیں گی۔

۱۶- کیا ایک بڑی ایٹمی جنگ کے آب و ہوا پر سنگین اثرات ہونگے؟

یہ سوال ایک جامع سائنسی تحقیق اور مطالعہ کا موضوع بنا ہوا ہے بہر حال بعض ابتدائی اندازوں کے مطابق ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال سے آب و ہوا پر اثرات، ان ہتھیاروں کا نشانہ بننے والے علاقوں سے بھی بہت پرے تک ہوں گے۔ اس سلسلے کے اندازوں میں کہ کس قدر طاقت کے ہتھیاروں کے دونوں طرف سے استعمال سے آب و ہوا متاثر ہو سکتی ہے۔ ابھی کافی اختلاف پایا جاتا ہے۔ ان اثرات میں یہ بات بھی شامل ہو سکتی ہے کہ فضا میں دھوئیں، گرد اور تاریکی کی موجودگی کی وجہ سے سورج کی روشنی کئی ماہ تک زمین پر نہ پہنچے اسی حالت میں بہت بڑی تعداد میں پودے مرجھا جائیں گے اور زمین سے خوراک کی روایتی سپلائی بند ہو جائے گی۔ براہ راست متاثر ہونے والے علاقوں میں درجہ حرارت منفی تیرہ فارن ہیٹ (منفی پچیس سینٹی گریڈ) تک گر کر کافی عرصہ تک برقرار رہ سکتا ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ ایٹمی جنگ سے زندہ بچ جانے والوں کو غالباً منجمد کر دینے والی سردی، قحط، زہریلے مادوں، تاخیر سے خارج ہونے والے ریڈیائی اثرات اور پانی کی قلت کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اور یہ سب کچھ دھماکے کے دوسرے فوری تباہ کن اثرات کے علاوہ ہوگا۔ ایٹمی جنگ سے فضا میں اوزون کی حفاظتی سطح میں کمی ہو جائے گی اور زمین زیادہ شدید ریڈیائی اثرات کی زد میں آ جائے گی۔

۱۷- ایٹمی ہتھیاروں کی ممانعت کے لئے کیا کچھ کیا گیا ہے؟

اقوام متحدہ کے قیام کے اوّلین برسوں ہی سے ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال کی ممانعت کے لئے مسلسل کوششیں کی جاتی رہی ہیں۔ ایسی قراردادیں بھی منظور کی گئی ہیں جن میں یہ واضح کیا گیا ہے کہ ایٹمی ہتھیاروں کا استعمال اقوام متحدہ کے منشور کے منافی ہوگا۔ اور ان پر پابندی لگانے کے لئے کنونشن یا دوسرے بین الاقوامی معاہدے کرنے پر زور دیا گیا ہے۔ تاہم ابھی تک اس قسم کے کسی معاہدے کی تسوید کے لئے کوئی بات چیت نہیں ہوئی۔ ایٹمی طاقتوں میں سے چین وہ ملک ہے جس نے پہلی بار ۱۹۶۴ء میں یکطرفہ طور پر یہ اعلان کردیا کہ وہ ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال میں پہل نہیں کرے گا۔ اس کے بعد ۱۹۸۲ء میں روس نے بھی یہ عہد کیا کہ وہ ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال میں پہل نہیں کرے گا اور ساتھ ہی اس نے دوسری طاقتوں سے بھی ایسے ہی اعلانات کرنے کو کہا۔ لیکن یکطرفہ اعلانات مؤثر ہونے کو کئی ملکوں نے مشتبہ قرار دیا ہے۔ ان کی رائے یہ ہے کہ ایٹمی جنگ کی روک تھام کے مسئلے کو تمام جنگوں کی روک تھام کے ارادے سے دیکھنا چاہیئے یہ ملک سمجھتے ہیں کہ ایٹمی تخفیف اسلحہ کے مؤثر اقدامات کا اندازہ قابلِ پڑتال معاہدوں کے دائرہ کار کے اندر ہی ہوسکتا ہے اور ان پر عمل درآمد ہی روایتی اور ایٹمی دونوں طرح کی فوجی طاقتوں کے مجموعی توازن ہی کے واسطے سے ہوسکتا ہے۔ جنرل اسمبلی نے ایٹمی جنگ کی روک تھام کے لئے کئی اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔ ان میں ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال کی ممانعت، ایٹمی ہتھیاروں کی دوڑ کا خاتمہ اور پسپائی اور اعتماد پیدا کرنے والے اقدامات بھی شامل ہیں۔ جنرل اسمبلی نے جنیوا کی تخفیف اسلحہ کانفرنس سے یہ درخواست بھی کی ہے کہ وہ ایٹمی جنگ کی روک تھام کے لئے عملی اقدامات پر سمجھوتے کے لئے بات چیت شروع کرائے۔ کانفرنس میں اس مسئلے پر بحث و تمحیص کے ابھی کوئی ٹھوس نتائج برآمد نہیں ہوئے۔

۱۸- ایٹمی ہتھیاروں کے خاتمے کے لئے کیا کیا کوششیں کی گئی ہیں؟

ایٹمی دور کے آغاز ہی سے اقوام متحدہ کے سامنے یہ مقصد رہا ہے کہ ایٹمی ہتھیار کلی طور پر ختم کردیئے جائیں اور یہ ضمانت دلائی جائے کہ ایٹمی توانائی صرف پُرامن مقاصد کے لئے استعمال کی جائیگی تخفیف اسلحہ کے لئے اس نے ایٹمی ہتھیاروں کی دوڑ کے تمام پہلوؤں سے خاتمے اور پسپائی کو اولین ضرورت قرار دیتے ہوئے اعلان کیا کہ اس کا آخری مقصد ایٹمی ہتھیاروں کا مکمل خاتمہ ہے اس مقصد کے حصول کے لئے مسلسل کئی اقدامات تجویز کئے گئے ہیں۔ ان میں ایٹمی ہتھیاروں کی تباہی، ان کی تیاری پر پابندی ایٹمی ہتھیار بنانے کی صلاحیت میں کمی اور ایٹمی ہتھیاروں سے پاک علاقوں کے قیام کے اقدامات بھی شامل ہیں۔

۱۹- کیا کوئی ایسے معاہدے ہیں جن کا مقصد بطور خاص ایٹمی جنگ کی روک تھام ہے؟

۱۹۷۳ء میں امریکہ اور روس نے ایٹمی جنگ کی روک تھام کے ایک سمجھوتے پر دستخط کئے فریقین ایسے طریقے اختیار کرنے پر متفق ہو گئے جن سے دونوں کے تعلقات میں خطرناک حد تک بگاڑ پیدا کرنے والی صورتِ حال کی روک تھام کی جاسکے، فوجی محاذ آرائی سے احتراز کیا جاسکے اور اگر ان کے آپس کے تعلقات یا دوسرے ملکوں کے تعلقات ایٹمی جنگ کے خطرے کی حد تک خراب ہو جائیں تو فوری طور پر بات چیت شروع کی جاسکے۔

۲۰- حادثتاً ایٹمی جنگ ہو جانے کے خطرات کو روکنے کے لئے کیا اقدامات کئے گئے ہیں؟

حادثتاً یا مواصلاتی رابطوں میں خرابی کی وجہ سے جنگ شروع ہونے کے خطرات کا سدباب کرنے کے لئے کئے جانے والے اقدامات میں واشنگٹن اور ماسکو کے درمیان براہ راست مواصلاتی رابطے کا قیام بھی شامل ہے جو ہاٹ لائن کے نام سے مشہور ہے۔ ہاٹ لائن کے معاہدے پر ۱۹۶۳ء میں دستخط کئے گئے تھے۔ معاہدے میں دونوں دارالحکومتوں میں ایک ایک ٹیلی ٹائپ ٹرمینل اور ٹیلیگراف کی تار اور ریڈیو ٹیلی گراف کے ذریعے چلنے والے دو فل ٹائم ڈوپلیکس سرکٹوں کی گنجائش بھی رکھی گئی تھی۔ امریکہ اور روس کے درمیان براہ راست مواصلاتی رابطے کو بہتر بنانے کے لئے ۱۹۷۱ء میں جو معاہدہ کیا گیا اسی کے مجوزہ اقدامات میں خصوصی سیاروں کے مواصلاتی نظاموں کو استعمال کرنے والے مزید دو سرکٹوں کی گنجائش پیدا کی گئی ۱۹۸۴ء میں امریکہ اور روس نے ہاٹ لائن کا درجہ بڑھانے اور اُسے نقشوں، خاکوں اور تحریروں کی عکسی نقول کی تیز رفتار ترسیل کے نظام سے لیس کرنے کا فیصلہ کیا براہ راست مواصلاتی رابطے۔ روس اور فرانس اور روس اور برطانیہ کے درمیان بھی قائم ہو چکے ہیں۔

۲۱- کیا حادثے یا غلط فہمی کے خطرے کے سدباب کیلئے کوئی اور معاہدے بھی ہیں؟

۱۹۷۱ء میں روس اور امریکہ نے ایٹمی جنگ شروع ہونے کے خطرات کم کرنے کے اقدامات پر ایک معاہدے پر دستخط کئے۔ جو ایٹمی حادثات کا معاہدہ کہلایا۔ اس معاہدے کے تحت دونوں ملکوں نے ایٹمی ہتھیاروں کے حادثتاً یا غیر ذمے دارانہ استعمال کے خلاف فنی تحفظ کو بہتر بنانے کا عہد کیا ساتھ ہی دونوں نے کسی میزائل کے حادثتاً چل جانے کی فوری اطلاع ایک دوسرے کو دینے اور اس طرح چلنے والے اپنے میزائل کو خود ہی تباہ کردینے کا عہد کیا اس کے علاوہ معاہدے کے تحت ہر فریق اپنی قومی حدود کے باہر اور دوسرے فریق کی سمت میں میزائل کو تجرباتی طور پر چھوڑنے کی پہلے ہی اطلاع دینے کا پابند ہے ۱۹۷۹ء میں سالٹ دوئم معاہدے میں اس دفعہ کے دائرہ کار میں توسیع کرکے دو یا دو سے زیادہ میزائلوں کے چھوڑے جانے کو بھی شامل کر لیا گیا خواہ وہ قومی حدود کے اندر ہی چھوڑے جارہے ہوں۔ اسی طرح کے معاہدے ۱۹۷۶ء میں روس اور فرانس اور ۱۹۷۷ء میں روس اور برطانیہ کے درمیان بھی ہوئے۔

۲۲- کیا کسی ایٹمی تجربے پر پابندی لگائی گئی ہے؟

ایٹمی تجربات کا تعلق عام طور پر ایٹمی ہتھیاروں میں مزید نفاست یا مزید پھیلاؤ سے ہوتا ہے ۱۹۶۳ء میں ایٹمی تجربات پر جزوی پابندی کے معاہدے کے تحت فضا بیرونی خلاء اور پانی کے اندر ایٹمی تجربات کرنے کی ممانعت کردی گئی اس معاہدے کے لئے بات چیت، روس، امریکہ اور برطانیہ کے درمیان ہوئی اور یہ تینوں اور ایک سو آٹھ دوسرے ملک اس کی توثیق کرچکے ہیں معاہدے میں ایسے زیر زمین تجربات کی بھی ممانعت کردی گئی جن کے ریڈیائی اثرات تجربہ کرنے والے ملک کی سرحدوں کے باہر تک پہنچ جائیں۔ اس معاہدے پر عمل درآمد کی پڑتال، معائنے کے بغیر ہی قومی فنی ذرائع سے کی جاسکتی ہے اور اس کے ذریعے تمام فریق اس بات کے پابند ہیں کہ زیر زمین تجربات سمیت تمام تجربات کی ممانعت کے لئے ایک جامع سمجھوتے پر بات چیت جاری رکھی جائے۔ چین اور فرانس نے اس معاہدے پر دستخط نہیں کئے تمام ایٹمی ہتھیاروں کے تجربات کی ممانعت کی خاطر اقوام متحدہ کے اندر کوششیں، ابھی تک مختلف مسائل پر اختلافات کی بناء پر جن میں پڑتال کا مسئلہ بھی شامل ہے ناکام رہی ہیں۔ اس کے علاوہ ایٹمی تجربات پر پابندی سے متعلق ترجیحات پر اختلافات بھی موجود ہیں۔ تخفیف اسلحہ کانفرنس میں، جہاں اس وقت تمام تجربات کی ممانعت کا مسئلہ زیر بحث ہے۔ طرز عمل کا اختلاف بھی، ارکان کے درمیان ظاہر ہوا ہے اگرچہ بہت سے ملک یہ سمجھتے ہیں کہ کسی سمجھوتے پر پہنچنے کے لئے تمام متعلقہ معاملات پر بھرپور بحث و تمحیص ہو چکی ہے اور یہ بات چیت فوراً شروع ہو جانی چاہیئے تاہم بہت سے دوسرے ملکوں کے نزدیک بات چیت شروع کرنے سے پہلے ایٹمی تجربات پر پابندی سے متعلق تمام مسائل پر بحث و تمحیص کا ہونا ضروری ہے۔ امریکہ اپنے طور پر یہ سمجھتا ہے کہ ایٹمی تجربات پر جامع پابندی اصل میں اسلحہ کنٹرول کے طویل المیعاد مقاصد ہی کا ایک حصہ ہے۔ اس لئے اس کے خیال میں موجودہ حالات میں اس قسم کی پابندی سے ایٹمی ہتھیاروں کے خطرے کو کم کرنے یا ایٹمی توازن کے استحکام کو برقرار رکھنے میں کوئی مدد نہیں مل سکتی۔

۲۳- زیر زمین تجربات کو محدود کرنے کے لئے ۱۹۶۳ء کے بعد کیا کچھ کیا گیا ہے؟

۱۹۷۴ء میں امریکہ اور روس نے تھریشولڈ ٹیسٹ بین ٹریٹی (ٹی ٹی۔ بی ٹی) پر دستخط کئے جس کے تحت ایک سو پچاس کیلوٹن سے زیادہ کے اثرات والے تمام زیر زمین تجربات کی ممانعت کردی گئی۔ اس معاہدے کے تحت تجربات بعض جگہوں تک محدود ہیں اور اس میں ایسی فنی معلومات کے تبادلے کی گنجائش بھی موجود ہے جس سے آب و ہوا کی باہمی پڑتال آسان ہو جائے۔ ٹی ٹی بی ٹی کے تحت فریقین، تجربات پر جامع پابندی کے لئے بات چیت جاری رکھنے کے پابند ہیں۔ پرامن ایٹمی دھماکوں کے ۱۹۷۶ء کے معاہدے میں ایک سو پچاس کیلوٹن سے زیادہ کے کسی ایک تجربے اور پندرہ ہزار کیلوٹن سے زیادہ کے مجموعی سلسلہ تجربات کی ممانعت کی گئی ہے۔ اس قسم کے محدود تجربات کسی بھی زیر زمین جگہ پر کئے جاسکتے ہیں۔ بشرطیکہ اثرات کی حدود کی نگرانی کی جائے ابھی تک ان میں سے کسی بھی معاہدے کی توثیق نہیں کی گئی۔

۲۴- کیا ایٹمی تجربات جاری ہیں؟

۱۹۴۵ء سے ۱۹۶۳ء تک کے اٹھارہ برسوں میں ہر قسم کے ماحول میں مجموعی طور پر پانچ سو چھبیس تجربات کئے گئے ہیں۔ ان میں سے تین سو اکتیس امریکہ نے، ایک سو چونسٹھ روس نے، تیئس برطانیہ نے اور آٹھ فرانس نے کئے۔ تجربات پر جزوی معاہدے پر دستخط ہونے کے بعد ۱۹۸۲ء کے آخر تک کے بیس برسوں میں تقریباً ایک ہزار مزید ایٹمی تجربات کئے گئے ہیں معاہدے کے کسی بھی فریق نے ۱۹۶۳ء کے بعد سے فضا میں یا بیرونی خلاء میں یا زیر آب تجربے نہیں کئے۔ البتہ زیر زمین تجربے امریکہ نے (۴۹۰) روس نے (۳۶۳) اور برطانیہ نے (۱۳) کئے ہیں۔ ۱۹۷۴ء میں بھارت نے ایک زیر زمین ایٹمی دھماکہ کیا اور اس وقت سے یہی مؤقف اختیار کیا ہے کہ یہ دھماکہ صرف پرامن مقاصد کے لئے تھا۔

فرانس اور چین نے جو جزوی پابندی کے معاہدے میں شامل نہیں کئی تجربے کئے ہیں۔ فرانس نے جس نے پہلا تجربہ ۱۹۶۰ء میں کیا، ۱۹۶۳ء سے ۱۹۸۳ء کے آخر تک مزید ایک سو بارہ تجربے کئے۔ فضا میں تجربات ۱۹۷۴ء میں معطل کردیئے گئے تھے چین کا پہلا تجربہ ۱۹۶۴ء میں ہوا اور ۱۹۸۳ء کے آخر تک اس نے ستائیس تجربات کئے۔ فضا میں آخری تجربہ ۱۹۸۰ء میں کیا گیا۔

۲۶- ایٹمی ہتھیاروں کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے کیا کچھ کیا گیا ہے؟

ایٹمی ہتھیار نہ بنانے کے معاہدے (این۔ پی۔ ٹی) پر ۱۹۶۸ء میں دستخط کئے گئے اور ۱۹۸۳ء کے آخر تک ایک سو پچیس ملک اس میں شریک ہو گئے تھے۔ جن میں تین ایٹمی طاقتیں روس، امریکہ اور برطانیہ بھی شامل ہیں۔ معاہدے کی اصل دفعہ کی رُو سے معاہدے میں شریک ایٹمی طاقتیں ایٹم بم یا دوسرے ایٹمی ہتھیار کسی دوسرے ملک کو منتقل نہیں کریں گے۔ اور غیر ایٹمی ملک ایٹمی ہتھیار حاصل نہ کرنے یا تیار نہ کرنے کے پابند ہیں۔ اگرچہ معاہدے میں پرامن مقاصد کے لئے ایٹمی توانائی کی ترقی کے حق کو تحفظ دیا گیا ہے تاہم غیر ایٹمی ملک ایٹمی توانائی کی بین الاقوامی ایجنسی کے ساتھ بات چیت کے ذریعے طے شدہ تحفظات کے پابند ہیں۔ اس کے تحت ایٹمی طاقتیں بھی اس بات کی پابند ہیں کہ ایٹمی تخفیف اسلحہ کے لئے مؤثر اقدامات کی خاطر بات چیت جاری رکھیں فرانس نے معاہدے میں شریک نہ ہوتے ہوئے بھی اس کی دفعات کی پابندی کرنے کا اعلان کیا ہے چین نے مختلف اوقات پر این پی۔ ٹی کے بارے میں ناقدانہ رائے کا اظہار کیا ہے۔ اس کے نزدیک یہ معاہدہ بنیادی طور پر امتیازی نوعیت کا ہے۔

۲۷- کیا ایٹمی ہتھیاروں سے پاک علاقے قائم کرنے کے معاہدے موجود ہیں؟

۱۹۶۷ء میں لاطینی امریکہ میں ایٹمی ہتھیاروں کی ممانعت کا سمجھوتہ کیا گیا جو معاہدہ تلاٹیلولکو کے نام سے مشہور ہے۔ اس معاہدے کے تحت لاطینی امریکہ میں ایٹمی ہتھیاروں سے پاک علاقہ قائم کیا گیا۔ لاطینی امریکہ کے پچیس ملکوں نے جواب تک معاہدے میں پوری طرح شریک ہیں یہ عہد کیا ہے کہ وہ نہ تو ایٹمی تجربے کریں گے نہ خود ایٹمی ہتھیار حاصل کریں گے اور نہ کسی دوسری طاقت کو ایسا کرنے دیں گے۔ ساتھ ہی وہ کسی کو اپنے علاقوں میں ایٹمی ہتھیار رکھنے یا نصب کرنے کی اجازت بھی نہیں دیں گے۔ معاہدے کے پراٹوکول اوّل میں یہ کہا گیا ہے کہ معاہدے کی علاقائی حدود کے اندر بعض علاقوں کو کنٹرول کرنے والے ملک مثلاً فرانس، ہالینڈ، برطانیہ اور امریکہ ان علاقوں کو ایٹمی ہتھیاروں سے پاک علاقوں کا درجہ دینے پر متفق رہیں گے۔ جن کے لئے وہ قانونی یا حقیقی طور پر بین الاقوامی ذمے داری کے حامل ہیں اب پراٹوکول کی توثیق، ہالینڈ، برطانیہ اور امریکہ نے کردی ہے۔ فرانس نے اعلان کیا ہے کہ وہ مناسب وقت میں موزوں فیصلہ کرے گا۔ اس کے علاوہ پراٹوکول دوم کے تحت تمام ایٹمی طاقتیں اس بات کی پابند ہیں کہ وہ لاطینی امریکہ کے غیر ایٹمی علاقے کی حیثیت کا احترام کریں گی اور معاہدے کے شرکاء کے خلاف ایٹمی ہتھیار نہ استعمال کریں گی اور نہ استعمال کرنے کی دھمکی دیں گی۔ معاہدہ تلاٹیلولکو واحد معاہدہ ہے جس کے تحت دنیا کے ایک آباد علاقے کو غیر ایٹمی علاقہ قرار دیا گیا ہے

۲۸- کیا ایٹمی ہتھیاروں سے پاک علاقے قائم کرنے کے کوئی دوسرے معاہدے بھی ہیں؟

۱۹۵۹ء کے معاہدہ قطب جنوبی میں براعظم قطب جنوبی اور ساٹھ درجے عرض بلد کے جنوب کے علاقے کو غیر فوجی اور غیر ایٹمی علاقہ قرار دیا گیا ہے اور وہاں کسی قسم کے ایٹمی تجربات کرنے کی ممانعت کی گئی ہے ۱۹۶۷ء کے معاہدہ بیرونی خلاء میں بیرونی خلاء میں ایٹمی ہتھیار رکھنے اور چلانے کی ممانعت کی گئی ہے اور چاند اور دوسرے سماوی خطوں میں سرگرمیوں سے متعلق ۱۹۷۹ء کے معاہدے میں ان علاقوں کے بارے میں بھی ممانعت کی گئی ہے ۱۹۷۱ء کے تہہ سمندر کے سمجھوتے میں سمندر کی تہہ میں ایٹمی ہتھیار نصب کرنے کی ممانعت کی گئی ہے اس کے تحت اس قسم کے ہتھیاروں کے رکھنے، تجربے اور ذخیرہ کرنے کی ممانعت بھی کی گئی ہے۔ ان معاہدوں سے وہ علاقے یا فضائیں محدود ہو کر رہ گئی ہیں جن میں ایٹمی ہتھیاروں کے تجربے کئے جاسکتے ہیں۔ ایٹمی ہتھیار رکھے یا استعمال کئے جاسکتے ہیں۔ اس طرح انہیں بھی مزید غیر ایٹمی علاقے کہا جاسکتا ہے۔

۲۹- کیا ایٹمی ہتھیاروں سے پاک مزید علاقے تجویز کئے گئے ہیں؟

افریقی اتحاد کی تنظیم نے ۱۹۶۴ء میں افریقہ کو غیر ایٹمی علاقہ قرار دینے کا اعلان کیا۔ اس سلسلے میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے تمام ملکوں سے بار بار اپیل کی کہ وہ افریقہ کا ایٹمی ہتھیاروں سے پاک براعظم کی حیثیت سے احترام کریں وہ جنوبی افریقہ کی ایٹمی صلاحیت حاصل کرنے کی کوششوں کی مذمت کی گئی ہے۔ بلقان، وسطی یورپ، شمالی یورپ، بحیرۂ روم، مشرق وسطیٰ، جنوبی ایشیا اور جنوبی بحرالکاہل

کو بھی ایٹمی ہتھیاروں سے پاک علاقے قرار دینے کی تجاویز پیش کی گئی ہیں جہاں تک مشرق وسطیٰ کا تعلق ہے۔ جنرل اسمبلی کی اُن قراردادوں پر عام اتفاق رائے ظاہر کیا گیا ہے جن میں براہ راست متعلقہ ملکوں سے کہا گیا ہے کہ اس خطے میں بھی ایٹمی ہتھیاروں سے پاک علاقہ قائم کیا جائے۔

۳۰۔ سٹرٹیجک ہتھیاروں پر پابندی کے لئے کیا اقدامات کئے گئے ہیں ؟

۱۹۷۲ء کے اے بی۔ ایم معاہدے میں اے۔ بی میزائلوں کے لئے غیر محدود مقامات تنصیب کا انسداد کیا گیا۔ خاص طور پر یہ پابندی لگائی گئی ہے کہ صرف دو مقامات پر اے بی میزائل نصب کئے جاسکیں گے اور وہ بھی کسی ایک جگہ پر سَو سے زیادہ نہیں ہوں گے۔ ساتھ ہی فریقین روس اور امریکہ نے اپنے آپ کو اس بات کا پابند بھی کیا ہے کہ وہ گشتی: یعنی، فضائی یا خلائی اے۔ بی۔ ایم نظاموں کے نہ تجربے کریں گے اور نہ انہیں نصب کریں گے اس کے علاوہ معاہدے میں صرف قومی فنی ذرائع سے پڑتال اور عمل درآمد کے سلسلے میں پیدا ہونے والے ابہام یا شکوک پر غور کے لئے سٹینڈنگ مشاورتی کمیشن کے قیام کی گنجائش بھی رکھی گئی ہے ۱۹۷۴ء میں دونوں فریقوں نے ایک پراٹوکول پر دستخط کئے جس کے تحت ہر ملک میں اے بی میزائیل صرف ایک جگہ نصب کرنے کی پابندی لگا دی گئی ہے۔

۳۲۔ سٹرٹیجک جارحانہ ہتھیاروں پر پابندی کا عبوری سمجھوتہ کیا ہے ؟

۱۹۷۲ء کے اس معاہدے میں پانچ سال کے لئے روس اور امریکہ کے سٹرٹیجک لانچرز کی تعداد پر زیادہ جامع معاہدہ ہونے تک پابندی لگا دی گئی تھی۔ پانچ سال کی اس مدت کے خاتمے پر ستمبر ۱۹۷۷ء میں دونوں فریقوں نے اس مفہوم کا اعلان کیا کہ عبوری معاہدے کی دفعات کے تحت فریقین مزید فکسڈ لینڈ بیسڈ آئی۔ سی۔ بی میزائلوں کی تعمیر شروع نہیں کریں گے اور ہلکے آئی سی۔ بی میزائیلوں کے لانچروں کو بھاری آئی۔ سی۔ بی میزائیلوں میں منتقل نہیں کریں گے۔ معاہدے میں آبدوزوں سے چھوڑے جانے والے بیلسٹک میزائیلوں (ایس ایل بی۔ ایم) کی تعداد بھی روس کی جدید آبدوزوں کے لئے جو باسٹھ سے زیادہ نہ ہو ۹۵۰ تک محدود کر دی گئی اور امریکہ کی جدید آبدوزوں کے لئے جو چوالیس سے زیادہ نہ ہوں ۷۱۰ تک محدود کر دی گئی۔

۳۳۔ سالٹ دوم معاہدہ کیا ہے ؟

سالٹ دوم کے لئے بات چیت کا آغاز ۱۹۷۲ء میں ہوا اور اس کا نتیجہ سٹرٹیجک جارحانہ ہتھیاروں پر پابندی کے معاہدے کی صورت میں نکلا۔ سالٹ دوم کے لئے بنیادی دائرہ کار کی بات چیت سب سے پہلے ۱۹۷۴ء میں روس اور امریکہ کے درمیان ولاڈی واسٹک میں شروع ہوئی۔ پھر ۱۹۷۹ء میں وی آنا میں معاہدے پر دستخط کئے گئے۔ اس کے تحت یہ طے پایا کہ ہر ایک فریق اپنی سٹرٹیجک ڈیلیوری وہیکلز کی تعداد ابتداء میں کم کر کے دو ہزار چار سو (۲۴۰۰) اور پھر ۱۹۸۱ء تک دو ہزار دو سو پچاس کر دے۔ معاہدے نے ایم آئی آر۔ ویڈ بیلسٹک میزائیلوں کے لانچروں کی اور لانگ رینج کروز میزائلوں والے بھاری بمباروں کی مجموعی تعداد کی مساوی حد ایک ہزار تین سو تیس (۱۳۳۰) مقرر کی (یہ لانچر آزادانہ طور پر کئی نشانوں پر پہنچنے والی ری انٹری وہیکلز سے لیس ہیں) معاہدے میں مزید پابندی ایم۔ آئی۔ آر۔ ویڈ بیلسٹک میزائیلوں کی تعداد پر لگائی گئی اور ایک ہزار دو سو تک محدود کر دی گئی اس تعداد میں بھی انٹر کانٹی نینٹل بیلسٹک میزائیل صرف ۸۲۰ تھے۔ ایم۔ آئی۔ آر۔ ویڈ آئی۔ سی۔ بی میزائیلوں کو بھی دس وار ہیڈ فی میزائیل اور ایس۔ ایل۔ بی۔ میزائیلوں کو چودہ (۱۴) فی میزائیل اور بھاری بمباروں کو اوسطاً اٹھائیس کروز میزائیلوں تک محدود کر دیا گیا۔ یہ معاہدہ ۱۹۸۵ء تک نافذ العمل رہنا تھا معاہدے کے ایک پراٹوکول کے تحت گشتی آئی۔ سی۔ بی میزائیلوں چھ سو کیلومیٹر سے زیادہ تک مار کے زمینی اور بحری کروز میزائیلوں اور زمین سے فضا میں مار کرنے والے بیلسٹک میزائیلوں پر اکتیس دسمبر ۱۹۸۱ء تک پابندی لگا دی گئی۔

۳۴۔ سالٹ دوم میں اور کون سے معاہدے ہوئے ؟

فریقین، روس اور امریکہ، ایک مشترکہ بیان اصول میں، ایک ایسی مستحکم حکمت عملی اختیار کرنے پر متفق ہو گئے جس کے ذریعے سب سے زیادہ عدم استحکام کا باعث بننے والے سٹرٹیجک جارحانہ ہتھیاروں پر پابندی لگائی جا سکے اچانک حملے کے خطرے کا سدباب کیا جا سکے۔ سٹرٹیجک جارحانہ ہتھیاروں کی تعداد میں نمایاں کمی کی جا سکے اور ان ہتھیاروں کے معیار میں اضافے کی روک تھام کی جا سکے انہوں نے اعداد و شمار کی بنیاد پر ایک معاہدے پر بھی دستخط کئے۔ جس میں دونوں فریقوں نے اپنے اپنے جارحانہ ہتھیاروں کی جون ۱۹۷۹ء کی فہرست بیان کی۔

۳۵۔ اعداد و شمار کی کون سی بنیاد پر اتفاق ہوا؟

اعداد و شمار پر مبنی معاہدے کو اولین اور حال ہی میں ہونے والے ایک ایسے جامع بیان کا درجہ حاصل ہے جو روس اور امریکہ نے اپنے اپنے سٹرٹیجک جارحانہ ہتھیاروں کے بارے میں جاری کیا۔ تفصیل حسب ذیل ہے۔

	امریکہ	روس
آئی۔ سی۔ بی میزائیلوں کے لانچر	۱۰۵۴	۱۳۹۸
آئی۔ سی۔ بی میزائیلوں کے فکسڈ لانچر	۱۰۵۴	۱۳۹۸
ایم۔ آئی آر۔ وہیکلز سے لیس آئی سی بی میزائیلوں کے لانچر	۵۵۰	۶۰۸
ایس۔ ایل۔ بی میزائیلوں کے لانچر	۶۵۶	۹۵۰
ایم آئی آر وہیکلز سے لیس۔ ایس ایل بی میزائیلوں کے لانچر	۴۹۶	۱۴۴
بھاری بمبار	۵۷۳	۱۵۶
چھ سو کیلومیٹر سے زیادہ کی صلاحیت والے کروز میزائیلوں سے لیس بھاری بمبار	۳	۰
اے ایس بی میزائیل (زمین سے فضا میں مار کرنے والے میزائیل)	۰	۰

سالٹ دوم پر بات چیت میں، امریکہ کا استدلال یہ تھا کہ روسی بمبار ٹی۔ یو۔ ۲۲ ایم (جو بیک فائر کے نام سے مشہور ہے) بھی انٹر کانٹی نینٹل سٹرٹیجک ہتھیار ہے۔ روس کا دعویٰ یہ تھا کہ یہ ہوائی جہاز ایک میڈیم رینج بمبار ہے اور صدر برزنیف کی طرف سے صدر کارٹر کو دیئے جانے والے ایک بیان میں یہ وعدہ کیا گیا تھا کہ ان طیارے کو امریکہ میں نشانوں پر حملہ کرنے کی صلاحیت سے لیس نہیں کیا جائے گا۔ امریکہ نے یہ واضح کر دیا کہ وہ سالٹ دوم معاہدے میں اس بیان میں شامل وعدے کی بنیاد پر شامل ہو رہا ہے

۳۶۔ سالٹ دوم معاہدے کی حیثیت کیا ہے ؟

اگرچہ سالٹ دوم معاہدے کی ابھی تک توثیق نہیں ہوئی جس کی ایک وجہ بگڑتی ہوئی بین الاقوامی صورت حال بھی ہے تاہم روس اور امریکہ دونوں یکطرفہ طور پر اعلان کر چکے ہیں کہ وہ اس وقت تک اس معاہدے کی دفعات کی پابندی کرتے رہیں جب تک دوسرا فریق بھی ایسا کرتا رہے گا۔ جنرل اسمبلی اس مفہوم کی کئی قراردادیں منظور کر چکی ہے کہ سالٹ دوم معاہدے کو نافذ العمل کیا جائے۔

۳۷۔ سالٹ کے عمل کے نتیجے کی صورت میں کیا کچھ ہوا ہے؟

روس اور امریکہ نے جون ۱۹۸۲ء میں سٹرٹیجک ایٹمی ہتھیاروں کے نظام کے بارے میں بات چیت کا ایک نیا دور شروع کیا۔ جسے روس نے سٹرٹیجک ہتھیاروں پر پابندی اور کمی کی بات چیت کا نام اور امریکہ نے سٹرٹیجک ہتھیاروں میں کمی (سٹارٹ) کی بات چیت کا نام دیا۔ بات چیت کے پانچ اجلاس ہوئے بہر حال اُن میں کوئی نمایاں پیش رفت نہ ہو سکی اس کی وجہ فریقین کے درمیان مختلف قسم کے اختلافات تھے نومبر ۱۹۸۱ء میں روس اور امریکہ نے ایٹمی ہتھیاروں پر بات چیت شروع کی جسے روس نے یورپ میں ایٹمی ہتھیاروں پر پابندی کی بات چیت کا نام اور امریکہ نے انٹرمیڈیٹ رینج نیوکلئر فورسز (آئی۔ این۔ ایف) کی بات چیت کا نام دیا ہے یورپی علاقے میں اس قسم کے مزید ہتھیاروں کو نصب کرنے کے سوال پر روس اور امریکہ میں اختلافات کی بنیاد پر یہ بات چیت دسمبر ۱۹۸۳ء میں روک دی گئی اور یہ فیصلہ کیا گیا کہ سٹرٹیجک ایٹمی ہتھیاروں کے نظاموں پر آئندہ بات چیت کی تاریخ مقرر نہ کی جائے۔

سات اور آٹھ جنوری ۱۹۸۵ء کو روسی وزیر خارجہ اے۔ گرومیکو اور امریکی وزیر خارجہ، جی شلٹز نے دونوں ملکوں کے درمیان نئی باہمی بات چیت کی شکل اور مقاصد پر تبادلۂ خیال کے لئے جنیوا میں ملاقات کی نئی بات چیت ایٹمی اور بیرونی خلائی ہتھیاروں سے متعلق تمام سوالوں کے وسیع دائرے پر مرکوز ہوگی۔

۳۸۔ کیا غیر ایٹمی ملکوں کو سلامتی کی کوئی یقین دہانی کرائی گئی ہے ؟

ایٹمی ہتھیار نہ بنانے کے معاہدے کے دائرۂ کار کے اندر سلامتی کونسل نے انیس (۱۹) جون ۱۹۶۸ء کو روس، برطانیہ اور امریکہ کی پیش کردہ قرارداد، سلامتی کی ضمانتوں سے متعلق منظور کی اس قرارداد کے ذریعے سلامتی کونسل نے یہ تسلیم کیا کہ کسی غیر ایٹمی ملک کے خلاف، ایٹمی ہتھیاروں سے جارحیت یا دھمکی کی صورت میں کونسل کو فوری کارروائی کرنی ہو گی اور سب سے بڑھ کر اس کے مستقل رکن ملک یعنی ایٹمی طاقتوں کو حرکت میں آنا ہو گا۔ غیر ایٹمی ملکوں نے ان یقین دہانیوں کا خیر مقدم تو کیا وہ انہیں مکمل ضمانت تصور نہیں کرتے اور بار بار یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ غیر ایٹمی ملکوں کو ایٹمی ہتھیاروں سے حملے یا حملے کی دھمکی کے خلاف تحفظ کے لئے مؤثر بین الاقوامی انتظامات کئے جائیں۔ اس وقت تخفیف اسلحہ کانفرنس اس مسئلے پر غور کر رہی ہے۔

۳۹۔ ایٹمی ہتھیاروں کی پیداوار کو روکنے کے لئے دوسری کیا کوششیں کی گئی ہیں ؟

۱۹۸۴ء میں جنرل اسمبلی نے ایٹمی ہتھیاروں کی پیداوار کو روک دینے کے مطالبے پر مشتمل تین قراردادیں منظور کیں۔ ایک قرارداد میں تمام ایٹمی طاقتوں پر زور دیا گیا ہے کہ وہ ایٹمی ہتھیاروں کو منجمد کر دینے پر متفق ہو جائیں۔ قرارداد میں ایٹمی ہتھیاروں کے ذخیروں میں بات چیت کے ذریعے کمی کی لازمی ضرورت کی نشاندہی بھی کی گئی ہے۔ دوسری قرارداد میں روس اور امریکہ سے مطالبہ کیا گیا کہ وُہ دونوں بڑی ایٹمی طاقتوں کی حیثیت سے ایک ساتھ جاری ہونے والے ایک طرفہ یا مشترکہ بیان کے ذریعے ایٹمی ہتھیاروں کو فوری طور پر منجمد کرنے کا اعلان کریں۔ قرارداد میں یہ تجویز کیا گیا ہے کہ اس کارروائی کے ساتھ ایٹمی ہتھیاروں کے تجربات اور ڈیلیوری وہیکلز پر مکمل پابندی، انکی پیداوار کے خاتمے انکی مزید تنصیب کی ممانعت اور ہتھیار بنانے کی خاطر قابل افزودگی مواد کی پیداوار مکمل طور پر بند کرنے کے اقدامات کئے جائیں۔ تیسری قرارداد میں دونوں بڑی طاقتوں پر جن کے پاس سب سے بڑے ایٹمی اسلحہ خانے ہیں زور دیا گیا ہے کہ وہ باہمی بنیاد پر اپنے اپنے ایٹمی ہتھیاروں کو فوری طور پر منجمد کر کے دوسری ایٹمی طاقتوں کے لئے مثال قائم کریں۔ بہر حال بہت سے ملکوں کے نزدیک منجمد کرنے کا تصور درست نہیں۔ اس لئے کہ اس سے سٹرٹیجک توازن میں پیچیدگیاں باقی رہیں گی اور اس سے پڑتال کے سنگین مسائل پیدا ہو جائیں گے۔

۴۰۔ خاص نوعیت کے ہتھیاروں پر پابندی کے لیے کیا کوششیں کی گئی ہیں ؟

جنرل اسمبلی نے تخفیف اسلحہ کانفرنس سے یہ مطالبہ کیا ہے کہ وہ دوسرے مسائل کے علاوہ ایک معاہدے پر بھی سوچ بچار کرے جس کے تحت ریڈیائی اثرات والے یا ریڈیولاجیکل ہتھیاروں کی تیاری، تنصیب، ذخیرہ اندوزی اور استعمال کی ممانعت کر دی جائے۔ اگرچہ ایسی کوئی اطلاع نہیں کہ اس قسم کے ہتھیار بنائے گئے ہیں، بین الاقوامی برادری کا مفاد اسی میں ہے کہ ان کی ممانعت کر دی جائے اس لئے کہ یہ بنائے جانے سے پہلے ہی وسیع پیمانے پر تباہی کے ہتھیار ثابت ہو سکتے ہیں۔

۴۱۔ کیمیائی اور جراثیمی ہتھیاروں کے استعمال پر کب پابندی لگائی گئی تھی؟

۱۹۲۵ء کے جنیوا پراٹوکول میں زہریلی گیسوں اور جراثیمی حربوں کو جنگوں میں بطور جنگی ہتھیار استعمال کرنے کی ممانعت کی گئی ہے۔ اس پراٹوکول کے ذریعے کیمیائی ہتھیاروں کی ممانعت کے سابقہ معاہدوں کی توثیق کی گئی ہے اور جراثیمی ہتھیاروں کو بھی پابندی کے دائرے میں شامل کر لیا گیا ہے۔ اس میں ان ہتھیاروں کی تیاری، پیداوار یا ذخیرہ اندوزی کی ممانعت نہیں کی گئی۔ اب اس پراٹوکول کے شرکاء کی تعداد کم و بیش سو ہے۔ بہت سے فریق یہ حق رکھتے ہیں کہ ان کے خلاف ایسے ہتھیار استعمال ہونے کی صورت میں وہ بھی جوابی کارروائی کریں گے۔

۴۲۔ جراثیمی ہتھیاروں کی پیداوار کی ممانعت کے لئے کیا کچھ کیا گیا ہے ؟

۱۹۷۲ء میں جراثیمی اور زہریلے ہتھیاروں کی تیاری، پیداوار اور ذخیرہ اندوزی کی ممانعت اور ان ہتھیاروں کی تباہی کے کنونشن پر دستخط کئے گئے یہ کنونشن تخفیف اسلحہ کی کمیٹی نے تیار کیا اور اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے اس کی توثیق کی۔ کنونشن کے ذریعے جو جراثیمی ہتھیاروں کے کنونشن کے نام سے مشہور ہے ۱۹۲۵ء کے جنیوا پراٹوکول میں جراثیمی ہتھیاروں کے استعمال پر لگائی گئی پابندی کے علاوہ ان ہتھیاروں کی تیاری، پیداوار اور ذخیرہ اندوزی کی ممانعت کے ساتھ موجودہ ذخیرے کی تباہی بھی شامل ہے۔ اس طرح اس کنونشن سے ان ہتھیاروں کے مکمل خاتمے کی گنجائش نکلتی ہے۔ اس سلسلے میں کسی بھی پیدا ہونے والے مسئلے کو فریقین ایک دوسرے کے تعاون سے حل کر سکتے ہیں۔ ذمہ داریوں سے انحراف یا خلاف ورزی کی شکایت سلامتی کونسل کو کی جائے گی اور فریقین کونسل کی طرف سے کی جانے والی تحقیقات سے تعاون کریں گے۔ یہ کنونشن لامحدود مدت کے لیے ہے اور اس میں شرکاء کو جن کی تعداد ۱۹۸۴ء تک اٹھانوے تھی اس بات کا پابند کیا گیا ہے کہ وہ کیمیائی ہتھیاروں پر بھی اسی قسم کی پابندی کے لئے بات چیت جاری رکھیں گے۔

۴۳۔ کیمیائی ہتھیاروں پر مکمل پابندی کے لئے کیا کوشش کی گئی ہے؟

جنیوا کی تخفیف اسلحہ کانفرنس کیمیائی ہتھیاروں کے بارے میں ایک ایسے کنونشن کے مسودے کی تیاری کے لئے بات چیت کرتی رہی ہے جس میں جراثیمی ہتھیاروں کی طرح کیمیائی ہتھیاروں کی تیاری، پیداوار اور ذخیرہ اندوزی کی ممانعت اور ان کی تباہی کی گنجائش رکھی جا سکے۔ ان کوششوں میں رویوں کے اختلافات کی وجہ سے رکاوٹ پیدا ہوئی ہے۔ اختلافی مسائل میں پڑتال کا طریق کار بھی شامل ہے۔ اس بات چیت کی طوالت کے پیش نظر اقوام متحدہ کی طرف سے بار بار یہ مطالبہ کیا گیا ہے کہ کیمیائی ہتھیاروں سے متعلق کنونشن جلد سے جلد مکمل کیا جائے۔

۴۴۔ روایتی ہتھیاروں میں کمی کے لئے کیا کوششیں ہو رہی ہیں؟

۱۹۷۳ء سے معاہدۂ شمالی اوقیانوس اور معاہدہ وارسا کے ملکوں کے اجلاس وی آنا میں افواج اور ہتھیاروں میں باہمی کمی اور وسطی یورپ میں متعلقہ اقدامات (جو فوجوں میں باہمی اور متوازن کمی کی بات چیت کے نام سے بھی مشہور ہے) کے دائرہ کار کے اندر ہوتے رہے ہیں۔ اس بات چیت کا مقصد وسطی یورپ میں متعین فوجوں اور نصب کئے گئے ہتھیاروں میں کمی کرنا ہے۔ عام الفاظ میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ اگرچہ متعین کی جانے والی فوجوں کی زیادہ سے زیادہ [illegible] وسیع البنیاد اتفاق موجود ہے تاہم اس وقت دستیاب تعداد کے بارے میں فریقین کے درمیان اختلافات برقرار ہیں۔ نتیجہ یہ کہ کوئی نمایاں پیش رفت ابھی تک نہیں ہو سکی۔

۴۵۔ فوجی اخراجات میں کمی کے لئے کیا کیا جا رہا ہے؟

کئی سال سے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی فوجی اخراجات میں کمی کے مسئلے سے نبرد آزما ہے۔ بجٹ اخراجات کا اسی فیصد روایتی ہتھیاروں اور مسلح افواج کی نذر ہو جاتا ہے۔ اس قسم کے اخراجات معلوم کرنے میں تمام ملکوں کے بارے میں متعلقہ اطلاعات اور ان کے تقابل کے بارے میں رویوں کے نمایاں اختلافات بڑی رکاوٹ بنے ہوئے ہیں۔

۴۶۔ روایتی ہتھیاروں کے استعمال میں باقاعدگی لانے کے لئے حال ہی میں کون سے معاہدے کی کوشش کی گئی ہے؟

۱۹۸۰ء میں اقوام متحدہ کی ایک کانفرنس میں ایسے ہتھیاروں میں کمی یا ان کے استعمال کی ممانعت کے ایک کنونشن پر اتفاق ہو گیا جو انتہائی نقصان دہ یا بری طرح متاثر کرنے والے ہتھیار گنے جاتے ہوں (یہ غیر انسانی ہتھیاروں کا کنونشن کہلایا) کنونشن اور اس کے تین پراٹوکول ایسے اصولوں کا تعین کرتے ہیں جو فوجی حملے کے تحفظ اور خاص طور پر شہریوں اور شہری املاک کے تحفظ کے لئے ضروری ہیں۔ اس کے ذریعے بطور خاص ظالمانہ اور غیر انسانی روایتی ہتھیاروں کے استعمال کی ممانعت کی گئی ہے۔ مثلاً وہ ہتھیار جن کے ٹکڑے انسانی جسم میں اس طرح رہ جاتے ہیں کہ ایکسرے سے بھی نظر نہیں آتے۔ آگ لگانے والے بم بارودی سرنگیں اور کھلونا نما بم۔

۴۷۔ بیرونی خلا میں فوجی سرگرمیوں سے کیا خطرات پیدا ہو سکتے ہیں؟

بیرونی خلا کے ۱۹۶۷ء کے معاہدے میں بیرونی خلا میں ایٹمی ہتھیار چھوڑنے یا نصب کرنے کی ممانعت کی گئی ہے۔ بہر حال اس معاہدے کے تحت اس قسم کے ہتھیاروں کی بیرونی خلاء میں آمد و رفت پر کوئی پابندی نہیں لگائی گئی اور نہ اس کے ذریعے مصنوعی سیارہ شکن ہتھیاروں کی تیاری کے سوال پر پوری توجہ دی گئی ہے (یہ ہتھیار رایسات کے نام سے مشہور ہیں) تخفیف اسلحہ کے پہلے خصوصی اجلاس کی ۱۹۷۸ء کی قطعی دستاویز میں جنرل اسمبلی نے معاہدۂ بیرونی خلاء کی روح کے مطابق بیرونی خلا میں ہتھیاروں کی دوڑ کی روک تھام کے لئے مزید اقدامات کرنے کا مطالبہ کیا۔ اس کے بعد سے جنرل اسمبلی میں ایسی تحریکیں ہوئی ہیں کہ کسی بھی قسم کے ہتھیاروں کے خلاء میں ٹھہرنے یا گھومنے کی ممانعت کر دی جائے اور کئی قرار دادوں میں تخفیف اسلحہ کانفرنس سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ فضا میں اسلحہ کی دوڑ کو روکنے کی غرض سے مؤثر اور قابل پڑتال معاہدوں کے لئے بات چیت کی جائے۔ جنرل اسمبلی نے ۱۹۸۲ء میں تخفیف اسلحہ کانفرنس سے اپنی کوششیں تیز کرنے اور بیرونی خلاء میں تمام پہلوؤں سے دوڑ کو روکنے کی بات چیت کے لئے ایک ورکنگ گروپ قائم کرنے کو کہا۔ تاہم کانفرنس ۱۹۸۳ء کے اجلاس میں ذیلی ادارے کے لئے کسی مناسب ہدایت پر کوئی اتفاق رائے نہ ہو سکا۔

۴۸۔ بیلسٹک میزائیل ڈیفنس کے بارے میں کیا کچھ ہوا ہے؟

سائنسدانوں اور پالیسی سازوں نے حال ہی میں یہ خیال پیش کیا ہے کہ ابھرتی ہوئی خلائی ٹیکنالوجیوں کو جن میں لیزرز اور پارٹیکل بیم ڈیوائیسز بھی شامل ہیں ترقی دے کر ایک مؤثر بیلسٹک میزائیل ڈیفنس (بی ایم ڈی) سسٹم تیار کیا جا سکتا ہے۔ یہ سسٹم اس قابل ہو سکتا ہے کہ میزائیلوں کو چھوڑے جانے کے فوراً بعد ان کے اوپر جانے کے مرحلے میں، پرواز کے عین وسط میں، ہتھیاروں سمیت اور اپنے نشانہ پر پہنچنے کے لئے فضا میں دوبارہ داخلے کے وقت تباہ کر سکے۔ بی۔ ایم۔ ڈی کا تصور پیش کرنے والوں کا استدلال یہ ہے کہ اس قسم کے نظام کے قائم ہو جانے سے سابق فوجی تصورات میں نمایاں تبدیلی آ سکتی ہے۔ خاص طور پر اس کا مطلب یہ ہوگا کہ وسیع پیمانے پر جوابی کارروائی (یقینی باہمی تباہی یا ایم۔ اے۔ ڈی) کو ترک کر دیا جائے اور اس کی جگہ واضح ایٹمی حملے کے خلاف کارگر دفاعی ہتھیاروں پر اعتماد کیا جائے۔ بی۔ ایم۔ ڈی کے مخالفین دفاعی نظام کے عدم استحکام کے اثرات کی باتیں کرتے ہیں۔ وہ اس حقیقت کی نشاندہی کرتے ہیں کہ ابھی بہت سے ٹیکنالوجیکل مسائل ہیں اور آرمز کنٹرول کے موجودہ معاہدوں مثلاً ۱۹۷۲ء کے معاہدۂ اے۔بی۔ایم ۱۹۶۷ء کے معاہدۂ بیرونی خلاء اور ۱۹۶۳ء کے تجربات پر جزوی پابندی کے معاہدے کی موجودگی میں اس قسم کے نظام کی آزمائش یا تنصیب کی راہ میں کئی مشکلات پیدا ہو جائیں گی۔ اس کے علاوہ وہ سمجھتے ہیں کہ خلائی ہتھیاروں کے لئے مصنوعی سیارہ شکن ہتھیاروں کی تیاری سے نیا چیلنج پیدا ہو جائے گا۔

۴۹۔ مخالف ماحولی تبدیلیوں پر پابندی کے لئے کیا گیا ہے؟

سائنس اور ٹیکنالوجی کی ترقی نے ماحول اور خاص طور پر فوجی مقاصد کے لئے موسم اور آب و ہوا میں تبدیلیوں کو ممکن بنا دیا ہے۔ جینوا میں تخفیف اسلحہ کمیٹی کی کانفرنس میں فوجی یا کوئی بھی دوسری مخالف ماحولی تبدیلی کی تکنیک کے استعمال پر پابندی کا کنونشن تیار کیا گیا۔ جسے ۱۹۷۷ء میں دستخطوں کے لئے کھول دیا گیا۔ ای این ایم او ڈی کنونشن کے نام سے شرکاء سے کہا گیا ہے کہ وہ فوجی یا دوسری مخالف ماحولی تبدیلیوں کی ایسی تکنیک کو استعمال نہ کریں۔ جس کے وسیع اور دیر پا یا شدید اثرات ہوں اور وہ کسی دوسرے شریک ملک کی تباہی یا نقصان کا باعث بن جائیں۔ مثلاً کنونشن نے ایسی تکنیک کے استعمال کی ممانعت کی ہے جو موسمی انداز میں شدید تبدیلی پیدا کر دے یا زلزلوں، طوفانی لہروں یا سمندری لہروں کا رخ موڑنے کا باعث بن جائے۔ اس میں ایسے اقدام کی بھی ممانعت کی گئی ہے جن سے زمین کو تحفظ دینے والی بالائی سطح کمزور ہو جائے۔ بالائی ماحول کو تہہ و بالا کر دے یا کسی علاقے میں پودوں کی نشو و نما کو درہم برہم کر دے۔ ای۔ این۔ ایم او ڈی کنونشن کے شرکاء کی ایک جائزہ کانفرنس ۱۹۸۴ء میں ہوئی۔ کانفرنس کی آخری دستاویز میں جو اتفاق رائے سے منظور کی گئی یہ بیان کیا گیا ہے کہ معاہدے کی تمام دفعات کا اب تک پوری طرح احترام کیا گیا ہے اور ایک بار پھر بنی نوع انسان کے لئے کنونشن کی اہمیت پر زور دیا گیا ہے جس کے ذریعے ماحولی تبدیلیوں کی تکنیک کو بطور جنگی حربہ استعمال کرنے کی ممانعت کی گئی ہے۔

۵۳۔ تخفیف اسلحہ کا جامع پروگرام کیا ہے؟

تخفیف اسلحہ کے بارے میں ۱۹۷۸ء کے خصوصی اجلاس کی قطعی دستاویز میں تخفیف اسلحہ کانفرنس سے کہا گیا کہ تخفیف اسلحہ کانفرنس کا ایک ایسا جامع پروگرام بنائے جس سے مؤثر بین الاقوامی کنٹرول میں عام اور مکمل تخفیف اسلحہ کا مقصد ایک حقیقت بن جائے۔ کانفرنس میں مختلف تجاویز کا جائزہ لیا گیا اگرچہ تمام فریق کسی ایک قابل قبول متن پر متفق نہ ہو سکے تاہم ایک قابل غور متن تخفیف اسلحہ سے متعلق ۱۹۸۲ء کے خصوصی اجلاس میں پیش کیا گیا۔ اجلاس میں مختلف رویوں میں ہم آہنگی نہ پیدا کی جا سکی۔ اور پروگرام کا مسودہ

مزید غور کے لئے تخفیف اسلحہ کانفرنس کو بھیج دیا گیا۔ ۱۹۸۳ء میں کانفرنس جنرل اسمبلی کو ایک [illegible] مختصر پروگرام ارسال کرنے میں کامیاب ہو گئی۔ اسمبلی نے کانفرنس سے کہا کہ وہ ایک جامع پروگرام کی تیاری کا کام جاری رکھے اور ۱۹۸۶ء تک مکمل مسودہ پیش کر دے۔ کانفرنس اپنے ۱۹۸۴ء کے اجلاس میں اس مسئلے پر کوئی پیش رفت حاصل کر سکی۔

۵۴۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی تخفیف اسلحہ کے لئے کیا کرتی ہے۔

تخفیف اسلحہ کے میدان میں جنرل اسمبلی اقوام متحدہ کا بڑا عامل ادارہ ہے اور اسے یہ ذمہ داری سونپی گئی ہے کہ وہ بین الاقوامی سلامتی اور تخفیف اسلحہ کے تمام مسائل پر غور کرے اور سفارشات پیش کرے حالیہ برسوں میں جنرل اسمبلی نے تخفیف اسلحہ پر ساٹھ سے زیادہ قرار دادیں فی سال کے حساب سے منظور کی ہیں۔ جنرل اسمبلی کی اول کمیٹی، تمام رکن ملکوں کے نمائندوں پر مشتمل ہے اور تخفیف اسلحہ پر ۱۹۷۸ء کے خصوصی اجلاس کے بعد سے یہ کمیٹی تخفیف اسلحہ اور بین الاقوامی سلامتی سے متعلقہ دوسرے مسائل پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ اس کے فیصلے موجود ارکان کے ووٹوں کی اکثریت سے کئے جاتے ہیں اور یہ فیصلے قرار دادوں کے مسودوں کی صورت میں غور اور منظوری کے لئے، اسمبلی کے پورے اجلاس میں پیش کر دیئے جاتے ہیں اول کمیٹی کے فرائض میں ان فیصلوں اور سفارشات پر عمل درآمد کرانا بھی شامل ہے جو تخفیف اسلحہ کے لئے مخصوص جنرل اسمبلی کے دو خصوصی اجلاسوں میں کئے گئے۔ اس کے علاوہ ایٹمی جنگ کی روک تھام ایٹمی تجربات پر جامع پابندی۔ ایٹمی ہتھیاروں کا انجماد، ایٹمی ہتھیاروں سے پاک علاقوں کا قیام، فوجی اخراجات میں کمی، کیمیائی اور حیاتیاتی ہتھیاروں، بیرونی خلاء میں اسلحہ کی دوڑ کی روک تھام اور ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال یا استعمال کی دھمکی کے خلاف غیر ایٹمی ملکوں کی سلامتی کے استحکام کے لئے بین الاقوامی کنونشن کی تیاری جیسے مسائل بھی کمیٹی کے سپرد ہیں۔

۵۵۔ کیا تخفیف اسلحہ کا کام کرنے والے کوئی اور عامل ادارے بھی ہیں؟

جس وقت جنرل اسمبلی کا اجلاس نہ ہو رہا ہو اس وقت، اقوام متحدہ کا تخفیف اسلحہ کمیشن، تخفیف اسلحہ کے مسائل پر بحث و تمحیص کا موقع مہیا کرتا ہے۔ عام طور پر اس کے اجلاس نیویارک میں مئی یا جون میں اندازاً چار ماہ تک ہوتے ہیں تخفیف اسلحہ کمیشن، جنرل اسمبلی کے قواعد کار کے تحت کام کرتا ہے اور وہ اس مفہوم کی یقین دہانی کے لئے پوری کوششیں کرنے پر متفق ہو چکا ہے کہ ہر ممکن حد تک، اہم مسائل پر فیصلے زیادہ سے زیادہ اتفاق رائے سے کئے جائیں گے۔ یہ کمیشن ۱۹۷۸ء میں دوسری مرتبہ قائم کیا گیا تھا اس کے ایجنڈے میں تخفیف اسلحہ کے ایک جامع پروگرام کے عناصر، ایٹمی تخفیف اسلحہ، تخفیف اسلحہ اور ترقی کے درمیان تعلق، روایتی ہتھیاروں کے بارے میں ایک جامع مطالعہ کے راہنما خطوط، اعتماد سازی کے اقدامات کے راہنما خطوط فوجی اخراجات کی کمی کا مجموعی مسئلہ اور جنوبی افریقہ کی ایٹمی صلاحیت کے مسائل شامل ہیں۔

۵۶۔ تخفیف اسلحہ سے متعلق اقوام متحدہ کے اور کونسے ادارے ہیں؟

اس وقت جنرل اسمبلی کی جو مختلف کمیٹیاں اور ورکنگ گروپ اس مسئلے پر کام کر رہے ہیں ان میں تخفیف اسلحہ کانفرنس کی ایڈہاک کمیٹی، بحر ہند سے متعلق ایڈہاک کمیٹی اور فوجی تحقیق و ترقی اور ایٹمی ہتھیاروں سے پاک علاقوں سے متعلق حکومتوں کے ماہرین پر مشتمل کئی گروپ بھی شامل ہیں۔ ساتھ ہی اقوام متحدہ کے نظام کے اندر مطالعات تخفیف اسلحہ کا مشاورتی بورڈ ہے۔ تخفیف اسلحہ پر تحقیق کا یو۔ این۔ انسٹی ٹیوٹ ہے اور مختلف قسم کی کئی دوسری ایجنسیاں ہیں جو اپنے اہم کام کا حصہ سمجھ کر اور اسے اپنے دائرہ کار کے اندر جانتے ہوئے تخفیف اسلحہ سے متعلق موضوعات پر کام کرتی ہیں اقوام متحدہ کے سیکرٹریٹ کا اپنا محکمہ امور تخفیف اسلحہ بھی ہے جو نیویارک کے صدر دفتر میں قائم ہے محکمہ کی ایک شاخ جینوا میں قائم ہے۔

۵۷۔ ہتھیاروں پر پابندی اور تخفیف اسلحہ کی بات چیت کہاں اور کس طرح ہوتی ہے؟

کثیر الاقوام بات چیت جینوا کی تخفیف اسلحہ کانفرنس میں ہوتی ہے اس کے علاوہ اس قسم کی بات چیت علاقائی سطح پر بھی ہوتی ہے۔ مثلاً لاطینی امریکہ میں ایٹمی ہتھیاروں سے پاک علاقے کے قیام کی بات چیت وی آنا میں نیٹو اور معاہدۂ وارسا کے ملکوں کے درمیان یورپ میں ہتھیاروں میں کمی کی بات چیت اور یورپ میں اعتماد و سلامتی ساز اقدامات کیلئے سٹاک ہوم کانفرنس دو بڑی ایٹمی طاقتوں کے درمیان باہمی بات چیت، خصوصی کانفرنسوں کی صورت میں ہوتی رہتی ہے۔ مثلاً سالٹ اوّل اور سالٹ دوم اور ابھی حال ہی میں روس اور امریکہ کے درمیان جینوا میں سٹریٹیجک ہتھیاروں میں کمی پر بات چیت بھی ہوئی ہے۔

۵۸۔ تخفیف اسلحہ کانفرنس کیا ہے؟

تخفیف اسلحہ کانفرنس تخفیف اسلحہ پر کثیر الاقوام تبادلۂ خیال کے لئے بین الاقوامی برادری کی واحد مجلس ہے جو اپنی پیش رو مجالس کی بات چیت کی صورت میں کوششوں کو آگے بڑھا رہی ہے۔ پیش رو مجالس میں تخفیف اسلحہ کمیٹی کی کانفرنس (۱۹۶۹ - ۱۹۷۸) اٹھارہ ملکوں کی تخفیف اسلحہ کمیٹی کی کانفرنس (۱۹۶۲ - ۱۹۶۹) اور دس ملکوں کی تخفیف اسلحہ کمیٹی کی کانفرنس (۱۹۵۹ - ۶۲) شامل ہیں۔ تخفیف اسلحہ کے دوسرے خصوصی اجلاس میں موجودہ شکل میں تخفیف اسلحہ کانفرنس وجود میں لائی گئی اس کے چالیس ارکان میں پانچوں ایٹمی طاقتیں اور پینتیس ۳۵ دوسرے ملک شامل ہیں۔ جن میں ۲۱ غیر جانبدار ملک، ۷ سوشلسٹ اور ۷ مغربی ملک بطور خاص قابل ذکر ہیں۔ تخفیف اسلحہ کانفرنس جو ۱۹۷۹ء سے ۱۹۸۳ء تک تخفیف اسلحہ کمیٹی کے نام سے مشہور رہی۔ جینوا میں ہر سال تقریباً چھ ماہ تک اجلاس کرتی ہے یہ اپنا ایجنڈا خود تیار کرتی ہے اور اس سلسلے میں جنرل اسمبلی کی سفارشات کو پیش نظر رکھتی ہے اور پھر سالانہ اور اگر مناسب سمجھے تو وقتاً فوقتاً رپورٹ پیش کرتی ہے۔ تخفیف اسلحہ کانفرنس نے اپنے حالیہ اجلاس میں حسب ذیل موضوعات پر غور کیا۔

ایٹمی تجربات پر پابندی، ایٹمی ہتھیاروں کی دوڑ کا خاتمہ اور ایٹمی تخفیف اسلحہ، ایٹمی جنگ کی روک تھام اور تمام متعلقہ امور، کیمیائی ہتھیار، بیرونی خلاء میں ہتھیاروں کی دوڑ کی روک تھام، غیر ایٹمی ملکوں کے لئے یقین دہانیاں، وسیع تباہی کے نئی اقسام کے ہتھیار، ریڈیو لاجیکل ہتھیار، اور تخفیف اسلحہ کا ایک جامع پروگرام۔

۵۹۔ تخفیف اسلحہ پر پہلے خصوصی اجلاس کی قطعی دستاویز کیا ہے؟

۲۳ مئی سے یکم جولائی ۱۹۷۸ء تک جنرل اسمبلی کا دسواں خصوصی اجلاس ہوا۔ تخفیف اسلحہ کے لئے مخصوص ہونے والا یہ پہلا خصوصی اجلاس تھا۔ ملکوں کی بین الاقوامی برادری نے پہلی مرتبہ تخفیف اسلحہ کی حکمت عملی پر عام اتفاق رائے حاصل کر لیا۔ جو اجلاس کی قطعی دستاویز میں شامل ہے۔ قطعی دستاویز کے اعلان میں جو اصول بیان کئے گئے ہیں ان کے ذریعے بات چیت کے لئے اصول متعین کئے گئے ہیں اور تخفیف اسلحہ کو اقوام متحدہ کے منشور کی روح اور [illegible] وضاحت قرار دیا گیا ہے۔ قطعی دستاویز کے پروگرام آف ایکشن میں تخفیف اسلحہ کے لئے یہ ترجیحات مقرر کی گئی ہیں، ایٹمی ہتھیار، وسیع پیمانے پر تباہی کے دوسرے ہتھیار، جن میں کیمیائی ہتھیار بھی شامل ہیں۔ روایتی ہتھیار جن میں ہر وہ ہتھیار شامل ہیں، جو انتہائی نقصان دہ اور اندھا دھند اثرات کے حامل ہوں اور مسلح افواج میں کمی، اعلان میں کہا گیا ہے کہ ایٹمی ہتھیار بنی نوع انسان اور تہذیب و تمدن کے وجود کے لئے سب سے بڑا خطرہ ہیں اور یہ ضروری ہے کہ ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال والی جنگ کے خطرے کو روکنے کے لئے ایٹمی ہتھیاروں کی دوڑ کی تمام پہلوؤں سے روک تھام اور پسپائی کا انتظام کیا جائے۔ اس میں ایٹمی تخفیف اسلحہ کے لئے ضروری اقدامات

کی فہرست دی گئی ہے اور تخفیف اسلحہ کے حق میں عالمی رائے عامہ کو منظم کرنے کے کے لئے مخصوص اقدامات کا خاکہ بیان کیا گیا ہے ان اقدامات میں غیر سرکاری تنظیموں کا بڑھتا ہُوا کردار بھی شامل ہے۔ قطعی دستاویز میں کہا گیا ہے کہ بنی نوع انسان کے سامنے ایک ہی راستہ ہے اور یہ کہ ہم اسلحہ کی دوڑ کو لازمی طور پر ختم کردیں۔ اور تخفیف اسلحہ کی طرف پیش قدمی کریں یا پھر تباہی کا سامنا کریں۔ اس میں یہ بھی واضح کر دیا گیا ہے کہ تخفیف اسلحہ کے اقدامات ایک ایسے مساویانہ اور متوازن انداز میں ہونے چاہئیں کہ ہر ملک کی سلامتی کے حق کی ضمانت دی جا سکے۔ تخفیف اسلحہ کے ہر مرحلے پر مقصد یہ ہونا چاہیئے کہ ہتھیاروں اور فوجی قوتوں کی سب سے نچلی ممکن حد تک غیر متزلزل سلامتی یقینی ہو۔

۶۰۔ قطعی دستاویز پر عمل آمد کے لیے کیا کیا گیا ہے؟

تخفیف اسلحہ کے نظام کو مزید مستحکم کیا گیا ہے۔ خاص طور پر متعلقہ عامل اور بات چیت کے اداروں کی سفارشات پر اس طرح عمل درآمد کیا گیا ہے کہ اب تخفیف اسلحہ کانفرنس میں پانچوں ایٹمی طاقتیں شامل ہیں اور تخفیف اسلحہ کمیشن کو جس کا کوئی اجلاس ۱۹۶۵ء سے نہیں ہوا تھا اب دوبارہ فعال بنا دیا گیا ہے۔ کانفرنس اب قطعی دستاویز کی روشنی میں تخفیف اسلحہ کا ایک جامع پروگرام مرتب کرنے میں مصروف ہے۔ اور ساتھ ہی تخفیف اسلحہ کے جزوی اقدامات پر بھی غور کر رہی ہے۔ تخفیف اسلحہ کی مہارت کو فراغ دینے کے لئے تخفیف اسلحہ پر وظائف کا ایک پروگرام شروع کیا گیا اور عالمی رائے عامہ کو منظم کرنے کے لئے مجوزہ سرگرمیوں کا آغاز کر دیا گیا۔ اس کے علاوہ مطالعات تخفیف اسلحہ کا مشاورتی بورڈ قائم کیا گیا۔ اور کئی ماہرانہ مطالعات کا انتظام کیا گیا ہے۔ جن میں وہ مطالعات بھی شامل ہیں۔ جن کی سفارش تخفیف اسلحہ اور ترقی و تخفیف اسلحہ اور سلامتی اور اسلحہ کی دوڑ کے اقتصادی اور معاشرتی نتائج کے بارے میں قطعی دستاویز میں کی گئی تھی۔ قطعی دستاویزات کے مطالبے کی روشنی میں بعض ایسے روایتی ہتھیاروں کے استعمال کی ممانعت کے لئے جو انتہائی نقصان دہ یا اندھا دھند اثرات کے حامل تصور کئے جاتے ہوں۔ ۱۹۸۰ء میں ایک کنونشن منظور کیا گیا

۶۱۔ ۱۹۸۲ء کے تخفیف اسلحہ کے خصوصی اجلاس میں کیا حاصل ہُوا؟

مشکل بین الاقوامی صورتِ حال اور رکن ملکوں کے درمیان اختلافات کی وجہ سے خصوصی اجلاس صرف اختتامی دستاویز پر متفق ہو سکا۔ جس کی نوعیت طریق کار کی ہے تاہم دستاویز میں اتفاق رائے سے اور غیر مبہم الفاظ میں ۱۹۷۸ء کے خصوصی اجلاس کی قطعی دستاویز کی توسیع کی گئی۔ اور اقوام متحدہ کے تمام رکن ملکوں کی اس کے ساتھ وابستگی کا عہد کیا گیا اس میں مقاصد اور ارادوں کا اظہار کرنے کے ساتھ ساتھ کام کرنے کے طریقوں کا خاکہ بھی بیان کیا گیا۔ اسمبلی نے تخفیف اسلحہ پر وظائف کے پروگرام کی تعریف کی اور وظائف کی سالانہ تعداد بیس سے بڑھا کر پچیس کر دی۔ ملکوں اور حکومتوں کے اٹھارہ سربراہوں اور چوالیس وزراء نے اجلاس سے خطاب کیا اس کے علاوہ سینتالیس ملکوں اور چار سو پچاس غیر سرکاری تنظیموں کے تین ہزار سے زیادہ نمائندوں نے اجلاس میں شرکت کی۔ اور ترپن غیر سرکاری تنظیموں اور بائیس تحقیقی اداروں کے نمائندوں نے تقریریں کیں۔

۶۲۔ تخفیف اسلحہ کی عالم گیر مہم کیا ہے؟

تخفیف اسلحہ کی عالم گیر مہم ۱۹۸۲ء میں تخفیف اسلحہ کے لئے مخصوص جنرل اسمبلی کے دوسرے اجلاس میں شروع کی گئی۔ مہم کا مقصد ہتھیاروں پر پابندی اور تخفیف اسلحہ کے میدان میں اقوام متحدہ کے مقاصد سے آگہی، علم اور عوامی ادراک و حمایت پیدا کرنا ہے۔ مہم کی عالمگیر حیثیت کو یقینی بنانے کے لئے تمام ملکوں کا تعاون اور شرکت بہت ضروری ہے۔ خاص طور پر ملکوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ ہتھیاروں پر پابندی اور تخفیف اسلحہ کے مسائل پر معلومات بہتر طور پر مہیا کرنے اور غلط اور بدنیتی پر مبنی اطلاعات کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے اقوام متحدہ سے تعاون کریں۔ مہم پر عمل درآمد کے دائرہ کار کے اندر اقوام متحدہ نے بہت سے ملکوں میں سیمیناروں اور کانفرنسوں کا اہتمام کیا جن میں میکسیکو، کینیا، تھائی لینڈ، رومانیہ، بھارت، وینزویلا اور روس بھی شامل ہیں۔ کئی اور پروگرام اور سرگرمیاں بھی شروع کی گئی ہیں جن میں معلوماتی مواد کی عالمگیر تنظیم بھی شامل ہے یہ معلوماتی مواد تخفیف اسلحہ پر اقوام متحدہ کا سالنامہ، قرطاس حقائق، رسالہ تخفیف اسلحہ اور تخفیف اسلحہ کی عالمگیر مہم کے نیوز لیٹر پر مشتمل ہے۔ اسکے علاوہ کئی دوسری ہنگامی مطبوعات بھی جاری کی جاتی ہیں

(۳۲) علاقائی سیمیناروں / کانفرنسوں میں افراد اور تنظیموں کی شرکت کا کیا معیار ہے؟

شرکاء کی فہرستیں بنیادی طور پر متعلقہ خطے میں واقع اقوام متحدہ کے مختلف مراکز اطلاعات کی مدد سے حاصل کی جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ، اقوام متحدہ کی ایسوسی ایشنوں کے مقامی دفاتر سے بھی امکانی امیدواروں کی فہرستیں ارسال کرنے کے لئے رابطہ قائم کیا جاتا ہے۔ اس سلسلے میں امکانی تجاویز کے لئے غیر سرکاری تنظیموں اور نیو یارک اور جینوا میں غیر سرکاری تنظیموں کی تخفیف اسلحہ کمیٹیوں سے بھی رجوع کیا جا سکتا ہے۔

(۲۱) کیا طلباء اور نوجوانوں کی خاطر بھی کوئی خصوصی پروگرام تیار کئے جاتے ہیں؟

ہائی سکولوں اور کالجوں کے طلباء کے گروپوں کے لئے معلوماتی جلسوں کا انتظام کیا جاتا ہے۔ عام طور پر درخواستیں، اقوام متحدہ کے وزیٹرز سیکشن کی معرفت موصول ہوتی ہیں اور محکمے کا کوئی افسر طلباء سے ملتا ہے انہیں تخفیف اسلحہ کے شعبے میں اقوام متحدہ کے کام سے آگاہ کرتا ہے اور ان کے سوالوں کے جواب دیتا ہے محکمہ تخفیف اسلحہ کی طرف سے اس کی جینوا شاخ میں بھی ایسی معلوماتی مجالس کا انتظام کیا جاتا ہے۔

(۳۲) کیا طلباء کے لئے کوئی خصوصی تربیتی پروگرام بھی ہیں؟

محکمہ تخفیف اسلحہ اقوام متحدہ کے ایڈہاک انٹرنشپ پروگرام کے تعاون سے سال بھر کے لئے اور ڈیپارٹمنٹ آف پبلک انفرمیشن گریجویٹ سٹوڈنٹ انٹرنشپ پروگرام کے تعاون سے موسم گرما کے لئے گریجوایٹ طلباء کی خاطر انٹرنشپ پروگراموں کا انتظام کرتا ہے۔

ان پروگراموں کا مقصد یہ ہے کہ گریجویٹ طلباء کو اقوام متحدہ کے اصولوں، مقاصد اور سرگرمیوں اور خاص طور پر ہتھیاروں پر پابندی اور تخفیف اسلحہ کے شعبے میں سرگرمیوں کے بارے میں اپنی فہم اور ادراک نیز چشم دید جائزے اور مطالعہ کے ذریعے اضافہ کرنے کا موقع مہیا کیا جائے۔

(۲۳) ان پروگراموں میں کیا کچھ شامل ہوتا ہے؟

ان میں اقوام متحدہ کے اعلیٰ افسروں کی طرف سے معلوماتی اجلاس تخفیف اسلحہ کے مختلف مسائل پر اجتماعی مباحثے اور اقوام متحدہ کے مختلف اداروں کے اجلاسوں میں جب وہ ہو رہے ہوں شرکت بھی شامل ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ، پروگراموں میں شریک افراد کو، محکمہ امور تخفیف اسلحہ کے ساتھ کام کرنے کا موقع دیا جاتا ہے اور متعلقہ انفرادی تحقیق کے بہت سے منصوبے ان کی یونیورسٹیوں میں شروع ہوتے ہیں۔

(۲۴) انٹرنشپ پروگراموں کے لئے گریجویٹ طلباء کا انتخاب کس طرح کیا جاتا ہے۔ ؟

ایڈہاک انٹرنشپ پروگراموں کے امیدواروں کو چاہیئے کہ وہ پرسنیل سروسز کے دفتر اقوام متحدہ، نیو یارک، این۔ وائی۔ ۱۰۰۱۷ کے ریکروٹمنٹ پروگرام سیکشن سے رابطہ قائم کریں اور پروگرام میں شرکت کے لئے اپنی خواہش کا اظہار کریں۔ سمر انٹرنشپ سے دلچسپی رکھنے والے طلباء کو چاہیئے کہ وہ گریجویٹ سٹوڈنٹ انٹرن پروگرام کے کوآرڈینیٹر سے کمرہ نمبر ۱۰۳۷ الف۔ محکمہ پبلک انفرمیشن اقوام متحدہ نیو یارک۔ این۔ وائی ۱۰۰۱۷ کے پتہ پر رابطہ قائم کریں۔ اس کے بعد تخفیف اسلحہ کے شعبے میں انٹرنشپ کے امیدواروں کو محکمہ تخفیف اسلحہ کی طرف بھیج دیا جائے گا۔

خبرنامۂ اقوامِ متحدہ

لبنان کے عوام کی امداد کے لئے سیکرٹری جنرل کی اپیل

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل مسٹر جیویئر پریز ڈی کوئیار نے لبنان کے عوام کی انسانی ہمدردی کی بنیاد پر فوری امداد کی اپیل کی ہے سیکرٹری جنرل نے ۱۲ اپریل کو جنیوا میں ایک بیان جاری کیا جس میں کہا گیا ہے کہ لبنان اب خانہ جنگی کے پندرہویں سال میں داخل ہو رہا ہے اس خانہ جنگی نے وسیع پیمانے پر تباہی کے ساتھ ساتھ انسانی و مادی وسائل دونوں کی صورت میں بے شمار نقصانات پہنچائے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ چند ہفتوں میں بیروت کے شہر اور اس کے گرد و نواح کے علاوہ دوسری بستیوں کو بھاری بمباری کا نشانہ بنایا گیا ہے۔ لاکھوں کی تعداد میں افراد کسمپرسی کی حالت میں پانی، بجلی، ایندھن، خوراک اور دواؤں سے محروم ہیں۔

سیکرٹری جنرل نے کہا کہ حال ہی میں، اقوامِ متحدہ کے کئی اداروں کے نمائندوں پر مشتمل ایک جائزہ مشن لبنان بھیجا گیا تھا جس نے مجھے فوری ضرورتوں سے آگاہ کیا ہے اور انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد کی ضرورت روز بروز بڑھتی جا رہی ہے۔ انہوں نے بین الاقوامی برادری سے امداد کی اپیل کرتے ہوئے بتایا کہ یہ امداد ان لوگوں کی مصیبتیں کم کرنے کے لئے استعمال کی جائے گی جو موجودہ بحران سے بُری طرح متاثر ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اقوامِ متحدہ کو جو بھی امداد مہیا کی جائے گی وہ نظام اقوام متحدہ میں شامل اُن اداروں کے ذریعے تقسیم کی جائے گی جو لبنان میں کام کر رہے ہیں اور یہ جان سکتے ہیں کہ امداد کی تقسیم منصفانہ ہو رہی ہے اور سب سے زیادہ ضرورت مندوں کو مل رہی ہے۔

مسٹر پیریز ڈی کوئیار نے کہا کہ جائزہ مشن کے اندازے کے مطابق ان ایک لاکھ پچاس ہزار خاندانوں یا آٹھ لاکھ افراد کی امداد کے لئے جو عام امداد اور فوری بحالی کے شدید حق دار ہیں۔ آٹھ کروڑ ستر لاکھ ڈالر درکار ہیں اس کے علاوہ بیروت میں بجلی کی سپلائی جاری رکھنے کے لئے فوری طور پر پچاس لاکھ ڈالر چاہئیں۔ بجلی ہی پر پانی کی سپلائی اور ہسپتالوں کی کارکردگی کا انحصار ہے۔

افغانستان میں صحت کا پروگرام

عالمی ادارۂ صحت نے افغانستان میں صحت کی بنیادی دیکھ بھال کا ایک نظام قائم کرنے کے مقصد سے صحت کے پانچ تجرباتی پروگرام شروع کئے ہیں۔ ابتدا میں یہ نظام ان علاقوں کا احاطہ کرے گا جہاں بے گھر لوگوں کو واپس پہنچنا ہے

یہ پروگرام اُن غیر سرکاری تنظیموں کے تعاون سے شروع کئے گئے ہیں جو پاکستان کی سرحدوں سے ملنے والے علاقوں میں عالمی ادارۂ صحت کی مدد سے صحت کی دیکھ بھال کے عملی پروگرام چلا رہی ہیں۔ یہ پروگرام بالآخر افغانستان کی ہیلتھ سروسز کی بحالی کے بعد اُن میں مدغم ہو جائیں گے۔

فش مارکیٹنگ

عالمی ادارۂ خوراک و زراعت، اقوامِ متحدہ کے ترقیاتی پروگرام اور حکومت پاکستان نے کراچی میں مچھلیوں کی فروخت اور استعمال کی ترقی کے ایک منصوبے پر دستخط کئے ہیں اقوامِ متحدہ کا ترقیاتی پروگرام اس منصوبے کے لئے پانچ لاکھ اکہتر ہزار ڈالر دے گا اور وزارت خوراک و زراعت اور امداد باہمی کے محکمے عالمی ادارۂ خوراک و زراعت کی مدد سے اس پر عملدرآمد کریں گے۔

اس منصوبے کا بڑا مقصد، سمندری مچھلی کے استعمال کو مقبول بنانا اور اس میں اضافہ کرنا ہے اس مقصد کے لئے ماہی گیری کے طریقوں کو اور فروخت کے نظام کو بہتر بنایا جائے گا۔ اس طرح مچھلی کا فی کس استعمال بھی بڑھ جائے گا۔ اور قومی غذا میں پروٹین کا اضافہ ہو جائے گا۔

ان سرگرمیوں میں پانچ غیر سرکاری تنظیمیں حصہ لے رہی ہیں اور ان کے پروگراموں کی خاطر ۱۹۸۹ء کے لئے اب تک مجموعی طور پر گیارہ لاکھ چونسٹھ ہزار ڈالر کی رقمیں مخصوص کی گئی ہیں۔

یہ امداد اس ہنگامی طبی امداد کے علاوہ ہے جو دو لاکھ ڈالر کی مالیت کے تیئیس ٹن طبی سامان کی صورت میں مہیا کی گئی ہے۔ یہ امداد افغانستان کی آبادی کے اُس حصے کے لئے ہے جو بیماریوں سے جلد متاثر ہو سکتا ہے۔

ماہرانہ مطالعات

اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی نے گزشتہ سال پانچ ایسی قراردادیں منظور کیں جن کے تحت سیکرٹری جنرل آئندہ دو سال میں تخفیفِ اسلحہ کے شعبے میں پانچ ماہرانہ مطالعات کرائیں گے۔ ان مطالعات کا تعلق تحدیدِ اسلحہ اور تخفیفِ اسلحہ، ایٹمی اسلحہ، مشرقِ وسطیٰ میں ایٹمی ہتھیاروں سے پاک خطے کے قیام، بین الاقوامی تبادلے کی پڑتال کے بارے میں اقوامِ متحدہ کے کردار سے ہے۔ یہ مطالعات محکمہ امور تخفیفِ اسلحہ کے مطالعاتی پروگرام کے دائرہ کار کے اندر کرائے جائیں گے۔

افریقہ کی اقتصادی بحالی اور ترقی پر بین الاقوامی کانفرنس

افریقہ کی اقتصادی بحالی اور ترقی میں عوامی شرکت کے موضوع پر ایک بڑی بین الاقوامی کانفرنس کے لئے منصوبہ بندی شروع ہوگئی ہے یہ کانفرنس فروری ۱۹۹۰ء میں افریقہ میں ہوگی اس براعظم کے بارے میں اپنی نوعیت کی اس پہلی کانفرنس میں حکومتوں، بین الاقوامی اور قومی غیر سرکاری تنظیموں اور نظام اقوام متحدہ کے نمائندوں اور افریقی وغیر افریقی ماہرین کی صورت میں تین سو افراد شرکت کریں گے۔ یہ کانفرنس افریقہ کی بحالی اور ترقی کے چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے لئے کاموں کا نچلی سطح سے آغاز کرنے اور ان کی اہمیت واضح کرنے کی طرف بین الاقوامی اور قومی توجہ دلائے گی۔

کانفرنس کی تیاری کمیٹی کا اجلاس افریقہ کے لئے اقوام متحدہ کے اقتصادی کمیشن کے ایگزیکٹو سیکرٹری پروفیسر اڈے باڈو ادیدیجی کی صدارت میں حال ہی میں ادیس ابابا ایتھوپیا میں کانفرنس کی منصوبہ بندی شروع کرنے کے لئے ہوا۔ کمیٹی کے ارکان میں اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام، عالمی خوراک پروگرام، بین الاقوامی ادارہ محنت، یونیسیف اور مختلف غیر سرکاری تنظیموں کے نمائندے شامل ہیں۔ تیاری کمیٹی کا آئندہ اجلاس جون میں لاگوس، نائیجیریا میں ہوگا جس میں کانفرنس کی جگہ کا فیصلہ کیا جائے گا۔

پروفیسر ادیدیجی نے کانفرنس کا اعلان کرتے ہوئے بتایا کہ افریقہ میں یہ غیر سرکاری تنظیموں اور اقوام متحدہ کے مختلف اداروں کی ایک منفرد معاونانہ باہمی کوشش ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ یہ کانفرنس افریقی عوام کی زبردست توانائیوں کو مجتمع کر کے براعظم کے بحران کو ختم کرنے کے موجدانہ طریقوں کی دریافت کے لئے افریقہ کی نچلی سطح کی تنظیموں کے ساتھ مل کر کام کرنے کا ایک نادر موقع مہیا کرے گی۔ افریقہ کی ترقی اور انقلاب کے لئے عوام کی کوششیں انتہائی اہم حیثیت کی حامل ہیں۔

یہ کانفرنس افریقہ کی اقتصادی بحالی اور ترقی کے لئے اقوام متحدہ کے پروگرام آف ایکشن (۱۹۸۶ء-۱۹۹۰ء) پر عملدرآمد کے سلسلے میں تیسرا بڑا اجتماع ہوگا۔ یہ "افریقہ - اقتصادی بحالی اور تیز رفتار ترقی کا انسانی پہلو" کے موضوع پر خرطوم کانفرنس ہی کے سلسلے کی ایک کڑی ہوگی۔

تجارتی مسائل

اقوام متحدہ نے افریقہ کے تجارتی مسائل کا نیا جائزہ لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ سیکرٹری جنرل مسٹر جیویر پیریز ڈی کوئیار نے ماہرین کے ایک گروپ کے قیام کا اعلان کیا ہے جس کے سربراہ آسٹریلیا کے ایک سابق وزیراعظم میلکم فریزر ہیں۔

یہ گروپ افریقی اجناس اور ان کی برآمدات میں تبدیلی کے امکان کا تفصیلی مطالعہ کرے گا۔ اقوام متحدہ کے ایک افسر نے بتایا کہ گروپ افریقہ کی اقتصادی بحالی اور ترقی کے لئے اقوام متحدہ کے ایکشن پروگرام کے دائرہ کار کے اندر قائم کیا گیا ہے۔

ایشیا میں افلاس

ایشیا اور بحرالکاہل کے لئے اقوام متحدہ کے اقتصادی و معاشرتی کمیشن نے جو پانچ قراردادیں منظور کی ہیں ان میں سے دو کی رو سے ایشیا اور بحرالکاہل میں افلاس کے خلاف جنگ، خاص طور پر دیہی علاقوں میں زیادہ کوششوں کی متقاضی ہے دونوں قراردادوں میں جن کا تعلق علی الترتیب مربوط دیہی ترقی اور سن ۲۰۰۰ء تک کے لئے علاقائی معاشرتی ترقیاتی حکمت عملی سے ہے۔ زیادہ معاشرتی مساوات پر زور دیا گیا ہے۔

قراردادیں حکومتوں سے کہا گیا ہے کہ وہ دیہی غربت و افلاس کے خاتمے کے لئے زیادہ وسائل مختص کریں اور وسائل کی مساوی تقسیم کے لئے زیادہ کوششیں عمل میں لائیں عورتوں کی ترقی اور مربوط دیہی ترقی میں عوام کی شرکت پر بھی زور دیا گیا ہے۔

معاشرتی ترقی سے متعلق قراردادیں ان گروپوں پر زیادہ توجہ دی گئی ہے جو محروم القسمت ہیں مثلاً عورتیں، بچے اور نوجوان، بوڑھے، معذور اور منشیات کا ناجائز استعمال کرنے والے ایشیاء اور بحرالکاہل کے بہت سے ملکوں میں وسیع پیمانے پر پائی جانے والی غربت اور محرومی کا ذکر کرتے ہوئے محروم القسمت لوگوں میں مساوات، انسانی غربت کے خاتمے اور عوام کی شرکت کی اہمیت سن ۲۰۰۰ء تک اور اس کے بعد کے لئے علاقائی معاشرتی ترقیاتی حکمت عملی کے دائرہ کار میں واضح کی گئی ہے۔

حکمت عملی کے باضابطہ اعلان کے لئے تیاری کے قیام کے جزوی اخراجات یو۔این۔ڈی۔پی ادا کرے گا۔ اعلان وزارتی سطح کی ایک باقاعدہ کانفرنس میں کیا جائے گا جو معاشرتی بہبود اور معاشرتی ترقی کے موضوع پر ۱۹۹۱ء میں منیلا میں ہوگی۔ اجلاس میں جو دوسری قراردادیں منظور کی گئیں ان میں بین الاقوامی سال خواندگی (۱۹۹۰ء) اور انسانی حقوق کے مواد کیلئے ایک ڈپیازٹری سنٹر کے قیام کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

ایشیائی ترقیاتی بنک کا قرضہ

پاکستان کے چاروں صوبوں میں ۱۹۸۸ء کے شدید سیلاب سے سرکاری شعبے میں معاشرتی و اقتصادی بنیادی ڈھانچے کو جو شدید نقصان پہنچا اس کا ازالہ کرنے کے لئے ایشیائی ترقیاتی بنک چار کروڑ چالیس لاکھ ڈالر کے رعائتی قرضے سے حکومت پاکستان کی مدد کرے گا۔

اس قرضے سے چاروں صوبوں، پنجاب سندھ، سرحد اور بلوچستان کو فائدہ پہنچے گا۔ اس قرضے سے فوری بحالی کے ان کاموں میں بھی مدد ملے گی جو عالمی بنک اور اسلامی ترقیاتی بنک کی مالی امداد سے پہلے ہی جاری ہیں۔ بنک کے قرضے سے حکومت کو آبپاشی نکاسی آب، سیلاب پر کنٹرول کے نظام، صوبائی سڑکوں اور پرائمری سکولوں کی بحالی میں مدد ملے گی۔ اس منصوبے کے کل خرچ کا اندازہ پانچ کروڑ اسی لاکھ ڈالر لگایا گیا ہے اس میں سے چھہتر لاکھ ڈالر (چودہ فیصد) کا غیر ملکی زرمبادلہ ہوگا۔ منصوبے پر عملدرآمد کے عرصے میں قرضے پر سود کی رقم چار لاکھ پچاس ہزار ڈالر بھی زرمبادلہ کا حصہ ہوگی۔

پاکستان کے لئے بین الاقوامی ترقیاتی بنک کا قرضہ

عالمی بنک کی رعائتی قرضے دینے والی شاخ بین الاقوامی ترقیاتی ایسوسی ایشن (آئیڈا) کے بارہ کروڑ پچاس لاکھ ڈالر کی مالیت کے قرضے سے ایک منصوبہ شروع کیا جا رہا ہے جس کی تکمیل پر پاکستان کے سب سے بڑے شہری علاقے کے تقریباً پچیس لاکھ افراد کو پینے کا صاف پانی اور بیس لاکھ افراد کو نکاسی آب کی سہولتیں حاصل ہونے لگیں گی۔ اس منصوبے کی کل مالیت تیس کروڑ اٹھارہ لاکھ ڈالر ہے۔ اس سے کراچی میں جو تجارتی، بنک کاری اور صنعت کا مرکز ہے پینے کے پانی کی سپلائی بڑھ جائے گی۔ منصوبے کے تحت تقریباً ایک سو پچاس کلو میٹر لمبی واٹر ٹرانسمیشن لائنیں، پمپنگ سٹیشن، فلٹریشن کے نظام، پانی کی ٹانیاں اور آبی ذخائر بنائے جائیں گے۔ شہر کے کم آمدنی والے لوگ اور ساحلی علاقے اس سے مستفید ہوں گے۔ نکاسی آب کے نظام پر جو سرمایہ کاری ہوگی اس میں پانی کی صفائی کے تین نظام شامل ہوں گے اس کے علاوہ کم آمدنی والے علاقوں کے لئے چھوٹے سیوریج سسٹم تعمیر کئے جائیں گے۔

کراچی واٹر اینڈ سیوریج بورڈ کی مالی حالت بہتر بنانے کے لئے اقدامات کئے جائیں گے منصوبے پر عملدرآمد اسی بورڈ کو کرنا ہوگا اس علاقے کیلئے بورڈ کو اپنی کارکردگی کو بہتر بنانا ہوگا۔ کراچی میں جو ستر لاکھ شہریوں کا علاقہ ہے ملک کی دو بندرگاہیں ہیں زیادہ تر انتظامی اور مالی معاملات میں مشکلات کی وجہ سے شہری سہولتیں ناکافی چلی آرہی ہیں شہر کے آدھے حصے سے بھی کم گھرانوں کو تقریباً ۹ ہزار سٹینڈ پائپوں اور کچی کنوؤں سے پانی مہیا کیا جاتا ہے۔

We are
Manufacturers, Exporters, Contractors, Suppliers & Prequalified Contractor of Health Deptt. Of:
Surgical Gauze, Surgical Bandage, Hospital Linen Cloth, Hospital Garments. Uniforms of Armed Forces.
Contact:
M/S
Al-Qadri Trading Corp (Regd)
(Member of Chamber of Comerce).
Head Office:
6th Floor Aiwan-e-Auqaf. P.O. Box No. 2441, G.P.O. Shahrah-e-Quaid-e-Azam Lahore, Pakistan. Phone: 54729

رشتے ناطے

اپنی اولاد کا رشتہ طے کرتے وقت ہر ماں باپ کو نیک سیرت، خوب سے خوب تر رشتے کی تلاش ہوتی ہے۔ ماہنامہ "یوتھ انٹرنیشنل" نے ہر قصبے ہر شہر اور ملک کے لیے یہ سلسلہ شروع کیا ہے، آپ کا تعلق چاہے کسی مذہب / فرقے / سوچ سے ہو یہ کالمات آپ کے لیے حاضر ہیں۔ چونکہ "یوتھ انٹرنیشنل" بین الاقوامی اہمیت کا میگزین ہے۔ یہ میگزین اندرون اور بیرون ملک میں پڑھا جاتا ہے۔ اس میگزین کے ذریعے آپ کا اشتہار اندرون بیرون ملک سے آپ کی خواہشات کے عین مطابق اچھا رشتہ لا سکتا ہے۔

تلاش رشتے ناطے کے اس صفحے میں اشتہار کی اجرت بہت کم رکھی گئی ہے تاکہ قارئین آسانی سے فائدہ اٹھا سکیں۔ ہم ایک کالم کی بارہ سطروں تک کے اشتہار کے دو سو روپے لیں گے۔ اشتہار دینے والے اپنی ڈاک براہ راست پتہ پر ہمارے میگزین کی معرفت منگوا سکتے ہیں۔ ہماری معرفت ڈاک کے لیے خصوصی بکس الاٹ کیے گئے ہیں۔ تین ماہ تک جتنی ڈاک اکٹھی ہوگی ہم بحفاظت بذریعہ رجسٹرڈ آپ کے لکھے گئے ایڈریس پر بھجوا دیں گے

اس کالم میں تمام اشتہارات نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کیے جاتے ہیں اس سلسلہ میں غلط بیانی میں یوتھ انٹرنیشنل پر کوئی ذمہ داری عائد نہ ہوگی، معرفت آنے والے رجسٹری خطوط وصول نہیں کیے جائیں گے!

ماہنامہ "یوتھ انٹرنیشنل" ایوان اوقاف بلڈنگ نزد ہائیکورٹ پوسٹ بکس نمبر ۲۳۴۶ لاہور، فون ۵۴۷۲۹

انجمن طلباء اسلام کی بائیس سالہ روشن تاریخ

۱۹۶۸ء کا وہ زمانہ جب کہ تعلیمی اداروں میں ایک طرف وہ عناصر تھے جو اللہ کے نام پر سادہ لوح طلبہ کو دھوکہ دیکر بد عقیدگی کے گہرے غار میں دھکیلنے کی سعی کر رہے تھے۔ دوسری جانب طلبہ کا ایک گروہ سرخ انقلاب کے نام پر مسلم طلبہ کو دہریت کی راہ پر لگانا چاہتا تھا۔ اس پرآشوب دور میں چند احساس طلبہ نے کراچی میں ۱۹، جنوری ۱۹۶۸ء کی شب اجتماع منعقد کیا۔ جس میں شہر کراچی کے علاوہ نواب شاہ، ٹنڈو جام، کے طلبہ بھی شریک ہوئے اور پھر ۲۰، جنوری ۱۹۶۸ء کی صبح اپنے جلو میں وہ مبارک ساعت لے کر طلوع ہوئی جس نے اس فتنہ پروری کے خاتمہ کے لیے عزم صمیم کیا۔ اپنے قیام کے چند ہی سالوں بعد انجمن طلباء اسلام آندھی کی طرح وطن عزیز کے محب وطن طلبہ میں چھا گئی۔ انجمن طلباء اسلام سے وابستہ باکردار نوجوان بائیس سال سے مسلسل محو سفر ہیں۔ مشکلات سے اٹی ہوئی...... خطرات میں گھری ہوئی۔ دشوار راہ پر جان و مال کی پرواہ کئے بغیر چلتے جا رہے ہیں۔

جب سے یہ سفر شروع ہوا تھا تو ماحول منجمد تھا مکتب و خانقاہ کی فضائیں بھی افسردہ تھیں۔ ایوبی آمریت کا عفریت اپنے تسلط کا دس سالہ جشن منا رہا تھا... اجتماعی، اضطراب اور بے اطمینانی قوم کا مقدر بن چکی تھی انہی عوامل کے زیر اثر تعلیمی اداروں میں ایک طرف معاشی محرومیوں کا تذکرہ کر کے کچھ لوگ کمیونزم کا پرچار کر رہے تھے اور کچھ لوگ اپنے مخالف کو کمیونسٹ قرار دے رہے تھے اور اپنے اسلام کے مخصوص دائرے کو محدود سے محدود تر بنا رہے تھے۔

ان حالات میں اپنے عہد کے دینی، سماجی، روحانی اور سیاسی تقاضوں کا جواب بن کر انجمن طلباء اسلام قائم ہوئی اس تنظیم کو طلبہ نے بنایا، طلبہ نے چلایا اور آج تک طلبہ ہی اس کے روح رواں ہیں۔ انجمن طلباء اسلام نے اپنے قیام کے دن ہی فیصلہ کیا کہ طلبہ میں صحیح اسلامی روح بیدار کرتے کے لیے ان کے قلوب میں عشق مصطفیٰ کے چراغ روشن کیے جائیں گے...... یہ نصب العین دراصل شخصیت پرستی کے سومنات میں محمود غزنوی کی صدائے بازگشت تھی.... کارکنان انجمن نے متنفر مذہبی گروہوں میں سے کسی ایک گروہ کا ساتھ نہ دیا...... دینی تحریکات میں سے کسی ایک شخصیت کی پرستش نہ کی۔ اور نہ بہت سی سیاسی جماعتوں میں سے کسی ایک جماعت کا دم چھلا بننا پسند کیا..... یہی انفرادیت اور خصوصیت تھی جو محبت رسولؐ کی روشن تکبیر بن کر ابھری..... بڑھتی پھیلی اور پھر پھیلتی چلی گئی...... اس نظریہ عشق رسولؐ نے انجمن طلباء اسلام کو طلبہ کے دلوں کی دھڑکن بنایا۔

اے ٹی آئی، بائیس سالہ تاریخ کا جائزہ لیا جائے تو ہمیں معلوم ہوگا کہ اس دوران وطن عزیز میں قومی اور ملی تحریکوں میں انجمن کے کارکنان نے ہراول دستے کا کام کیا۔ ۱۹۷۱ء میں جب سابقہ مشرقی پاکستان بنگلہ دیش پر وہاں کے محب وطن پاکستانی پاکستان بچانے کی کوشش کر رہے تھے تو اس وقت کے مرکزی صدر انجمن طلباء اسلام حاجی محمد حنیف طیب نے مشرقی پاکستان کا دورہ کیا

وطنِ عزیز میں قومی و ملی تحریکوں میں انجمن کے طلباء نے ہراول دستے کا کام کیا۔

اور وہاں محب وطن طلبہ میں اپنی تنظیم کی اساس قائم کر کے انھیں راہ اعتدال پر لگانے کی پہلی کوشش کی۔ ۱۹۷۱ء کے اس زمانے میں جب مشرقی پاکستان کے بارے میں برطانوی ریڈیو، بی بی سی لندن نے جھوٹی اور شرانگیز نشریات شروع کیں۔ تو اس وقت صدر انجمن نے کراچی میں دیگر چار طلبہ کے ساتھ برطانیہ کے ہائی کمشنر سے ملاقات کر کے ایک تحریری یادداشت پیش کی علاوہ ازیں ملک بھر میں مختلف شہروں میں مظاہروں کا پروگرام بنایا۔ ۱۹۷۰ء میں جب نیشنل عوامی پارٹی کے صدر جناب عبدالحمید بھاشانی نے "سرخ کانفرنس" کا افتتاح کیا اور وہاں پاکستان کو لینین گراڈ بنانے کا عزم کیا تو اہلسنت کے اکابرین نے سنی کانفرنس کے نام سے ٹوبہ ٹیک سنگھ میں اجتماع منعقد کیا۔ اس اجتماع میں انتظامی ذمہ داری کو بطریق احسن سرانجام دینے کیلئے اے ٹی آئی کے نوجوانوں نے پوری کوشش کی۔

اور اس کنونشن میں انجمن کے نمائندہ نے خطاب کر کے نوجوان نسل کی جانب سے ایسے عناصر کے خلاف مقابلے کا اعلان کیا۔ ۱۹۷۱ء کو جب سانحہ سقوط مشرقی پاکستان کے بعد ہمارے ۹۰ ہزار فوجی ہندوستان کے جنگی قیدی بنے تو ان کی رہائی کے لیے ۱۹۷۲ء میں ہفتہ بیداری ضمیر عالمی ۱۵ رجون سے منایا گیا۔ اس ہفتہ میں مختلف ممالک کے علاوہ اقوامِ متحدہ کی تنظیم کو پاکستانی نوجوانوں اور عوام کے جذبات سے آگاہ کرنے اور ان کی رہائی کے لیے تحریری یادداشت پیش کی اور پاکستان کے مختلف شہروں میں مظاہرے اور جلسے کئے گئے۔

۷۳-۱۹۷۲ء میں جب اس وقت کے حکمران نے بنگلہ دیش کو منظور کرنے کی تحریک چلائی تو انجمن نے سب سے پہلے اپنے وجود کے اس حصہ کو الگ حیثیت میں منظور کرنے کی مخالفت میں تحریک شروع کی اور جنوری ۱۹۷۲ء کو جب وزیراعظم بھٹو نے کراچی کے نشتر پارک میں عوام سے منظوری چاہی تو اے ٹی آئی کا ایک جیالا کارکن عبدالوحید تمام حفاظتی اقدامات کے خارج سے بے پرواہ ہو کر سٹیج پر چڑھ گیا۔ اور بنگلہ دیش نامنظور کا نعرہ بلند کیا۔ جس کی بنا پر اس وقت کے حکمران کی یہ سازش کامیاب نہ ہو سکی اور عبدالوحید نے اپنی جوانمردی کے اس جرم میں جیل کی سزا بھگتی۔ ۲۹ مئی ۱۹۷۴ء کو جب ربوہ ریلوے اسٹیشن پر قادیانی عفریت نے اپنے انتہائی بزدلانہ انداز میں نشتر میڈیکل کالج کے نہتے طلبہ پر حملہ کیا تو اس کے جواب میں پورے ملک میں مقامِ مصطفیٰؐ کے تحفظ کی تحریک شروع ہوئی اور تحریک ختم نبوت صلی اللہ علیہ وسلم میں انجمن طلباء اسلام نے نوجوان طبقہ کی قیادت کی۔ اور پاکستان کے کونے کونے میں جلسے کیئے اور پوری قوم کو اس مسئلہ کی نزاکت سے آگاہ

کیا اور جہاد کیلئے تیار کیا۔ قید و بند کی صعوبتیں برداشت کی۔ لیکن جان نثاران مصطفیٰؐ کے پائے استقلال میں لغزش نہ آئی۔

اس تحریک میں سب سے پہلے گرفتاری کا شرف انجمن طلباء اسلام کراچی کے اس وقت کے ناظم حافظ محمد تقی کے حصہ میں آیا اور سب سے آخری گرفتاری انجمن کے بانی رکن محمد حنیف طیب نے ۶ ستمبر ۱۹۷۴ء کو کراچی کے آرام باغ میں اپنے ساتھیوں کو پولیس کے چنگل سے چھڑاتے ہوئے دی۔ واضح رہے کہ ۷ ستمبر ۱۹۷۴ء کو اس وقت کی قومی اسمبلی نے مرزائیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دے دیا۔ اس تحریک ختم نبوت میں محتاط اندازے کے مطابق انجمن نے ۳۷۵ عظیم الشان جلسے منعقد کیئے۔ اس کے علاوہ عوامی رابطہ مہم میں مساجد اور جلسوں میں بھی عوام سے خطاب کر کے انھیں اس مسئلہ کی حقیقت سے آگاہ کیا۔ اس تحریک میں انجمن طلباء اسلام اس وقت کے ناظم محمد اقبال اظہری کتابچے بعنوان "قادیانی کفریات" "مرزا کی کہانی اس کی زبانی" اور "قادیانی مسئلہ" تحریر کیئے۔ جناب اقبال اظہری صاحب اور تقی حسین اشرفی، رضوان شکیل، سید لیاقت علی، ارشاد جاوید اور رانا لیاقت بار بار پابند سلاسل کیے گئے۔ پولیس کا ظالمانہ سلوک اور گولیوں کی بوچھاڑ غلامان مصطفیٰؐ کا راستہ نہ روک سکیں اور نوجوانوں نے قومی اسمبلی کو اس امر پر مجبور کر دیا کہ وہ قادیانی جماعت کو غیر مسلم قرار دے

اسلامی نظام تعلیم کا نفاذ ہماری تحریک کے پروگرام کا حصہ ہے اس کیلئے فروری ۱۹۷۶ء میں انجمن طلباء اسلام نے پورے ملک میں ہفتہ اسلامی نظام تعلیم منایا۔ اس موقع پر ہمارے اس موقف کی حمایت میں پاکستان کے قومی اخبارات نے اپنے اداریے تحریر کیئے۔ کارکنان نے مختلف شہروں میں مظاہرے کیئے جس کے نتیجہ میں گرفتاریاں عمل میں آئیں۔ اس کے علاوہ اسلامی نظام تعلیم کے عنوان سے ناظم کراچی محمد اشرف سیالوی نے ایک کتابچہ تحریر کیا۔ اور انجمن کے وفد نے اعلیٰ حکام سے ملاقاتیں کر کے اسلامی نظام تعلیم کے لیئے انھیں سفارشات پیش کیں۔ اور اسلامی نظامِ نظریاتی کونسل کے سربراہ جسٹس حمود الرحمان کو تفصیلی یادداشت پیش کی جس سے انھوں نے اتفاق کیا

مارچ ۱۹۷۷ء میں جب تحریک نظامِ مصطفیٰؐ کا آغاز ہوا تو انجمن طلباء اسلام نے اس جدوجہد میں ہراول دستے کے طور پر کام کیا۔ ۱۶ مارچ ۱۹۷۷ء کو سب سے پہلے بورے والا میں اے ٹی آئی ملتان کے ناظم افتخار احمد نے تحریک نظام مصطفیٰؐ کے شہید اول ہونے کی سعادت حاصل کی۔ ان کے علاوہ خانیوال سے کارکنانِ انجمن ظفر اقبال اور حضور بخش نے اپنی جان کا نذرانہ پیش کر کے قوم کے عمل کی راہ دے گئے۔

تحریکِ نظام مصطفیٰؐ کے دوران انجمن کی دعوت پر تمام طلبہ تنظیموں نے "طلبہ اتحاد" قائم کیا۔ اس طلبہ اتحاد کی صدارت بھی انجمن کے صدر امجد علی چشتی کے سپرد کی گئی۔ اس طرح تمام طلبہ برادری کی نمائندگی کا شرف بھی انجمن کے حصے میں آیا۔ نہ صرف مرکزی سطح پر بلکہ ہر شہر میں پاکستان طلبہ اتحاد کے روح رواں کارکنان انجمن تھے۔ اس تحریک میں بہت سے کارکنان نے جیلوں کی سزائیں برداشت کیں۔ کئی طلبہ شدید زخمی بھی ہوئے۔

القدس مسجد اقصیٰ کی بازیابی ہمارے ایمان کا حصہ ہے۔ اسرائیل کے خلاف انجمن کے کارکنوں نے اپنے جذبات کا بھرپور مظاہرہ کیا۔ اسرائیلی جارحیت کے جواب میں کراچی میں واقع یہودیوں کی عبادت گاہ سامنے بھرپور مظاہرہ کیا گیا۔ اور اس پر قبضہ کر کے اس میں اذان دی گئی۔ ۱۹۸۳ء میں میں لیاقت آباد کراچی میں ایک بھرپور مظاہرہ ہوا جس میں اس وقت کے صدر ریگن کا پتلا شہید چوک جلایا گیا۔

فروری ۱۹۸۴ء کو انجمن طلباء اسلام نے پنجاب کے تعلیمی اداروں میں کامیابی کے بعد عظیم الشان طلبہ ریلی کا انعقاد انجینئرنگ یونیورسٹی لاہور میں ہوا۔ ریلی کے اگلے روز پنجاب کے تعلیمی اداروں میں طلبہ تنظیموں پر پابندی عائد کر دی گئی۔ لاہور میں انجمن کا اعلیٰ سطحی اجلاس اس وقت کے مرکزی صدر نور المصطفیٰ رضوی کی صدارت میں ہوا جس میں پابندی کے خلاف شدید ردعمل کے اظہار کا پروگرام تیار کیا گیا فیصلہ کے مطابق ملک بھر میں کارکنانِ انجمن زرعی یونیورسٹی کے بہت سے کارکنان کو اے ٹی آئی کے ناظم پنجاب محمد فیاض سمیت یونیورسٹی سے خارج کر دیا گیا۔

کراچی میں پابندی کے باوجود پابندیوں کے خلاف ہینڈ بل تقسیم کرنے کی پاداش میں ناظم کراچی ڈاکٹر غلام قادر فیاض اور کئی کارکن گرفتار کر لیے گئے۔ یونینز پر پابندی کے خلاف انجمن نے پوسٹر شائع کیئے اور ہر سال ۹ فروری کو "یوم حقوق طلبہ" منا کر یونینز پر پابندی کے خلاف بھرپور آواز بلند کی۔ ۹ فروری ۱۹۸۸ء کو انجمن کے صدر ظفر اقبال نوری کی کوشش سے ایم اے او کالج لاہور میں سات طلبہ تنظیموں کی مشترکہ ریلی صدر انجمن کی زیر صدارت منعقد ہوئی اس ریلی میں وقت کی حکومت پر یہ بات واضح کر دی گئی کہ اگر طلبہ کے حقوق بحال نہ ہوئے تو طلبہ خود تعلیمی اداروں میں الیکشن کروائیں گے۔ اس مشترکہ ریلی کے بعد طلبہ تنظیمیں بحال ہوگئیں۔

گذشتہ کئی سالوں سے طلبہ سیاست میں تشدد اور قتل و غارت کو فروغ ملا ہے۔ انجمن طلباء اسلام نے درسگاہوں کے تقدس اور طلبہ کے وقار کی بحالی کیلئے "تعلیمی امن تحریک" کا آغاز کیا۔ جنوری ۱۹۸۸ء میں.... "ہفتہ تعلیمی امن" منایا گیا۔ صدر انجمن طلباء اسلام ظفر اقبال نوری نے "پانچ نکاتی امن فارمولہ" پیش کیا۔ طلبہ تنظیموں کا مشترکہ اجلاس بلایا گیا اور اے ٹی آئی کی کوششوں سے تمام طلبہ تنظیموں نے "چودہ نکاتی ضابطہ اخلاق" پر اتفاق کیا۔ تمام اخبارات نے تعلیمی امن تحریک کی حمایت میں اداریے لکھے اور اہم ملکی شخصیات نے اے ٹی آئی کی قیامِ تعلیمی امن کوششوں کی تعریف کی۔

انجمن طلباء اسلام نے اپنے ۲۱ ریوم تشکیل کے مبارک موقع پر جون ۱۹۸۸ء میں انسانی قدروں کی بحالی، طلبہ میں منفی رجحانات کے خاتمے اور طلبہ میں سماجی خدمت کا جذبہ اجاگر کرنے کے لیئے "عشرہ سماجی انقلاب" منا کر طلبہ تاریخ میں ایک جدید روایت کا اضافہ کیا عشرہ کے دوران انجمن کے مرکزی صدر سے لیکر عام کارکنان تک ہزاروں طلبہ نے غریب اور نادار مریضوں کو خون کے عطیات دیئے۔ پنجابی بولنے والے محبتوں کے سفیر بن کر سندھ، سرحد، اور بلوچستان گئے۔ اس طرح دوسرے صوبوں اور شاہ لطیف کے پریم دھرتی سندھ سے طلبہ الفتوں کا نذرانہ لیکر پنجاب میں مریضوں کو خون دینے آئے۔ عطیہ خون مہم کے ساتھ عشرہ سماجی انقلاب کے دوران ہسپتالوں میں جاکر مریضوں کی عیادت کی گئی۔ اور ان میں پھل تقسیم کیا گیا۔ سماجی، برائیوں رشوت، سفارش، منشیات، اور غنڈہ گردی کے خلاف احتجاج کیا گیا۔ اور طلبہ میں سماجی خدمت کا جذبہ پیدا کرنے کے لیئے مذاکرے و سیمینار منعقد کئے گئے۔

انجمن طلباء اسلام نے صوبہ پرستی اور علاقائی، لسانی تعصبات کے خلاف اعلان جہاد کرتے ہوئے ۱۹۸۹ء کو قومی یکجہتی سال قرار دیا۔ جنوری میں ہفتہ قومی یکجہتی منایا گیا۔ اس دوران طلبہ نے سینوں پر قومی پرچم والے کارڈ آویزاں کیئے گئے۔ تعلیمی اداروں پر قومی پرچم لہرایا گیا۔ مختلف شہروں میں پاکستان زندہ باد کانفرنسیں منعقد ہوئی۔ صوبائی، علاقائی، لسانی عصبتوں کے خلاف مظاہرے کیے گئے اور ملک بھر میں قومی یکجہتی کی ضرورت پر ہینڈ بل تقسیم کیئے گئے۔

انجمن طلباء اسلام کی تعلیمی اداروں میں قیام امن کے لیے مثالی جدوجہد

تحریر: محمد نواز کھول

انجمن طلبۂ اسلام نے ہمیشہ تعلیمی اداروں کو سیاست دانوں اور حکمرانوں کے بے جا اثر سے پاک رکھنے کی سعی کی ہے۔ اور سیاسی مداخلت کے نتیجہ میں ہونے والے ہنگاموں اور طلبہ کے قتل کو نفرت کی نگاہ سے دیکھا ہے۔ گذشتہ سیشن ۸۶-۱۹۸۷ء کے سیشن کی انجمن کی مرکزی مجلس مشاورت نے بھی تعلیمی اداروں میں تشدد کے بڑھتے ہوئے رجحان کو روکنے کی تجاویز پر غور کیا۔ اور پندرہ ستمبر ۸۷ء کو ملک گیر سطح پر "یوم تعلیمی امن" منایا۔ لاہور میں امن مارچ کے نام سے سفید پرچم تھام کر داتا دربار سے سول سیکرٹریٹ تک جلوس نکالا۔ اکتوبر ۱۹۸۷ء کے شروع سے نیا تعلیمی سیشن شروع ہوا تو پہلے ہی اجلاس میں اس قومی اہمیت کے مسئلہ پر غور کر کے ایک لائحہ عمل تیار کیا گیا۔ چنانچہ ۲۰ اکتوبر ۸۷ء کو صدر انجمن ظفر اقبال نوری نے فلیٹیز ہوٹل لاہور میں پریس کانفرنس کے ذریعے "پانچ نکاتی امن فارمولا" پیش کیا۔ اور ساتھ ملک بھر کی درسگاہوں کے شیوخ، طلبہ تنظیموں کے سربراہوں، وفاقی وزیر تعلیم اور وزیر اعظم کو خطوط لکھ کر حالات کی سنگینی کا احساس دلایا۔ امن فارمولہ میں مندرجہ ذیل نکات شامل تھے۔

(۱) طلبہ پر بلاجواز مقدمات ختم کر کے سیاسی طور پر گرفتار طلبہ کو رہا کیا جائے اور معمولی واقعات کی وجہ سے خارج شدہ طلبہ کو بحال کیا جائے۔

(۲) طلبہ تنظیمیں ایک دوسرے کو معاف کر دیں۔ اور ایک دوسرے پر کرائے گئے مقدمات از خود واپس لیں۔

(۳) وہ طلبہ تنظیمیں جو سیاسی جماعتوں سے وابستہ ہیں اگر قطعی طور پر سیاستدانوں سے الگ نہ ہو سکیں تو کم از کم سیاستدانوں کو تعلیمی اداروں میں نہ بلائیں نہ ہی سیاست دان طلبہ معاملات میں مداخلت کریں۔

(۴) تمام طلبہ تنظیمیں متفقہ ضابطۂ اخلاق پر دستخط کریں تاکہ درسگاہوں میں اسلحہ کی دوڑ ختم ہو سکے۔

(۵) حکومت طلبہ تنظیموں اور انجمنوں پر سے پابندی اٹھائے۔

تعلیمی امن فارمولہ پیش کرنے کے بعد مختلف طلبہ تنظیموں سے مجموعی سطح پر رابطے کئے گئے۔ اور انجمن طلبۂ اسلام کے ایک نمائندہ وفد نے اُس وقت کے مرکزی نائب صدر سید محمد صفدر شاہ کی قیادت میں لاہور، کراچی اور دیگر شہروں میں اہم قومی اور ملی زعماء پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر القادری، محمد حنیف رامے، ایس ایم ظفر، سٹر فخر امام، جسٹس پیر محمد کرم شاہ، خورشید محمود قصوری، مولانا فضل الرحمٰن، نوابزادہ نصر اللہ خاں، ملک محمد قاسم، پروفیسر غفور احمد، رفیق احمد باجوہ،

طلباء تنظیمیں تعلیمی اداروں میں قیام امن کے لئے ایک دوسرے پر مقدمات واپس لیں

پروفیسر شاہ فرید الحق، علامہ سید محمود احمد رضوی، افتخار احمد نقوی، شمیم حسین قادری سے ملاقات کر کے انہیں امن فارمولہ اور امن تحریک کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ تمام راہنماؤں نے اپنے اپنے تحریری پیغامات میں تعلیمی امن فارمولہ کو قابل عمل قرار دیا۔ اور قیام تعلیمی امن کے لئے انجمن طلبۂ اسلام کی کوششوں کی تعریف کی۔

ان ملاقاتوں کے بعد پاکستان کے چاروں صوبوں اور آزاد کشمیر میں ۱۶ تا ۲۲ جنوری ۱۹۸۸ء "ہفتہ تعلیمی امن" منایا گیا۔ ہفتہ کے دوران تعلیمی اداروں میں سفید پرچم لہرایا گیا، اساتذہ میں سفید رومال تقسیم کئے گئے۔ طلبہ میں تعلیمی امن کے قیام کا شعور اجاگر کرنے کے لئے ہینڈ بل تقسیم کیا گیا۔ اور اشتہارات چسپاں کئے گئے تعلیمی امن سیمنار، مذاکرے، مشاعرے اور کانفرنس منعقد کی گئیں ۲۰ جنوری کو ملک بھر میں امن مارچ کیا گیا۔ کلاشنکوف کے پتلے جلائے گئے۔ طلبہ، اساتذہ کی مشترکہ ٹی پارٹیاں ہوئیں ہفتہ تعلیمی امن طلبہ، اساتذہ، والدین اور قومی زعماء نے

بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھا۔ قومی اخبارات نے اداریئے لکھے اور امن فارمولے کو سراہتے ہوئے اس پر عمل در آمد کی تجویز دی۔ لاہور کے امن سیمنار میں ہم نے دیگر طلبہ تنظیموں کے نمائندوں کو دعوت دی۔ پی ایس ایف پنجاب کے چیئرمین انجم نسیم، ایم ایس ایف پنجاب کے چیئرمین ارشد امین چوہدری، آئی ایس او کے شہزاد علی ذوالقرنین نے شرکت کی۔ یہ سیمنار طلبہ اتحاد کا پیش خیمہ ثابت ہوا۔

اس کے بعد جنگ فورم میں مذاکرہ ہوا جس میں این ایس ایف اور اسلامی جمعیت کے عہدیدار بھی شریک ہوئے۔ وہاں سب نے مشترکہ طلبہ جدوجہد کے لیے تعاون کا یقین دلایا۔ چنانچہ طلبہ حقوق کی بحالی کے لئے ۹ فروری سے قبل ہی مشترکہ اجلاس بلانے کا فیصلہ کیا گیا۔ پہلا اجلاس انجمن طلبہ اسلام کی دعوت پر انجمن کے مرکزی صدر محمد ظفر اقبال نوری کی صدارت میں صوبائی دفتر لاہور میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں، ایم ایس ایف، پیپلز ایس ایف، آئی ایس او، این ایس ایف، آئی ایس او کے نمائندوں نے شرکت کی اور ۹ فروری کو مشترکہ طلبہ ریلی کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ (اسلامی جمعیت کے سیکرٹری جنرل اس پہلے اجلاس میں وعدہ کرنے کے باوجود شریک نہ ہوئے) ۸ فروری کو لارڈز ہوٹل لاہور میں آٹھ طلبہ تنظیموں کے نمائندوں کے ہمراہ صدر انجمن نے پریس کانفرنس کر کے لائحہ عمل کا اعلان کیا۔

فروری میں ایم او کالج لاہور میں عظیم الشان طلبہ ریلی منعقد کی گئی۔ جس کی صدارت فلسفہ تعلیمی امن کے علمبردار ظفر اقبال نوری نے کی۔ مشترکہ ریلی کے بہت بڑے اجتماع سے آٹھ طلبہ تنظیموں کے راہنماؤں نے خطاب کیا اور اس بات کا اظہار کیا کہ اس عظیم الشان طلبہ اتحاد کا سہرا انجمن طلبۂ اسلام کی ابتدائی کاوشوں کے سر ہے۔ اس ریلی میں مندرجہ ذیل مشترکہ اعلامیہ جاری کیا گیا۔

۱۔ اسلام اور پاکستان کے خلاف کوئی پروگرام نہ کیا جائے۔
۲۔ طلبہ تنظیموں کی ملکی سطح پر رابطہ کونسل بنائی جائے۔
۳۔ تعلیمی اداروں میں ایک دوسرے کے پروگراموں کو

سبوتاژ نہ کیا جائے۔
۴۔ پوسٹرز وغیرہ کے لیے تنظیموں کے الگ الگ بورڈ نصب کیے جائیں۔
۵۔ یونینز کے انتخابات ہر سال باقاعدگی سے کرائے جائیں انتخابات میں حصہ لینے والوں کیلئے تعلیمی استعداد اور حاضری کی شرائط رکھی جائیں۔ انتخابی مہم کو پیسے کے بے دریغ استعمال سے پاک رکھنے کا اہتمام کیا جائے۔
۶۔ کسی ادارے میں تصادم کا فیصلہ فوری طور پر رابطہ کونسل میں پیش ہو۔
۷۔ ہوسٹلز میں اسلحہ جمع نہ کیا جائے۔
۸۔ تشدد اور انتقام کی پالیسی ترک کر کے ایک دوسرے کو معاف کر دیا جائے۔
۹۔ طلبہ، اساتذہ تعلقات کو خوشگوار بنایا جائے۔ وقتاً فوقتاً مشترکہ نشستیں رکھی جائیں۔
۱۰۔ طلبہ میں قومی یکجہتی اور ملی یگانگت پیدا کرنے کیلئے قومی اور دینی تہوار طلبہ تنظیمیں مل کر منائیں۔
۱۱۔ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم سے طلبہ کی والہانہ وابستگی پیدا کرنے کا اہتمام کیا جائے۔ مشترکہ طلبہ ریلی کے بعد طلبہ تنظیموں کا مشترکہ اجلاس آئی ایس او کے دفتر میں ہوا جس میں طلبہ تنظیموں کی باقاعدہ "رابطہ کونسل طلبہ" بنانے کا فیصلہ کیا گیا۔

لیکن غیر متوقع طور پر انجمن طلبۂ اسلام نے ۱۵۵ سے زائد کالجز میں کامیابی حاصل کر کے تمام طلبہ تنظیموں کو پیچھے چھوڑ دیا۔۔۔

خوشی محمد ناظم سندھ

حیران کن بات یہ ہے کہ پنجاب میں جماعت اسلامی اور مسلم لیگ مل کر حکومت کے مزے لوٹ رہی ہیں لیکن ان کی ذیلی طلبہ تنظیمیں تعلیمی اداروں میں باہمی تصادم سے بدامنی پھیلا رہی ہیں۔ جمعیت، ایم ایس ایف اور پی ایس ایف قتل و غارت کر رہی ہیں۔ گزشتہ دنوں جمعیت کے دفتر پر حملہ کر کے ناظم بیت المال کو ہلاک کر دیا گیا۔ ان تمام حالات کے پیش نظر انجمن طلبہ اسلام کے مرکزی صدر محمد ظفر اقبال نوری لاہور میں پریس کانفرنس کے ذریعے اعلان کیا ہے کہ ملک ملت کے وسیع تر مفاد کی خاطر اگر تمام طلبہ تنظیمیں ایک دوسرے پر قائم کیئے گئے مقدمات واپس لینے کا فیصلہ کریں تو انجمن طلبۂ اسلام اس سلسلے میں پہل کرے گی۔

تعلیمی اداروں کے لہولہو ماحول کو مدنظر رکھ کر اپنی تعلیمی امن تحریک کو نتیجہ خیز بنانے کے لئے سالانہ مرکزی کنونشن کا نام تعلیمی امن تحریک رکھا ہے۔ مجوزہ کنونشن کے موقع پر اے ٹی آئی قیام تعلیمی امن کے لئے مخصوص پالیسی کا اعلان کرے گی۔ تعلیمی امن کنونشن نفرت و تعصب کے اندھیروں میں امن کا روشن مینار ثابت ہوگا۔



راؤ صابر علی صدر اسلامیہ یونیورسٹی سٹوڈنٹس یونین بہاولپور



ریاض الدین نوری
مرکزی سکریٹری جنرل



شمس الدین بلوچ مرکزی نائب صدر

محمد نواز کھول پریس سکریٹری پنجاب

ذوالفقار ہدایتی
جوائنٹ سکریٹری

مرکزی صدر انجمن طلباءِ اسلام
محمد ظفر اقبال نوری
سے خصوصی انٹرویو



س. آپ کے تعلیمی امن کنونشن کے مقاصد کیا ہیں؟
ج. وطن عزیز کی درسگاہوں میں جبر و تشدد اور قتل و غارت کے خلاف طلبہ، اساتذہ، اور والدین کی پریشانی کو دور کرنے کیلئے ایک پرامن تعلیمی ماحول کا قیام اور معیار تعلیم کی بہتری کی جدوجہد ہمارا مقصد ہے اس کنونشن سے ایک طرف اُن کالی بھیڑوں کی حوصلہ شکنی ہوگی جو سیاست دان اور حکمرانوں سے پیسے لے کر طلبہ کو قتل کرتے ہیں اور دوسری طرف مفاد پرست اور اقتدار پسند سیاسی جماعتوں اور حکومت کو اندازہ ہو جائے گا کہ طلبہ کی اجتماعی سوچ نے جبر و تشدد سے بغاوت کر دی ہے اور اب نہ کوئی قارون طلبہ کو خرید سکے گا۔ اور نہ کوئی فرعون اُنہیں دبا سکے گا.
س. پیسے لے کر قتل کرنے اور سیاسی جماعتوں کا آلہ کار بننے کا آپ کے پاس کیا ثبوت ہیں؟.

ہم نے ہمیشہ پیپلز پارٹی اور آئی جی آئی کی غلط پالیسیوں سے اختلاف کیا

ج. کیا آپ نے نہیں پڑھا تھا کہ اسلامی جمعیت اپنے مقتول کارکن نواز کے بدلے نواز شریف کا سر مانگنے کی تحریک چلاتی رہی اور پھر بعد میں جماعت اسلامی کے اشارے پر اسی جمعیت کے ناظم اعلیٰ سراج الحق نے نواز شریف کی انتخابی کامیابی کیلئے سائیکلوں کا جلوس نکالا کیا یہ تبدیلی نواز خاں کے خون کی رقم لئے بغیر آگئی تھی؟ جمعیت کا مرکزی خازن قتل ہو جائے اور جماعت اسلامی آئی جے آئی سے چمٹی رہے یہ سب کیا ہے۔
س. اسلامی جمعیت کا دعویٰ ہے کہ انھوں نے ایشیا میں طلبہ کا سب سے بڑا اجتماع کیا ہے آپ کا کیا خیال ہے.؟
ج. طلبہ کا تاریخی اجتماع تو انشاء اللہ بہاولپور میں ہوگا۔ جمعیت نے طلبہ کا نہیں جماعت اسلامی کے باقاعدہ مشاہرہ پانے والے کارکنوں کی ریلی کی ہے۔ یقین نہ آئے تو ان کا اپنا دعویٰ ملاحظہ ہو کہ جمعیت کی ریلی میں ۳۰ ہزار اور اب جماعت اسلامی کے مینار پاکستان کے اجتماع کے لیے ۶۰ ہزار افراد کا اعلان ہو رہا ہے۔
س. آپ کو بھی توجے یو۔ پی کا ذیلی ونگ کہا جاتا ہے؟
ج. نہیں جناب ہمیں جے یو پی کی طرف سے حریت فکر، ذہن و ضمیر کی آزادی کے جرم کی سزا دی گئی ہے. یہ مسلمہ حقیقت ہے کہ اے ٹی آئی واحد طلبہ تنظیم ہے. جو کسی سیاسی جماعت کا ذیلی ادارہ نہیں۔
س. اے ٹی آئی کی طرف سے جتنے نورانی کے نعرے لکھے جاتے ہیں؟
ج. وہ اے ٹی آئی کے کارکن نہیں مولانا شاہ احمد نورانی کے مرید اور جے یو پی کے خادم لکھتے ہیں. ان کا کسی بھی تعلیمی ادارے سے کوئی تعلق نہیں۔
س. جمعیت والوں کا کہنا ہے کہ اُن میں کبھی گروپنگ نہیں ہوتی جبکہ......
ج. جنگ کراچی کے خالد جامی تسنیم انصاری وغیرہ سے پوچھئے جنہوں نے دو سال تک جمعیت کا ہی انقلابی گروپ چلایا اور یہ تو کل کی بات ہے سابق ناظم پنجاب طیب شاہین کو اُن کے مخالف دھڑے نے کس خوبصورتی سے جمعیت سے فارغ کر دیا ہے
س. آپ کا سیاسی جماعتوں سے غیر وابستگی کا نظریہ موجودہ دور میں غیر فطری اور ناقابل عمل لگتا ہے؟
ج. نہیں جناب عملاً سب جماعتوں نے اس کو تسلیم کیا ہے۔ پی ایس ایف والوں نے اپنے مطالبات منوانے کے لیئے پی پی پی کے خلاف جلوس نکالا۔ ایم ایس ایف نے اپنے انعامات میں اضافہ کروانے کیلئے نواز شریف کے خلاف بات کی۔ جمعیت والوں نے جماعت اظہار ناراضگی تک ہی سہی مگر بیان دیا۔ کیا اب بھی یہ بات واضح نہیں ہوتی کہ طلبہ کا سیاسی جماعتوں کا آلہ کار بننا غیر فطری ہے۔

سفیرانِ امن کا عظیم الشان
تعلیمی امن کنونشن
تشدد پسند قوتوں کی موت ثابت ہوگا



س. آپ اپنے بڑے کنونشن کے لیئے پیسے کہاں سے لیں گے.؟
ج. انجمن ۱۹۶۸ء میں قائم ہوئی تھی اب تک ہزاروں کارکن اس سے فارغ ہوئے ہیں. وہ سابقین ہر سال سالانہ اجتماع کے لیئے معاونت کرتے ہیں۔ اس کیلئے ہم نے کوپن چھاپے ہیں جو تعلیمی اداروں میں بیچ کر رقم اکٹھا کی جا رہی ہے۔ ہر شاخ ضلع میں جو بہ کو اور صوبہ میں مرکز کو رقم روانہ کرتا ہے کنونشن پر ہر طلبہ اپنے خرچے پہ آئے گا. وہاں کھانے کے لیئے سستے ہوٹل لگوا دیئے جائیں گے۔ جہاں مندوبین رقم خرچ کر کے کھانا کھائیں گے۔ اس طرح مرکزی تنظیم پر بہت بوجھ نہیں ہوگا۔
س. پنجاب حکومت کی طرف سے طلبہ جلوسوں پر پابندی کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟
ج. پابندیاں ہم نے نہ پہلے قبول تھیں اور نہ اب قبول کریں گے۔ یہ غیر جمہوری طریقہ ہے۔ امن و امان کا قیام تو حکومت کی ذمہ داری ہے اس میں ناکامی کا بدلہ طلبہ سے لینے تو مناسب نہیں۔
س. وفاقی حکومت کی طرف سے نئے طریق کار انتخاب سے درسگاہوں میں امن قائم نہیں ہوگا!
ج. کبھی نہیں اس سے تو انتشار اور بڑھے گا۔ نامناسب طریقے سے من پسند لوگ منتخب کرانے کی کوشش کامیاب نہیں ہونے دی جائے گی. طلبہ کوئی ضابطۂ اخلاق قبول نہیں گے جس میں طلبہ کی رائے شامل نہ ہو۔
س. سنا ہے بیرون ملک سے بھی طلبہ آپ کے کنونشن میں شریک ہونگے۔ آپ کا بیرون ملک کن طلبہ تنظیموں سے رابطہ ہے؟
ج. انشاء اللہ بیرون ملک ہماری شاخوں کے و… شرکت کر رہے ہیں۔ ہمارا انٹرنیشنل اسلامک سٹوڈنٹ… مورمنٹ ناروے۔ ورلڈ فیڈریشن آف مسلم یوتھ لندن انٹرنیشنل اسلامک یوتھ کونسل انگلینڈ اور مجلس طلبہ اسلام بھادنگ سے رابطہ ہے۔
س. آپ کے کنونشن میں کتنے طلباء شریک ہوں گے اور اُس کے اثرات کیا ہونگے؟
ج. ہمارے اندازے کے مطابق ۲۵ ہزار طلبہ شریک ہونگے اور یہ تعلیمی امن کنونشن طلبہ کی تاریخ میں نئے باب کا اضافہ کریگا۔ اس سے طلبہ کو نئی جہتیں ملیں گی۔ اور یہ تاریخ ساز اجتماع تشدد پسند اور غنڈہ عناصر کے عزائم خاک میں ملا دیگا



بھارت کی بدنام زمانہ کال گرل پامیلا کی دلچسپ رپورٹ

بھارت کے بارے میں یہ بات مشہور ہے کہ اس کی سرکار نے چند ہی ممالک کو چین سے رہنے نہیں دیا تھا۔ کچھ عرصہ پیشتر تک اس کی کمٹ منٹ پاکستان سے چلتی رہی وہ تو بھلا ہو محترمہ بے نظیر بھٹو کا جنہوں نے برسراقتدار آکر نئی نسل کے رہنما جناب راجیو گاندھی کی جانب دوستی کا ہاتھ بڑھایا اور یوں دونوں ممالک کو کل کل سے نجات ملی۔

سری لنکا اور بنگلہ دیش سے بھی معاملہ کچھ زیادہ مختلف نہیں۔ سری لنکا کے ساتھ محبت کا خاتمہ وہاں فوج بھیج کر کیا گیا۔ جبکہ بنگلہ دیش سے اٹھکیلیاں اب بھی جاری ہیں۔ بقول غالب کے مصرع

بجلی خوباں سے چلی جائے اسد۔

کی پیروی کرتے ہوئے اب خیال کی جانب توجہ مبذول ہوئی ہے۔

حکومت کے ہمنوا ایسے اب بھارت کے شہریوں نے بھی اس معاملے میں اپنی سرکار کا ہاتھ بٹانا شروع کر دیا ہے۔ بھارت کے دو شہری ان دنوں برطانیہ سمیت ایک دنیا کا ناطقہ بند کئے ہوئے ہیں۔

رسوائے زمانہ مصنف سلمان رشدی اور آزادانہ جنسی تعلقات کی علمبردار خوبرو حسینہ مس پامیلا بورڈیس نے اپنی سرگرمیوں سے جمہوریت زدہ … برطانوی معاشرے کی … کی قلعی کھول کر رکھ دی ہے۔

برطانیہ کے سیکرٹری خارجہ مسٹر جیفری ہاؤ نے دہلی میں دانشوروں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سلمان رشدی کی کتاب شیطانی آیات میں اسلام کے بارے میں جو توہین آمیز حوالے موجود ہیں ان کا ملک نہ ان کی حمایت کرتا ہے اور نہ اس کو نظر انداز کر سکتا ہے لیکن ان کا ملک تحریر و تقریر کی آزادی کے تحفظ کا قائل ہے۔ چہ خوب! اسلام کے بارے میں برطانیہ میں بیٹھ کر جو چاہے بکا جا سکتا ہے حکومت اس میں مداخلت نہیں کرے گی لیکن فاضل سیکرٹری سے یہ پوچھا جائے کہ جناب والا اگر برطانیہ میں کوئی شخص عیسائیت کو برا بھلا کہے تو کیا آپ اسی رواداری اور تحمل سے کام لیں گے۔

برطانوی مدبر سے ان کی پریس کانفرنس میں سلمان رشدی کے بارے میں تو سوالات کئے گئے لیکن اخبار نویسوں نے غالباً اپنے ملک کی بدنامی کے ڈر سے پامیلا بورڈیس کے معاملہ پر کچھ پوچھنا مناسب خیال نہ کیا۔

دہلی یا جے پور میں 18 اپریل 1962ء کو جنم لینے والی تیکھے نقوش اور صنف مخالف کو پاگل کر دینے والے سڈول بدن کی مالک پامیلا نے نہ صرف برطانوی وزیر اعظم مسز مارگریٹ تھیچر کے اقتدار کو ڈانواں ڈول کر دیا ہے بلکہ اندیشہ ہے کہ اس کے انکشافات سے بھارت کے ایک سابق وزیر دفاع اور ایک سابق سیکرٹری خارجہ کی بھی مٹی پلید ہو جائے گی۔

برطانوی اخبارات میں ریاست ہریانہ کے جاٹ خاندان کی لڑکی کے بارے میں جنسی اسکینڈل کی اشاعت کے … اخبارات بھی تقریباً روزانہ اس کے بارے میں کچھ نہ کچھ مرچ مسالہ شائع کر رہے ہیں۔ پامیلا سنگھ چودھری کو 1963ء کے جنسی اسکینڈل کی ہیروئن کرسٹین کیلر سے مشابہت دی جا رہی ہے۔ کرسٹین کیلر سے تعلقات کی پاداش میں ٹوری پارٹی کے وزیر جنگ جان پروفیومو کو مستعفی ہونا پڑا تھا اور وزیر اعظم ہیرالڈ میکملن کی حکومت کا تختہ ہوتے ہوتے رہ گیا تھا۔ برطانوی اخبارات کے مطابق 27 سالہ پامیلا موجودہ اسپورٹس منسٹر کولن موئی ہان کی نوکری لے سکتی ہے اور اپنے سابق باس ممبر پارلیمنٹ ڈیوڈ شا کے سیاسی مستقبل کا بیڑہ غرق کر سکتی ہے۔

ان دو صاحبان کے علاوہ پامیلا کے بے شمار سیاستدانوں، تاجروں اور اخبارات کے ایڈیٹروں سے جنسی تعلقات تھے۔ ڈیوڈ شا نے پامیلا کو پچاس پاؤنڈ ہفتہ کی ملازمت پر بطور ریسرچ اسسٹنٹ مقرر کیا تھا تین ماہ کی قلیل مدت ملازمت کے دوران ڈیوڈ شا نے پامیلا کے لئے ہاؤس آف کامنز کا پاس بنوا دیا۔

ہاؤس آف کامنز میں بے کھٹکے آمدورفت کے پروانے کو پامیلا نے بڑے لوگوں سے تعلقات بڑھانے میں استعمال کیا۔ فی الوقت صورت حال یہ ہے کہ برطانیہ کے دو اخبارات سنڈے ٹائمز اور آبزرور کے ایڈیٹران اینڈریو نیل اور ڈونالڈ ٹریلفورڈ اپنے جریدوں میں ایک دوسرے پر ملامت کی بوچھاڑ میں مصروف ہیں۔ دونوں ایک دوسرے پر الزام دھر رہے ہیں کہ پامیلا کے حسن و شباب سے مستفید ہونے کے علاوہ انہوں نے صحافت کے اعلیٰ اصولوں کو بالائے طاق رکھ دیا ہے۔

ادھر پامیلا کا دعویٰ ہے کہ اگر کوئی اس کو ایک ملین پاؤنڈ دے تو وہ ایسے ایسے جنسی اسکینڈلوں پر سے پردہ اٹھائے گی جس سے موجودہ برطانوی حکومت کے پرخچے اڑ جائیں گے۔ اخبارات کا کہنا ہے کہ پامیلا کا تعلق لیبیا کے جاسوسوں سے رہا ہے۔ ہتھیاروں کے بین الاقوامی شہرت یافتہ ڈیلر عدنان خشوگی اور بھارت کے پراسرار جوگی چندرا سوامی کے لئے کام

کرتی رہی ہے۔ چندرا سوامی کا نام سوئیڈن سے بوفورز توپوں کی خریداری میں 50 کروڑ روپے کمیشن کھائے جانے کے اسکینڈل میں لیا جاتا رہا ہے۔ اس کے علاوہ یہ بھی بتایا جاتا ہے کہ سی آئی اے نے پامیلا کو ایران کو نوا ہتھیاروں کی خریداری کے معاملے میں استعمال کیا تھا۔

پامیلا کے بارے میں بھارتی اخبارات یہ تاثر دے رہے ہیں کہ وہ ابتداء سے ہی بے راہرو تھی۔ اس کے والد میجر مہندر سنگھ چودھری چین سے 1962ء کی جنگ میں ہلاک ہو گئے تھے۔ ایک بھائی لیفٹیننٹ اوتار سنگھ 1971ء میں مشرقی پاکستان پر حملے کے دوران مارا گیا۔ اس کی ماں مسز شکنتلا نے ہریانہ ٹورزم ڈیپارٹمنٹ میں نوکری کر لی اور اپنی بچی کی پرورش کرنے لگی۔ تاہم اخبارات نے یہ بھی لکھا کہ ہریانہ سے تعلق رکھنے والے سابق وزیر دفاع اور بعد ازاں ہریانہ کے وزیر اعلیٰ مسز شکنتلا پر بے حد مہربان تھے۔ لیکن تعلق اور مہربانی کے باوجود یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ ایک عام آرمی میجر کی لڑکی راجستھان کی مہارانی گیاتری دیوی کے خصوصی اسکول میں کس طرح تعلیم پاتی رہی۔ اس اسکول میں صرف مہاراجہ کے خاندان کے بچے اور اعلیٰ طبقے سے تعلق رکھنے والے امراء کے عزیز و اقارب ہی داخل ہو سکتے تھے۔

پامیلا کی پیدائش کے بعد اس کے والدین میں علیحدگی ہو گئی۔ اس کو نہ باپ کی شفقت ملی اور نہ ماں کا پیار بیشتر مواقع پر پامیلا نے اپنے دوستوں سے اپنے والدین کے رویے کی شکایت کی۔ سخت گیر ماں کو جب بھی اپنی رنگ رلیوں سے فرصت ملتی تھی وہ اپنی محرومیوں کا غصہ چھوٹی سی بچی پر اتارا کرتی تھی۔ ایک انٹرویو میں مسز شکنتلا نے تسلیم کیا کہ رات گئے گھر آنے پر اس نے کئی بار پامیلا کو کتے باندھنے والی زنجیر سے پیٹا۔

جے پور سے میٹرک کا امتحان پاس کرنے کے بعد پامیلا نے اپنی ماں سے بھی جان چھڑائی اور دہلی کے ایک نامی گرامی تعلیمی ادارے لیڈی شری رام کالج میں داخلہ لے لیا اور ہوسٹل میں رہنے لگی۔ ذہنی آزادی نے اس کی فطری صلاحیتوں کو جلا بخشی اور جلد ہی اس نے دہلی کی ہائی سوسائٹی میں اپنے لئے ایک خاص مقام پیدا کر لیا۔ اس کی ساتھی لڑکیاں کہتی ہیں کہ پامیلا کے لئے دن رات ٹیلیفون آتے تھے اور سب کے سب مردوں کے ہوتے تھے۔ بعد ازاں جب اس کی والدہ بھی دہلی منتقل ہو گئیں تو ایک بار پھر پامیلا کے رنگ میں بھنگ پڑنے لگا۔ وہ قیمتی ملبوسات، زیورات اور غیر ملکی کاروں کی دلدادہ تھی۔ پیسے کی اسے ہر وقت ضرورت رہتی تھی۔ پیسہ کمانے کے لئے اس نے ماڈلنگ شروع کر دی لیکن ماں کی سخت گیری اور دہلی کو اپنے من کی جولانیوں کے لئے تنگ پاتے ہوئے وہ اپنے ایک ہوٹل کی اسٹورز دوست کے ساتھ بمبئی فرار ہو گئی بمبئی میں اس کے جوہر خوب کھلے۔ قدر دانوں کا جمگھٹا اس کے گرد رہنے لگا۔ جنہوں نے اسے 1982ء میں مس انڈیا کے مقابلے میں پہنچوا دیا۔

مس انڈیا منتخب ہونے کے بعد پامیلا کو اندازہ ہوا کہ ہندوستان اس کی کامناؤں کی تکمیل کے لئے بہت محدود ہے۔ … مس یونیورس مقابلے میں شرکت کے لئے پیرو کا سفر … ناکامی اس لئے ہوئی کہ وہاں اسے مختلف مالدار آسامیوں سے اپنے جسم و جاں کا سودا کرنا شروع کر دیا۔ مقابلے کے آرگنائزرس نے اس کو خارج کر دیا۔ پیرو سے پامیلا کیلی فورنیا پہنچی وہاں کچھ عرصے لوگوں کی دل بستگی کا سامان فراہم کیا اور پھر اچانک پیرس چلی گئی۔ پیرس میں اس کا ٹکراؤ ایک ریکارڈ پروڈیوسر ڈومنک جیکولیس بورڈیس سے ہوا۔ چند ماہ کی رفاقت کے بعد پامیلا نے اس سے شادی کر لی اور پامیلا سنگھ چودھری سے پامیلا بورڈیس بن گئی کہا جاتا ہے کہ فرانسیسی شہری بورڈیس سے شادی کا مقصد یورپ میں قیام کی سہولت اور فرنچ پاسپورٹ کا حصول تھا۔ مصلحت کی یہ شادی جلد ہی ختم ہو گئی اور دو سال تک امریکہ اور یورپ میں بھٹکنے کے بعد 1984ء میں پامیلا نے انگلینڈ کو اپنے عزائم کی تکمیل کے لئے منتخب کیا۔ بورڈیس کو تین ماہ کے اس ہنی مون کے ختم ہو جانے کا مطلق افسوس نہیں۔ وہ کہتا ہے پامیلا اس سے زیادہ کی مستحق تھی۔ جو شب و روز میں نے اس کے ساتھ گزارے وہ یادگار رہیں گے۔

لندن میں پامیلا نے اپنے بیش قیمت بدن کی دولت کا دنیاوی سیم و زر سے دل کھول کر تبادلہ کیا۔ دن میں وہ ممبر پارلیمنٹ ڈیوڈ شا کی ریسرچ اسسٹنٹ ہوتی تھی اور ہاؤس آف کامنز میں طبقۂ امراء کے ساتھ سرگوشیاں کرتی تھی اور رات کو اسکے دیوانہ بنا دینے والے پیکر سے ہر وہ شخص فیضیاب ہو سکتا تھا۔ جو ایک ہزار پاؤنڈ اس پر نچھاور کر سکتا ہو۔ چار سال تک پامیلا اپنا یہ دوہرا کردار بڑی کامیابی سے نبھاتی رہی لیکن برا ہو اخباری برادری کا جس کو دنیا والوں کی خوشیاں ایک آنکھ نہیں بھاتیں نیوز آف ورلڈ نے 12 مارچ کی اشاعت میں چنگھاڑتی ہوئی سرخیوں کے ساتھ لندن کے باسیوں کو بتا دیا

پامیلا کو اس کے والدین نے ۱۹۸۱ء میں ہی گھر سے نکال دیا تھا۔

کہ پامیلا ایک بے حد مہنگی کال گرل ہے۔ وہ دن ہے اور آج کا روز کہ لندن اور بھارت کے اخبارات اس کے پیچھے پنجے جھاڑ کر پڑ گئے ہیں۔

پامیلا اپنے بدن کا خراج وصول کرنے کے بارے میں بے حد محتاط رہتی تھی۔ وہ صرف ایسے اشخاص کو اپنے شبستان تک آنے کی اجازت دیتی تھی جن کے بارے میں اس کو یقین ہوتا تھا کہ وہ اس کو بلیک میل نہیں کریں گے لیکن چالاک سے چالاک شخص بھی کبھی نہ کبھی دھوکا کھا جاتا ہے۔ پامیلا کو اندازہ نہ ہو سکا کہ ایک پارٹی میں بظاہر شراب کے نشے میں چور جس شخص سے اپنے پوشیدہ لمحات کا سودا کیا تھا وہ دھوکے کی ٹٹی تھی جس کو نیوز آف دی ورلڈ کے ایڈیٹر نے بھیجا تھا۔ پامیلا نے اس سے پانچ سو پاؤنڈ پر بات طے کر لی۔ جعلی شرابی نے پیسے بھی گننے شروع کر دیئے لیکن پھر زیر لب کچھ بڑبڑا کر وہ شخص رفو چکر ہو گیا۔ اور تیسرے دن اخبار میں فوٹوؤں کے ساتھ پامیلا کی بربادی کا سامان موجود تھا۔

پامیلا کو لندن کے بے حد … اور فیشن ایبل علاقے ویسٹ منسٹر میں اپنے گاڑھے پسینے اور کڑی مشقت کی کمائی سے خریدے ہوئے دو لاکھ 75 ہزار پاؤنڈ کے فلیٹ کو یوں اچانک چھوڑتے ہوئے بے حد افسوس ہوا ہو گا لیکن اخبارات میں اس کی قلعی کھل جانے کے بعد اس کے پاس راہ فرار اختیار کرنے کے علاوہ کوئی اور چارہ بھی نہ تھا۔

لندن میں اس کے آشنا تو خوفزدہ ہیں ہی کہ یہ خوبصورت بلا واپس آکر نہ جانے اور کیا گل کھلائے لیکن دہلی میں اس کے حسن و شباب کی خوشہ چینی کرنے والے سابق وزیر دفاع اور سابق سیکرٹری خارجہ کی رات کی نیند اور دن کا چین بھی حرام ہو گیا ہے۔

دہلی کے شمارے سنڈے آبزرور میں شائع ہونے والی ایک رپورٹ کے مطابق سابق سیکرٹری خارجہ کا تعارف پامیلا بورڈیس سے ایک سندھی بھارتی خاتون نے کرایا تھا۔ یہ خاتون ویسٹ منسٹر میں امراء کی دل بستگی کیلئے ایک بورڈنگ چلاتی ہیں سندھی خاتون سے ملانے کیلئے سابق سیکرٹری خارجہ کو لیجانے والے تھے شہرت یافتہ خدائی خدمتگار چندرا سوامی جن کا دعویٰ ہے کہ سابق فارن سیکرٹری اور لندن میں اس وقت مقیم سندھی خاتون دونوں ان کے مرید ہیں۔

سندھی خاتون کو برطانوی حکام نے عصمت فروشی کی کمائی پر گزارہ کرنے کا مرتکب قرار دے کر ان پر مقدمہ دائر کر دیا تھا۔ جس میں کم سے کم سزا پانچ سال تھی بتایا جاتا ہے کہ سابق فارن سیکرٹری نے جو اس وقت اس منصب جلیلہ پر فائز تھے برٹش فارن آفس میں اپنے اثرات استعمال کر کے سندھی خاتون کی گلو خلاصی اس بنیاد پر کرائی کہ خاتون انگلینڈ سے رخصت ہو جائے گی اور پھر کبھی سرزمین انگلستان پر قدم نہیں رکھیں گی۔ یہ خاتون اب بمبئی کے ایک پوش علاقے میں اپنی کاروباری مصروفیات جاری رکھے ہوئے ہیں۔ پامیلا کا معاملہ جب اخبارات میں اٹھا تو ان خاتون کا بھی ذکر آیا اخبار نویسوں نے ان سے رجوع کیا لیکن بتایا جاتا ہے کہ انہیں ہدایات ملی ہیں کہ وہ اپنا منہ بند رکھیں ورنہ انجام بخیر نہ ہو گا۔ سابق فارن سیکرٹری دراصل ان تصاویر کے بارے میں زیادہ فکرمند ہیں جن میں انہیں پامیلا کو … سے بڑے والہانہ انداز میں گفتگو کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ یہ فوٹو سندھی خاتون کے قبضے میں ہیں۔

دریں اثناء مقامی اخبارات میں پامیلا کی والدہ مسز شکنتلا کا انٹرویو شائع ہوا ہے جس میں انہوں نے کہا کہ یہ لڑکی اگر پیدا ہوتے ہی مر جاتی تو اچھا تھا۔ عمر رسیدہ لیکن اب بھی دلکش خدوخال کی مالک مسز شکنتلا نے اپنے سر پر دوپٹے کا بھرپور پلو ڈالتے ہوئے اخباری نمائندوں کو بتایا کہ یہ افواہ سراسر غلط ہے کہ ڈیفنس کالونی کا موجودہ مکان انہیں پامیلا نے خرید کر دیا ہے۔ ڈیفنس کالونی کا شمار دہلی کی فیشن ایبل کالونیوں میں ہوتا ہے اور یہاں مکانات کی قیمت 30 تا 50 لاکھ روپیہ ہے۔ مسز شکنتلا نے یہ نہیں بتایا کہ یہ مکان انہوں نے کس طرح حاصل کیا۔ انہوں نے کہا اس لڑکی نے ہمیں کہیں کا نہیں رکھا۔ ہمارا گھرانہ ایک معزز گھرانہ ہے۔ ہمارے لوگوں نے وطن کیلئے جانیں قربان کی ہیں لیکن پامیلا نے اپنے کرتوتوں سے ان سب پر پانی پھیر دیا۔ اگر اخبارات میں چھپنے والی یہ سب باتیں درست ہیں تو ہمارے خاندان کو کوئی اعتراض نہیں کہ پامیلا کو کیا سزا ملتی ہے۔ انہوں نے کہا ہم نے تو پامیلا کو 1981ء میں ہی گھر سے نکال دیا تھا۔ جب ان سے دریافت کیا گیا کہ کیا اپنی بیٹی کو اگر وہ سولی پر لٹکتے دیکھیں تو … انہوں نے جواب دیا "وہ ایک طرح سے ہمارے لئے مر چکی ہے"۔

ماضی کے جھرونکوں سے

ڈینس للّی

آسٹریلیا کے تاریخ ساز بولر کے دلچسپ واقعات اُن کی اپنی زبانی



۱۹۷۵ء میں میلبورن کی وکٹ بہت زیادہ خراب کھیل رہی تھی اور کم از کم ان آسٹریلوی شہریوں کے لئے باعث شرم تھا جو سمجھتے ہیں کہ میلبورن کی وکٹ دنیا کی بہترین وکٹ ہونی چاہیئے' اس لئے کہ ٹیسٹ کرکٹ کا آغاز یہیں سے ہوا تھا۔ بہر حال ان دنوں وہ وکٹ بہت خراب ہو گئی تھی' اُس پر ہر طرف سے نکتہ چینی کی جا رہی تھی' چنانچہ جب نیوزی لینڈ اور انڈیا کی ٹیموں سے مقابلہ کا موقع آیا تو اس وکٹ کو ٹھیک کیا گیا اب ایک پرانی وکٹ کی مرمت سے کیا کام چل سکتا ہے۔ بہرحال اس وکٹ کی مرمت کی گئی اس پر نئی گھاس لگا دی گئی۔ آؤٹ فیلڈ ٹھیک کی گئی وہاں بھی گھاس لگائی گئی اور اس مرمت کے بعد یہ فرض کر لیا گیا کہ وہ وکٹ بہت اچھا کھیلے گی' حالانکہ ایسا نہیں تھا۔ خاص طور پر جب انڈیا کے خلاف ہم نے وہاں ٹیسٹ کھیلا تو صورت حال بہت ہی زیادہ سنگین ہو گئی۔ یہ ٹیسٹ بعد میں کھیلا گیا تھا اس وقت تک وکٹ پر جگہ جگہ ابھار سے بن گئے تھے۔ دراڑیں سی پڑ گئی تھیں اور گیند ان پر ٹپ کھا کر غیر یقینی انداز میں اٹھتا تھا۔ چنانچہ اس پر بیٹنگ کرنا بڑا خطرناک ہو گیا تھا۔ چنانچہ مجھے یاد ہے کہ انڈیا کے خلاف ٹیسٹ کے دوران خود ہمارے بیٹسمینوں میں سے کئی ایک نے کہا کہ شکر ہے خدا کا ہم یہ ٹیسٹ ویسٹ انڈیز سے نہیں کھیل رہے ہیں۔ اگر ویسٹ انڈین بولروں کو یہاں بولنگ دے دی جائے تو یقینی طور پر ایک آدھ بیٹسمین کی تو جان چلی جائے گی۔ جب انڈیا کے سلو بولرز ہمارا حشر خراب کئے دے رہے ہیں۔۔۔ تو ویسٹ انڈیز کے فاسٹ بولرز کی گیند تو زیادہ مہلک ثابت ہو گی۔ یہ خوف اس لئے بھی تھا کہ آئندہ سال ویسٹ انڈیز کو آنا تھا اور اُن کا ایک ٹیسٹ میلبورن میں یقینی تھا۔

اس وکٹ پر ہم لوگ نیوزی لینڈ سے بھی ہارتے ہارتے بچے۔ ڈاگ والٹرز نے شکست سے بچا لیا۔ اُن کی خوبصورت سنچری ہماری ٹیم کے لئے بچاؤ کا سبب بنی۔ جیکن جم ہگز نے بھی اُن کا خوب ساتھ دیا۔ وہ ۹۰ منٹ تک کریز پر کھڑے رہے اور والٹرز کے ساتھ مل کر اسکور میں ساٹھ رنز کا اضافہ کیا۔ حالانکہ جم ہگز کبھی اچھے بیٹسمین نہیں رہے۔ انہوں نے فرسٹ کلاس کرکٹ میں رنز کم بنائے ہیں اور صفر زیادہ اسکور کئے ہیں۔ مگر اُس دن وہ کچھ غیر معمولی انداز کی بیٹنگ کر گئے۔ جہاں تک ڈاگ والٹرز کی سنچری کا تعلق ہے تو سچی بات یہ ہے کہ یہ سنچری امپائر رابن بیلش کی مرہون منت تھی۔ کیونکہ جم ہگز نے آغاز اچھا نہیں کیا تھا۔ لانس کینز کے ایک باؤنسر پر انہوں نے وکٹ کیپر کو کیچ دے دیا تھا لیکن امپائر بیلش نے اس باؤنسر کو خطرناک گیند قرار دیتے ہوئے نو بال کا اشارہ دیا تھا۔ امپائر کا کہنا تھا کہ آخر میں آنے والے کھلاڑیوں کو باؤنسر نہیں مارا جا سکتا۔ جب کہ میرا خیال ہے کہ امپائر کا فیصلہ غلط تھا۔ لانس کی وہ گیند کسی طرح بھی "خطرناک" نہیں تھی اس لئے کہ کینز ایک میڈیم پیسر ہیں۔ بہر حال امپائر کا فیصلہ اپنی جگہ تھا۔ وہ گیند خطرناک تھی خواہ وہ کتنی ہی سلو رہی ہو۔ قانون میں یہی کچھ لکھا ہے۔ چنانچہ جم ہگز جمے رہے اور انہوں نے ڈاگ والٹرز کی سنچری بنوا دی۔

ہم کو پہلی اننگز میں نیوزی لینڈ پر صرف چار رنز کی سبقت حاصل تھی' مگر دوسری اننگز میں رچرڈ ہیڈلی کی بولنگ کے سامنے کوئی نہیں ٹھہر سکا۔ ہیڈلی نے وکٹ کی صورت حال سے خوب خوب فائدہ اٹھایا اور چھ وکٹ لے لئے۔ اُن کی گیند پچ پر گرنے کے بعد زیادہ اوپر نہیں آتی

اور بیٹسمین بیٹ ہو جاتا تھا۔ ہماری ٹیم صرف ۱۰۸ رنز بنا سکی۔ نیوزی لینڈ کو جیتنے کے لئے ۱۹۰ رنز درکار تھے اور انہوں نے ایک وکٹ کے نقصان پر آدھا اسکور بھی کر لیا۔ اس وقت ہم سب ایک دوسرے کو دیکھ رہے تھے۔ میچ ہاتھ سے نکل رہا تھا۔ ایسے میں گریگ چیپل نے گیند لی اور انہوں نے آتے ہی ہاورتھ اور پارکر کو آؤٹ کر دیا۔ بس اس کے بعد نیوزی لینڈ والے محتاط ہو گئے۔ انہوں نے میچ جیتنے کی کوشش ترک کر کے میچ بچانے کی جدوجہد شروع کر دی۔ اس میچ میں جہاں بولر آسانی سے وکٹ لے سکتے تھے مجھے پہلی اننگز میں کوئی وکٹ نہیں ملی اور دوسری اننگز میں صرف ایک وکٹ مل سکی۔ اس کی وجہ شاید یہ رہی کہ میں وکٹ کی گندی حالت دیکھ کر خود اتنا نروس ہو گیا کہ ایسی وکٹ پر مجھ سے گیند نہیں کرائی گئی۔ مجھے خوف تھا کہ کہیں کوئی کھلاڑی میری گیند سے شدید زخمی نہ ہو جائے۔ حالانکہ بعد میں مجھے افسوس بھی ہوا کہ میں نے زیادہ وکٹیں لینے کا چانس گنوا دیا۔

نیوزی لینڈ کے خلاف سیریز ہم نے دو صفر سے جیت لی۔ اب اس سیزن کے دوسرے پروگرام کا انتظار تھا۔ یعنی انڈین ٹیم کے خلاف زور آزمائی کا موقع آ رہا تھا۔ انڈیا کے بیٹسمین زیادہ بہتر تھے اس لئے وہ کم از کم میرے لئے چیلنج کی حیثیت رکھتے تھے مگر میرے تمام اندیشے پہلے ہی ٹیسٹ میں غلط ثابت ہوئے۔ سڈنی ٹیسٹ میں انڈین بیٹسمین ناکام رہے اور ہم نے اُن کو بہت جلد پویلین کا راستہ دکھا دیا۔ جب کہ آسٹریلیا کی بیٹنگ اور بولنگ ان سے زیادہ بہتر تھی۔ ٹیسٹ تین دن میں ختم ہو گیا۔ اس سیزن کے دوران یہ تیسرا ٹیسٹ میچ تھا جس کا فیصلہ تین دن میں ہو گیا۔ انڈین بیٹسمین آسٹریلیا کی بولنگ کا سامنا کرتے ہوئے گھبرا رہے تھے اور وہ ایک اننگز سے ہار گئے۔ سڈنی ٹیسٹ کی خاص بات گریگ چیپل کی ڈبل سنچری تھی۔ چیپل کے ۲۰۴ رنز دونوں ملکوں کے درمیان زیادہ انفرادی اسکور کا ریکارڈ ہے۔ یہ اننگز اس لئے بھی بڑی یادگار تھی کہ گریگ چیپل نے بیماری کی حالت میں جرأتمندانہ کھیل پیش کیا۔ انہوں نے تمام دن گرمی اور دھوپ میں وکٹ پر گزارا اور آسٹریلیا کے لئے فتح کی بنیاد رکھ دی۔ میں نے کئی موقعوں پر چیپل کو بیماری کی حالت میں کھیلتے دیکھا اور اس حالت میں اُس نے کبھی یہ محسوس نہیں ہونے دیا کہ وہ بیمار ہے یا تکلیف محسوس کر رہا ہے۔ وہ بہت عظیم کھلاڑی تھا' اُس نے ہمیشہ آسٹریلیا کے لئے عمدہ کھیل پیش کرنے کی کوشش کی اس لئے ٹیم کے تمام ممبر اس کی بے انتہا عزت کرتے تھے۔

کبھی کبھی میں سوچتا ہوں کہ کرکٹ کسی ایک خاندان کے کئی افراد کھیل سکتے ہیں اور کھیلے ہیں۔ لیکن کیا کوئی خاندان ایک ہی وقت میں دو اتنے عظیم کھلاڑی پیدا کر سکتا ہے۔ گریگ چیپل اور آئن چیپل دونوں کا شمار آسٹریلیا کے عظیم کھلاڑیوں میں کیا جاتا ہے۔ دونوں اپنا جواب نہیں رکھتے تھے۔ پھر تیسرے بھائی ٹریور چیپل بھی کچھ کم نہیں۔ وہ بھی بہت اچھے کھلاڑی ہیں۔ کسی ایک فیملی میں اتنے نادر روزگار کھلاڑی پیدا ہوں' یہ سب کچھ ناقابلِ یقین معلوم ہوتا ہے۔

سڈنی ٹیسٹ میں ہی میں نے پہلی مرتبہ انڈیا کے مشہور آل راؤنڈر کپیل دیو کو دیکھا۔ کپیل دیو پہلی مرتبہ آسٹریلیا آئے تھے مگر اُن کی شہرت پہلے سے آسٹریلیا میں پھیل گئی تھی۔ پہلی نظر میں ہی مجھے اندازہ ہو گیا کہ کپیل کوئی معمولی بولر نہیں ہے۔ اُس کی گیند انڈیا کے دیگر تمام بولروں سے کہیں زیادہ تیز نکلتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ آؤٹ سوئنگر اور آف کٹر کے سبب سے وہ مخالف بیٹسمین کے لئے بڑا خطرناک ثابت ہوتا ہے۔ مجھے وہ نیوزی لینڈ کے رچرڈ ہیڈلی کی طرح کا بولر دکھائی دیا۔ خصوصاً لائن و لینتھ پر کنٹرول زیادہ ہونے کی وجہ سے وہ ہیڈلی کی طرح بیٹسمین پر چھا جاتا ہے۔ انڈین ٹیم اپنے بیٹسمینوں کی خراب بیٹنگ کے باعث سڈنی ٹیسٹ ہار گئی۔ ورنہ کپیل دیو جیسے بولر سے وہ زیادہ فائدہ اٹھا سکتے تھے۔ کپیل دیو یقینی طور پر میچ جتوانے کی صلاحیت رکھتا تھا۔ مگر انڈیا کے بیٹسمین سر مایہ نکلنے والے کسی کروڑپتی کی طرح وکٹیں گنواتے رہے اور ہار گئے۔

اتفاق سے پہلا ٹیسٹ کرسمس کے چند روز بعد شروع ہوا تھا۔ اُس کے حوالے سے کپتان سنیل گاواسکر نے بیان دے ڈالا کہ۔

"ہم نے اپنے وکٹ کرسمس کے تحفے کی طرح آسٹریلوی بولرز کو پیش کئے ہیں۔۔ مشکل یہ ہے کہ ہم انڈین خود کرسمس نہیں مناتے لیکن ہم نے آپ کو خوش کر دیا۔"

دوسرا ٹیسٹ ایڈیلیڈ میں پانچ دن تک چلتا رہا۔ گرمی کی شدت اور دھوپ کے باوجود کھیل کا کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوا۔ اس میچ کی دو اننگز قابلِ دید تھیں۔ کم ہیوز نے اپنے جڑواں بیٹوں کی خوشخبری ملتے ہی ڈبل سنچری بنا ڈالی اور انڈیا کے خلاف زیادہ اسکور

کرنے کا اعزاز چیپل سے چھین لیا۔ ہیوز کی اننگز کافی خوبصورت تھی۔ انہوں نے بہترین فٹ ورک کا مظاہرہ کرتے ہوئے آسٹریلیا کا اسکور ۵۲۸ تک پہنچا دیا۔ اس کے بعد تو مجھے یقین ہو چلا تھا کہ آسٹریلیا یہ میچ بھی جیت جائے گا۔ لیکن انڈین ٹیم کے کھلاڑی سندیپ پاٹل کچھ اور موڈ میں نظر آئے۔ وہ ذرا بھاری بلا استعمال کرنے کے عادی ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ اُن کے بلے کی بیک لفٹ بھی زیادہ ہے۔ چنانچہ جب بلا گیند پر پڑتا ہے تو گیند کسی فیلڈر کے ہاتھ آنی مشکل ہوتی ہے۔ سندیپ پاٹل جب بیٹنگ کے لئے آئے تو اس وقت انڈیا کے چند کھلاڑی ۱۳۰ کے اسکور پر آؤٹ ہو چکے تھے۔ اس کے بعد انہوں نے آسٹریلیا کے خلاف بولروں کو گنتی کا ناچ نچا دیا۔ سندیپ پاٹل کی اننگز کم ہیوز کی اننگز سے زیادہ سنسنی خیز تھی اور آسٹریلیا کے خلاف ۱۷۴ رنز کسی انڈین کھلاڑی کا زیادہ رنز بنانے کا ریکارڈ تھا۔ سندیپ پاٹل کی اننگز کی وجہ سے آسٹریلیا کو انڈیا کے خلاف زیادہ بڑی لیڈ نہ مل سکی اور دوسری اننگز میں ہم لوگوں کو زیادہ رنز بنا کر انڈیا کو بیٹنگ کرانے کا وقت نہ مل سکا

میچ ڈرا ہو گیا حالانکہ لین پاسکو نے بڑی تیز بولنگ کرنے کی کوشش کی اور ان کو جلدی جلدی تین وکٹ بھی مل گئے مگر انڈین بیٹسمین میچ بچا گئے۔ ممکن ہے کہ اگر ہم ہگز کو ٹیم میں رکھا جاتا تب بھی ہم جیت جاتے۔ ہم ہگز اس سیزن میں بڑے کامیاب جا رہے تھے مگر آسٹریلین سلیکٹرز کی عقل کو کیا کہیے کہ انہوں نے ہم ہگز کو بارھواں کھلاڑی لیا اور یارڈلے کو موقع دیا۔ میرا خیال ہے کہ اس میچ میں دو اسپنرز کھلانے چاہیے تھے۔

تیسرے ٹیسٹ میں سلیکٹرز نے ایک اور حماقت کی۔ اس بار ایک فاسٹ بولر کم کر کے دو اسپنرز کھلا دیئے۔ جہاں دو اسپنرز کی ضرورت تھی وہاں سے تو ہگز کو ہٹا دیا جہاں کی وکٹ کے لئے یہ مشہور تھا کہ وہ فاسٹ بولروں کی مدد کرتی ہے وہاں دو اسپنرز لے لئے اور فاسٹ بولر کم کر دیا۔ تیسرے ٹیسٹ میں راڈنی ہاگ کو ڈراپ کر دیا گیا۔

چنانچہ اس حماقت کے نتیجہ میں میلبورن ٹیسٹ ہم ہار گئے اس لئے کہ ہمارے پاس فاسٹ بولنگ کمزور ہو چکی تھی۔ انڈیا نے میلبورن میں ٹاس جیت کر پہلے خود بیٹنگ کی گنڈپا وشواناتھ نے مشکل حالات میں بڑے تحمل کے ساتھ بیٹنگ کی اور سنچری بنا ڈالی۔ ان کی سنچری کی وجہ سے بھارتی ٹیم کا اسکور ۲۳۷ ہو گیا۔ آسٹریلیا کی طرف سے اس کے جواب میں ایلن بورڈر نے سنچری کی اور ہمارا اسکور مجموعی طور پر ۴۱۹ ہو گیا۔ اس وقت تک مجھے یہ یقین تھا کہ ہم لوگ جیت جائیں گے۔ لیکن دوسری اننگز میں گواسکر نے بڑی عمدہ بیٹنگ کی۔ بلاشبہ گواسکر دنیا کا بہترین اوپننگ بیٹسمین ہے۔ انڈین ٹیم نے بغیر کسی نقصان کے ۱۶۵ رنز بنا لئے تو ہم کو یہ میچ بھی جیتنا مشکل معلوم ہونے لگا۔ چیتن چوہان اور گواسکر پر ہم میں سے کسی کا کوئی بس نہیں چل رہا تھا۔ بالآخر میں نے گواسکر کو ایل بی ڈبلیو کر دیا۔ اپیل ہوئی اور امپائر نے انگلی اٹھا دی۔ مگر گواسکر وکٹ پر کھڑے رہے۔ وہ اپنے بلے کی جانب اشارہ کر رہے تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ گیند بلے پر لگ کر گئی ہے۔ میں خود گواسکر کے پاس گیا اور میں نے ان کو امپائر کی طرف اشارہ کر کے بتایا کہ فیصلہ ہو چکا ہے اس لئے آپ کا کھڑا رہنا بیکار ہے..... اب آپ کو معلوم ہے کہ کیا کرنا چاہیئے۔ گواسکر نے میری نصیحت پر عمل کیا اور وکٹ چھوڑ کر پویلین کی طرف چل دیئے لیکن اپنے ساتھ چیتن کو بھی لے گئے بلکہ انہوں نے چیتن کو آگے رکھا اور خود اس کے پیچھے تھے۔ ہم سب کھڑے دیکھ رہے تھے۔ وہ دونوں میدان کے کنارے پہنچ گئے تھے ٹیم کے منیجر ونگ کمانڈر شاہد درانی بھاگتے ہوئے آئے اور انہوں نے چیتن کو واپس وکٹ پر بھیجا۔ ان کے ساتھ دلیپ وینگسارکر بھی تھے۔ میں حیرت سے یہ سب کچھ دیکھ رہا تھا۔ لیکن جب دونوں انڈین بیٹسمین واپس کریز پر آ گئے تو اطمینان ہوا کہ چلو کوئی ناخوشگوار بات نہیں ہوئی۔ میچ دوبارہ شروع ہو گیا۔ چیتن چوہان اس پورے واقعے سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہے۔ چنانچہ چند منٹ بعد چوہان نے بھی میری ایک ایسی گیند کو جو وکٹ سے کافی دور تھی ہر دس پانڈلے کی جانب اچھال دیا اور وہ یارڈلے کے ہاتھوں میں پہنچ گئی۔ اس وکٹ کے ساتھ ہی میں نے ٹیسٹ کرکٹ میں ۲۴۸ وکٹیں لے لیں۔ اور سب سے زیادہ ٹیسٹ وکٹ لینے کا رچی بینو کا ریکارڈ ٹوٹ گیا۔ میں نے مسکراتے ہوئے چینل نائن کے کمنٹری بکس کی طرف دیکھا جہاں رچی بینو بیٹھے ہوئے کمنٹری کر رہے تھے۔ انہوں نے یقینی طور پر میرا سگنل وصول کر لیا ہو گا۔ مجھے اس ریکارڈ کو اپنے نام لکھوانے پر بڑی خوشی ہوئی۔ رچی بینو اپنے زمانے کے عظیم کھلاڑی تھے۔ کسی عظیم کھلاڑی کے ریکارڈ کو برابر کرنا یا توڑنا بھی بڑا اعزاز ہے۔ چنانچہ میں نے فخر سے سر اونچا کر لیا اور چینل نائن کی طرف دیکھ کر مسکرا دیا۔ مسکرایا اس لئے کہ اب میں ان کھلاڑیوں میں شامل ہو گیا جن کو بڑے ریکارڈ کے باعث لوگ ہمیشہ یاد رکھتے ہیں۔

انڈیا کی ٹیم دوسری اننگز میں ۳۲۴ رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔ آسٹریلیا کو میچ جیتنے کے لئے صرف ۱۴۳ رنز بنانے تھے۔ وقت بھی کافی تھا۔ پھر کپیل دیو جیسا اہم بولر زخمی تھا۔ آف اسپنر شیولال یادیو کے پیر کی ہڈی ٹوٹ گئی تھی۔ ان حالات میں آسٹریلیا کی فتح یقینی تھی۔ ہارنے کی کوئی وجہ نہیں تھی۔ میں نے مان لیا کہ وکٹ خراب ہو گئی تھی لیکن یہ بھی نہیں تھا کہ انڈیا کی کمزور بولنگ کے سامنے ایک ٹیم ۱۴۳ رنز نہ کر سکے۔ چنانچہ ہمارے کھلاڑیوں نے بہت آسان انداز میں لیتے ہوئے لاپرواہی سے اننگز شروع کی۔ کپیل دیو پہلے سے بہتر ہو گئے تھے اس لئے انہوں نے بڑی عمدہ بولنگ کی اور ۲۸ رنز دے کر پانچ وکٹ لے لئے۔ ہماری ٹیم صرف ۸۳ رنز کے معمولی اسکور پر آؤٹ ہو گئی۔ صرف تین کھلاڑی دوہرے ہندسوں تک پہنچ سکے۔ انڈیا کی ٹیم ۵۹ رنز سے جیت گئی اور اس طرح یہ سیریز ۱-۱ سے برابر ہو گئی۔

اسی دوران آسٹریلیا نے سنسنی خیز مقابلے کے بعد بینسن اینڈ ہیجز کپ ٹورنامنٹ نیوزی لینڈ کو ہرا کر جیت لیا۔ فائنل کا پہلا میچ سڈنی میں کھیلا گیا اور ہم لوگ ہار گئے لیکن میلبورن کے دونوں میچ ہم نے جیتے جو تھا میچ سڈنی میں ہوا وہ بھی ہم لوگ جیت گئے اور ٹرافی حاصل کر لی۔

> کسی ایک خاندان میں
> بیک وقت دو عظیم کرکٹرز کبھی
> نہیں پیدا ہوئے۔ مگر آئن اور
> گریگ دونوں اپنا جواب
> نہیں رکھتے تھے

میلبورن میں کھیلا جانے والا دوسرا فائنل مجھے ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس میچ میں میرے کرکٹ کیریئر کا سب سے عجیب واقعہ ہوا جس کی وجہ سے ایک طوفان آ گیا۔ بیان بازی کا ایک سلسلہ چل نکلا اور یہ میچ کافی متنازعہ ثابت ہوا۔ تنازعہ کا آغاز تو اس وقت ہوا جب امپائر نے گریگ چیپل کو آؤٹ دینے سے انکار کر دیا۔ ہوا یہ کہ گریگ چیپل نے مڈ وکٹ کی جانب شاٹ کھیلا، مارٹن اسنیڈن نے دوڑتے ہوئے ڈائیو مار کر کیچ لینے کی کوشش کی۔ انہوں نے گیند پکڑ لی اور امپائر سے اپیل کی۔ مارک برجس ان کے قریب تھے انہوں نے بھی اپیل کی مگر امپائر نے ایک دوسرے سے مشورے کے بعد کیچ کی اپیل مسترد کر دی۔ گریگ چیپل اپنی جگہ کھڑے رہے۔ نیوزی لینڈ کے کپتان اور کھلاڑیوں نے امپائر سے بحث شروع کر دی۔ کچھ نے چیپل سے بھی کہا کہ وہ خود ہی فیصلہ دیدیں۔ چیپل نے کہا کہ فیصلہ امپائر کو کرنا ہے۔ امپائروں نے کیچ نہیں دیا۔ امپائر کے فیصلے کے بغیر چیپل وکٹ کیسے چھوڑ جاتے۔ چنانچہ نیوزی لینڈ کے کھلاڑیوں نے کافی ناراضگی کا اظہار کیا لیکن کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوا۔

میں اس سلسلے میں گریگ چیپل کو موردِ الزام نہیں ٹھہراؤں گا۔ فیصلہ کرنا امپائر کا کام ہے۔ امپائرز نے جو فیصلہ دیا وہ انہوں نے مان لیا۔ جہاں تک امپائروں کا تعلق ہے تو وہ بھی اپنی جگہ درست تھے۔ اس لئے کہ جس پوزیشن میں اسنیڈن نے کیچ لیا

تھا اس میں یہ امکان تھا کہ ان کے ہاتھ گیند تک اس وقت پہنچے ہوں جب وہ زمین سے چھو چکی ہو۔ ایسے حالات میں بعض اوقات خود فیلڈر کو بھی احساس نہیں ہوتا کہ وہ کیچ کر چکا ہے یا گیند زمین کو چھو گئی ہے۔ اس معاملے میں ایسا ہی تھا۔ اسنیڈن کی انگلیاں زمین کے بالکل قریب تھیں اور ٹیلیویژن ری پلے سے بھی یہ واضح نہیں تھا کہ اسنیڈن نے بالکل صحیح کیچ لیا ہے۔ اس لئے امپائر بھی اپنے فیصلے میں حق بجانب تھے۔

اس واقعہ کے بعد گریگ چیپل ایک اور تنازعہ میں ملوث ہو گئے۔ اس سے آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کے تعلقات پر بھی اثر پڑا۔ قصہ یہ تھا کہ جب میچ کا آخری اوور شروع ہوا تو نیوزی لینڈ کو جیتنے کے لئے ۱۱ رنز درکار تھے اور بولنگ کرنے والے گریگ چیپل کے چھوٹے بھائی ٹریور چیپل تھے۔ ٹریور نے عمدہ بولنگ کا مظاہرہ کیا اور نیوزی لینڈ کے بیٹسمین پانچ گیندوں میں صرف پانچ رنز بنا سکے۔ چنانچہ آخری گیند پر ان کو چھ رنز بنانے تھے۔ چیپل چاہتے تھے کہ کوئی چانس نہ لیں۔ بیٹسمین کسی طرح چھکا نہ مار سکے یوں بھی میلبورن کا بڑا گراؤنڈ ہے کہ اس میں چھکا مارنا مشکل ہوتا ہے۔ لیکن پھر بھی کوئی ناممکن بات نہ تھی۔ نیوزی لینڈ کے آخری بیٹسمین برائن میکینی سامنے تھے۔ زیادہ بہتر تھا کہ بیمار کر پھینکتے اور ان کو چیلنج کرتے کہ وہ چھکا ماریں۔ میکینی چونکہ بیٹنگ کے ماہر نہیں تھے اس لئے ان کے چھکا مارنے کا چانس ہزار میں ایک کے برابر تھا۔

میں نے دیکھا کہ گریگ چیپل ٹریور کو کچھ سمجھا رہے ہیں۔ میں نے سوچا کہ بڑے بھائی نے چھوٹے بھائی سے یہی کہا ہو گا کہ جانِ برادر گیند اس طرح پھینکو کہ اس کے پیروں میں لپٹ جائے اور یہ چھکا مارنے کے لئے بلا نہ لا سکے۔ مگر اس کے بعد میں نے دیکھا کہ گریگ چیپل نے امپائر سے کچھ کہا۔ امپائر نے بیٹسمین میکینی سے کچھ کہا۔ میں حیران تھا کہ آخری گیند کرانے کے لئے یہ بحث و مباحثہ کیوں ہو رہا ہے۔ کچھ سمجھ میں نہیں آیا۔ پھر اس کے بعد ٹریور چیپل آخری گیند پھینکنے کے لئے تیار ہو گئے۔ مگر وہ دوڑنے کے بجائے ٹہلتے ہوئے کریز تک جا رہے تھے۔ میں سمجھ گیا کہ آخری گیند انڈر آرم کرائی جائے گی۔ قانوناً ایسی گیند کرانا غلط نہیں لیکن اس کے نتیجہ میں جو ہنگامہ کھڑا ہو جائے گا اس کا احساس مجھے ہو گیا۔ مگر گریگ چیپل کا فیصلہ اپنی جگہ درست تھا بلکہ قانون کے دائرے میں تھا۔ اس وقت تک دونوں ٹیموں نے ایک ایک میچ جیتا تھا۔ اس لحاظ سے چیپل کوئی خطرہ مول لینا نہیں چاہتے تھے اور انڈر آرم بولنگ ہماری فتح کو یقینی بنا سکتی تھی۔ دوسری صورت میں نیوزی لینڈ جیت جاتا تو فائنل میں اس کو برتری حاصل ہو جاتی۔ چیپل نے جو کچھ سوچا وہ درست تھا مگر اس پر جو ردِ عمل ہوا وہ زیادہ شدید تھا جس کا احساس بعد میں خود گریگ چیپل کو بھی ہوا۔ اس لئے کہ اس سے اس کی بڑی بدنامی ہوئی۔ اس نے آسٹریلیا کے لئے جو کارنامے انجام دیئے تھے جو محنت کی تھی ان سب پر پانی پھر گیا۔ میں نے اس زمانے میں گریگ چیپل کے فیصلے کی حمایت کی تھی۔ مگر اب میں سوچتا ہوں اگر آخری اوور میں کرا رہا ہوتا اور گریگ چیپل مجھے کہتا کہ انڈر آرم بولنگ کرو تو کیا میں آخری گیند انڈر آرم کراتا؟ میں نے جب بھی خود سے یہ سوال کیا تو میرے دماغ نے کہا کہ میں بھی ایسا کرتے ہوئے جھجک ضرور محسوس کرتا۔ میں گریگ چیپل کو سمجھاتا کہ میں ایسی گیند پھینکوں گا جس پر دنیا کا کوئی بیٹسمین چھکا نہیں مار سکتا اگر اس کے باوجود وہ بضد ہوتا تو میں فوراً انڈر آرم بولنگ کرتا۔

میلبورن میں اس فائنل کے بعد انڈیا کے خلاف تیسرا ٹیسٹ شروع ہونے والا تھا لیکن انڈر آرم بولنگ پر شرمندگی کے باعث گریگ چیپل اس روز میلبورن میں نہیں رکے ہم دونوں نے سڈنی جانے کا فیصلہ کیا تاکہ لوگوں کی نظروں سے چھپ سکیں۔ چنانچہ وہ لڑکے جو سڈنی میں رہتے تھے ان کے ساتھ ہم لوگ بھی ہوٹل سے چل پڑے۔ ان میں ڈگ والٹرز بھی شامل تھے۔ وہ بھی سڈنی جا رہے تھے۔ ڈگ والٹرز نے ہم دونوں کو دیکھا تو اپنے ساتھ بیٹھے ہوئے ساتھی سے کہنے لگے۔

"آپ کو معلوم ہے کہ کرکٹ میں جو چیز سب سے زیادہ خراب معلوم ہوتی ہے اور جس سے میں گھبراتا ہوں وہ کیا ہے؟"

"کیا ہے؟" اس کے ساتھی نے سوال کیا۔

"جب میں چھوٹا تھا جب سے لوگ مجھ سے یہی کہتے آئے ہیں کہ یہ کھیل آخری گیند تک ختم نہیں ہوتا۔ اس کھیل کی سب سے خراب بات یہی ہے۔"

> بڑے بھائی نے چھوٹے بھائی
> سے یہی کہا ہو گا جانِ برادر گیند
> اس طرح پھینکو کہ اس کے
> پیروں میں لپٹ جائے یہ۔

ظاہر ہے کہ ڈگ والٹرز کے یہ جملے اپنے ساتھی سے زیادہ ہمارے سننے کے لئے تھے۔ والٹرز کی بات تو خیر تھی مگر اخبارات، ریڈیو اور ٹیلی ویژن تو جیسے ہاتھ دھو کر پیچھے پڑ گئے حتیٰ کہ دونوں ملکوں کے وزرائے اعظم نے اس مسئلہ پر بیان دے ڈالا۔ پورا آسٹریلیا گریگ چیپل کا دشمن بن گیا۔ حالانکہ گریگ چیپل کا قصور صرف یہ تھا کہ انہوں نے آسٹریلیا کو فتح دلوائی تھی۔ آہستہ آہستہ لوگوں کے دل سے یہ غبار چھٹا، کچھ لوگ چیپل کی حمایت میں بھی بولنے لگے تب معاملہ ٹھنڈا ہوا۔

آخری فائنل میں کچھ چیز چیپل کے خلاف نظر آئے لیکن زیادہ بے ہودگی نہیں ہوئی اور چیپل نے پہلی بار آسٹریلیا کے لئے ٹرافی جیت لی۔ جب تمام معاملہ ٹھنڈا ہو گیا تب یہ کہا جانے لگا کہ اس میں چیپل کا کوئی قصور نہیں تھا۔ سارا قصور قانون کا تھا۔ انڈر آرم بولنگ اگر اتنی خراب چیز ہے تو اس کو روکنے کے لئے قانون کیوں نہیں بنایا گیا۔ شکر ہے کہ اب قوانین بدل چکے ہیں اور آئندہ کسی ون ڈے انٹرنیشنل میچ میں انڈر آرم بولنگ کرائے جانے کا کوئی امکان نہیں ہے۔

یاد

کچھ کھٹکتا تو ہے پہلو میں مرے رہ رہ کر
اب خدا جانے تری یاد ہے یا دل میرا
— جگر

کوئی چٹکی سی کلیجے میں لیے جاتا ہے
ہم تری یاد سے غافل نہیں ہونے پاتے
— فانی

سری دیوی

اداکاری بچوں کا کھیل نہیں

تحریر: حنا

حسین چہرے، پرکشش خدوخال، تیکھے خطوط اور جسمانی رعنائیاں سری دیوی کے کیریر پر اس طرح چھائے ہوئے ہیں کہ اداکار کی حیثیت سے اس کا وجود کہیں گم ہو کر رہ گیا ہے۔ لیکن خود سری دیوی کا کہنا ہے کہ وہ اپنی پہچان ایک سنجیدہ اداکارہ کے طور پر کرانا چاہتی ہے۔ اس کا دعویٰ ہے کہ وہ اب ایک بامقصد فن کارانہ زندگی گزار رہی ہے تاہم یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ ابھی تک فلم کاروں نے سری دیوی کو اکثر محض ایک سیکس سمبل بنا کر ہی استعمال کیا ہے، اور سری دیوی نے اس کی خاموش اجازت دی ہے۔ یہی نہیں، فلمی رسالوں کے سرورق بھی اس کی ایسی ہی ہیجان انگیز تصویروں سے آراستہ نظر آتے ہیں۔ بہرکیف ایک چھوٹی موٹی ہیروئن سے آج کی ہیروئن نمبر ایک بننے اور کامیابی کی بلند ترین چوٹی تک پہنچتے ہوئے اس نے ایک شاندار سفر طے کیا ہے۔

پردۂ سیمیں سے ہٹ کر سری دیوی ایک ذہین اور سلجھے ہوئے ذہن کی لڑکی ہے۔ اس نے اب اپنی ساری توجہ اسی ایک نقطے پر مرکوز کر رکھی ہے کہ اسے ایک 'باوقار' اور 'محترم' مقام حاصل ہو جائے۔ لیکن ابھی تک کردار چننے میں وہ بھاری غلطیاں کرتی رہی ہے، اور یہی چیز اس کی عزت اور احترام حاصل کرنے کی تمام کوششوں کے لئے سدِ راہ بنی رہی ہے۔ اس کے ساتھ یہ بھی حقیقت ہے کہ فلم بین ابھی تک سری دیوی کی قدر وقیمت صرف اس کے چہرے اور جسمانی حسن سے ہی آنکتے رہتے ہیں۔

یہ صحیح ہے کہ آج سری دیوی فلمی دنیا اور پردۂ سیمیں پر راج کر رہی ہے۔ اس کے اندر بے شمار صلاحیتیں، خوبیاں اور استعداد بھی موجود ہیں، لیکن یہ بھی تو درست ہے کہ آج سری دیوی کامیابی کی جو منزلیں سر کر رہی ہے وہ صرف اس لئے کہ اسے سیکس کی علامت بنا کر پیش کیا جاتا ہے۔ تماشائی عورتیں اس کی ہم سری کی کوشش کرتی ہیں اور مرد اسے پانے کی جستجو میں رہتے ہیں۔ اس کی مثال ١٩٤٠ کی دہائی کی ہالی وڈ کی اداکارہ ریٹا ہیورتھ سے دی جاتی ہے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ سری دیوی اس کے مقابلے میں کہیں زیادہ سنجیدہ اور نسوانی وقار کی دولت سے مالا مال ہے۔ دوسروں کو مسحور کرنے کی اس میں بے مثال قوت ہے۔

سری دیوی آج جس بلند چوٹی پر کھڑی ہے، وہاں وہ کب تک براجمان رہ سکتی ہے، اس کا دارومدار اس بات پر ہے کہ وہ اپنے لئے نئے کرداروں کا انتخاب کتنی ہوشیاری سے کرتی ہے اور صحیح کردار حاصل کرنے میں کس حد تک کامیاب ہوتی ہے، ایسے کردار جو صرف اور صرف صلاحیت اور فن کاری پر ہی جن کی اساس ہو۔

اس سلسلے میں خود سری دیوی کی رائے بہت دلچسپ ہے۔ وہ کہتی ہے، "میں نے بہت سے اسکرپٹوں کا مطالعہ کیا ہے۔ ان میں جو رول مجھے دئے گئے وہ عام قسم کے تھے۔ میرا یہ مطلب نہیں کہ وہ کردار برے تھے۔ لیکن اگر کام ہی ڈھنگ کا نہ ہو سکے اور محض اپنے آپ کو دہرانا ہی پڑے تو یہ تو ایک قدم پیچھے جانے والی بات ہوگی۔ اور یہی بات مجھے اکتا دینے والی لگتی ہے۔ میں خود اپنے اوپر تنقید کرنے کی عادی ہوں۔ میری نظر میں تو کسی اداکارہ کو اپنا کوئی بھی گیٹ اپ تک کبھی نہیں دہرانا چاہئے۔ ویسے میں سمجھتی ہوں کہ اگر ہم کافی لمبے عرصے تک کام کرتے رہیں تو ہماری ایک خاص امیج تو بن ہی جاتی ہے اور لوگ پھر اسی کی روشنی میں ہمیں دیکھنا شروع کر دیتے ہیں۔ وہ بس اسی ایک تصویر کا تصور کرتے ہیں۔ اور اسی سے اکثر مجھے گھبراہٹ ہوتی ہے۔ ایک بات میرا ذہن کبھی قبول نہیں کر پاتا، اور وہ یہ ہے کہ جب لوگ ہمارے بارے میں ٹھیک طرح جانتے ہی نہیں تو وہ کوئی فیصلہ کیسے صادر کر سکتے ہیں؟ وہ مجھے درجوں اور خانوں میں بانٹتے ہیں، صرف اس لئے کہ میں اداکارہ ہوں اور ایسی اداکارہ ہوں جو پردے پر عموماً ایک پرکشش عورت کا رول کرتی ہے۔ شاید اسی لئے میرے تئیں ان کے ردعمل میں کبھی کبھی رشک اور حسد بھی شامل ہو جاتا ہے۔"

میں سری دیوی کے سامنے یہ ذکر چھیڑتا ہوں کہ وہ لوگوں کو اس امر کی اجازت ہی کیوں دیتی ہے کہ وہ (پردے پر) اس کی ہوتی۔ بعد میں مجھے پتہ چلا کہ میں اس کے ذریعے پیسے بھی کما سکتی ہوں۔ پھر مجھے تو اتنا موقع بھی نہیں ملا کہ اداکاری کے کسی اسکول میں جا سکتی اور کچھ تربیت، کچھ تجربہ حاصل کر سکتی۔ اس لئے آپ کہہ سکتے ہیں کہ میں بنیادی طور پر پیسے کے لئے ہی فلموں میں آئی۔"

"کیا آپ اپنی اکثر فلموں سے مطمئن ہیں؟" میں نے یہ سوال کیا تو سری دیوی نے چونک کر جواب دیا "مجھے معلوم نہیں۔ ویسے میں اپنی اکثر فلموں سے مطمئن ہو ہی نہیں سکتی، کیوں کہ زیادہ تر کام بے پروائی سے ہوتا رہا ہے۔ اکثر میری سوچ کا محور یہ رہا ہے کہ ایک جانب میری زندگی ہے اور دوسری طرف یہ فلمیں ہیں۔ میں نے ہمیشہ کوشش کی ہے کہ اپنی شخصیت کو دونوں کے درمیان آدھا آدھا بانٹ کر رکھوں۔ اس طرح میری نجی زندگی اور میرا کیریر دونوں ایک دوسرے پر حاوی نہیں ہونے پائیں گے۔ لیکن ابھی چند سال پہلے میں نے اپنے آپ سے کہا کہ اگر تم ایسا ہی کرتی رہو گی تو تمہیں کسی بھی طرف سے پورا اطمینان نہیں ہوگا۔ اس لئے میں نے فیصلہ کیا کہ چند برس کے لئے میں اپنے آپ کو پوری طرح فلموں کے حوالے کر دوں گی۔ اس فیصلے سے میری زندگی زیادہ بھرپور ہو گئی ہے۔"

"اس کا مطلب یہ کہ آپ خوش ہیں؟" میں نے دوسرا سوال کر ڈالا، جس کا جواب سری دیوی نے خاصا چہک کر دیا۔ "اداکارہ ہونے کا تجربہ واقعی بڑا شاندار ہے۔ اس

لائن میں ہر قسم کی زندگی جینے اور بہت ساری چیزوں کا تجربہ کرنے کے مواقع ملتے ہیں۔ مجھے تو ایسا لگتا ہے کہ ابھی تک مجھے کوئی صحیح اسکرپٹ ملا ہی نہیں ہے۔ پھر بھی میں کام کر رہی ہوں، اور جب تک مجھے تجربہ حاصل ہو رہا ہے اچھا ہی ہے۔"

پھر ہماری بات چیت کا رخ اچانک محض چکروں کی طرف ہو جاتا ہے اور سری دیوی سوچ میں ڈوب جاتی ہے۔ مجھے شبہ ہوتا ہے کہ اس کے منہ سے ہلکی سی آہ نکلی ہے۔ چند لمحے بعد وہ کہتی ہے: "رشتے بنتے ہیں، ٹوٹتے ہیں اور گہرے ہوتے ہیں اور اس کے ساتھ ان میں تبدیلیاں بھی آتی ہیں۔ کوئی چیز بھی ہمیشہ نہیں رہتی۔"

"جب ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے کام کو اچھا سمجھا گیا اور جو مقصد تھا وہ پورا ہو گیا تو یہی احساس ہمارے لئے سب سے بڑا انعام ہوتا ہے۔"

"اچھا، کیا اس چکا چوند والی لائن میں اگر کچھ کھو دینے کا احساس بھی ہوتا ہے؟"

اس سوال کے جواب میں سری دیوی نے کہا "ہاں، میں نے اپنا لڑکپن کھو دیا۔ اب کبھی جب میں کوئی فضول سا کام کرتی ہوں تو یہی سوچتی ہوں کہ گزرے اور کھوئے ہوئے وقت کی تلافی کر رہی ہوں اور پیچھے کی طرف لوٹ رہی ہوں۔" سری دیوی جیسی ہوش ربا اداکارائیں ہر دور میں رہی ہیں۔ آج کے دور میں سری دیوی تعریفوں کا مرکز بنی ہوئی ہے تو لوگ اس سے جلن اور حسد بھی رکھتے ہیں۔ اس سے پہلے

میرا فلموں میں آنا ایک مذاق تھا

سری دیوی کا موڈ دیکھ کر میں گفتگو کا رخ بدل دیتا ہوں اور پوچھتا ہوں کہ کیا وہ 'نگینہ' اور 'مسٹر انڈیا' کی بے مثال کامیابی سے خوش ہے؟ میرا یہ سوال سنتے ہی سری دیوی پھر بشاش ہو جاتی ہے اور کہتی ہے: "تعریفیں ہوئیں تو بہت اچھا لگا، لیکن دوسرے بہت سے فن کاروں کی طرح میں بھی بنیادی طور پر اپنی تسکین کے لئے کام کرتی ہوں یعنی اپنے ہدایت کار اور ساتھی اداکاروں کے لئے، جن کے ساتھ ایک دلی تعلق پیدا ہو جاتا ہے۔" ایک پل کو رک کر سری دیوی اپنی بات جاری رکھتی ہے،

دیویکا رانی، نرگس، مینا کماری، مدھو بالا، وحیدہ رحمان، وجنتی مالا اور ہیما مالنی جیسی اداکارائیں مختلف قسم کے حسن اور مختلف اداؤں کی مالک تھیں۔ ان کی سرگرمیاں بھی مختلف تھیں، مگر ان میں ایک قدر مشترک تھی: شباب۔ اور

آج یہی وصف سری دیوی میں ہے۔ کس قدر پُرشباب ہے وہ! میں اس سے پوچھتا ہوں کہ اتنا بہت سارا روپیہ کما کر کیا اسے واقعی مزہ آتا ہے؟ وہ آج فلمی صنعت کی سب سے زیادہ معاوضہ لینے والی اداکارہ ہے۔ اسے یہ دیکھ کر کیسا لگتا ہے کہ اسے جتنا معاوضہ مل رہا ہے،

کیا سچ مچ میں دوسروں سے زیادہ اچھی لگتی ہوں

اتنا آج تک کسی بھی ہیروئن کو نہیں ملا؟

اس سوال کا جواب سری دیوی کچھ عجیب سا دیتی ہے، "آج کی عورت خود اپنی روزی کمانا چاہتی ہے اور اپنے کمائے ہوئے روپے کو من مانے ڈھنگ سے خرچ کرنا چاہتی ہے۔ اکثر اس کے ہم عصر مرد اس کی آزادی سے گھبراتے ہیں۔ آج چونکہ عورتیں خود کما رہی ہیں اس لئے ان کی زندگی زیادہ آزاد ہے۔ آج کی عورت جانتی ہے کہ وہ بیک وقت نسوانی دولت سے مالا مال، پرکشش، یہاں تک کہ حشر ساماں بھی ہو سکتی ہے۔ اور اس کے لئے ہرگز ضروری نہیں کہ وہ کوئی سمجھوتا کرے یا کسی کے سامنے جھکے۔ ظاہر ہے کہ یہ تبدیلی عورت کی کمانے کی قوت کے ذریعے ہی پیدا ہوئی ہے۔ لہٰذا اس دولت نے مجھے جو آزادی دی ہے، اس سے میں لطف اندوز ہوتی ہوں۔"

میں نے اس سے پوچھا کہ اسے بمبئی کیسا لگتا ہے، کیوں کہ بمبئی تو اس کے وطن مدراس سے خاصا مختلف شہر ہے۔

سری دیوی نے کہا "بمبئی میں زندگی ہے۔ یہ شہر اس بات کے لئے مشہور ہے کہ ... اور نئے فیشن یہاں سے نکلتے ہیں۔ کچھ لوگ ... بہت تیز رفتار لگتے ہیں۔ اخلاقی ... سے بھی یہ شہر بہت تیز ہے۔ میرے خیال میں

بمبئی ایسا شہر ہے جہاں آپ اپنے ڈھنگ سے، اپنی مرضی سے جی سکتے ہیں۔ کچھ ایسے لوگ جو یہ سمجھتے ہیں کہ یہاں کے ماحول میں ڈھل جانا ضروری ہے، ان کو شاید یہاں رہنا مشکل لگتا ہے، جب کہ مدراس میں ایسی کوئی شرط نہیں ہے۔ یہاں بمبئی میں ہم اپنی زندگی کی راہ خود چنتے ہیں، اپنے دوست

خود چنتے ہیں جو ہمارے اردگرد رہتے ہیں۔ میرے لئے یہ ایک پُرلطف جگہ ہے۔ یہاں جینے کا مزہ ہے۔ حالانکہ یہاں ابھی تک میرا اپنا گھر نہیں ہے اور میں ہوٹلوں میں ہی رہتی ہوں، تاہم میں خود فیصلہ کرتی ہوں کہ مجھے کہاں ٹھہرنا ہے اور اور کیا کرنا ہے۔ بڑا سنسنی خیز لطف ہے اس میں۔ بس یہاں ایک چیز مجھے پسند نہیں ہے۔ یہاں لوگ ایک دوسرے سے مانوس نہیں ہیں۔ میں بھی مانوس نہیں ہو سکی ہوں۔ یوں بھی کسی جگہ جمنے اور جی لگنے میں وقت تو لگتا ہی ہے۔ ہم کیا کہتے ہیں، یہ کوئی یہاں آسانی سے سمجھتا بھی نہیں۔ پس منظر کا بھی فرق ہے اور تہذیب کا بھی۔ میں آپ کو سچ بتاؤں، کبھی کبھی تو یہاں بڑی اجنبیت کا احساس ہوتا ہے۔ میں اس شہر کو پسند بھی کرتی ہوں اور اس کے ساتھ ہی کبھی کبھی یہ بھی جی چاہتا ہے کہ واپس اپنے شہر میں جا کر رہیں، ان لوگوں کے درمیان جو

ہماری بات سمجھ سکتے ہیں":

سری دیوی خاص طور پر اپنی فلم 'نگینہ' کے ہدایت کار ہرمیش ملہوترہ کے بارے میں خوب باتیں کرتی ہے۔ ہرمیش کی ہی ہدایت میں وہ 'نگاہیں' میں کام کر رہی ہے۔ سری دیوی کا کہنا ہے کہ وہ سب سے زیادہ باصلاحیت اور معیاری ہدایت کار ہے۔ تعریف کا یہ ٹریفک دو طرفہ ہے۔ خود ہرمیش ملہوترہ سری دیوی کے بارے میں کہتا ہے: "میں نے آج تک جتنی اداکاراؤں کے ساتھ کام کیا ہے، اُن میں سری دیوی سب سے اچھی اداکارہ ہے۔ میں نے اپنی دو فلموں میں جب اس سے کام لیا تو مجھ پر یہ انکشاف ہوا کہ وہ کس پائے کی آرٹسٹ ہے۔ 'نگاہیں' کے رَش پرنٹ اتنے اچھے ہیں کہ اس کے بعض ڈرامائی سین دیکھ کر تو میں بے حد جذباتی ہو گیا۔ بس وہ تو مجھے ہکا بکا کر دیتی ہے۔"

"آپ اپنی مختلف فلموں میں خود کو اپنے کرداروں میں کس طرح ڈھال لیتی ہیں؟" میں سری دیوی سے پوچھتا ہوں تو وہ فوراً کہتی ہے: "فن کار کو ایک چیز ضرور سیکھنی چاہئے اور وہ یہ کہ اُسے کبھی اس سلسلے میں کوئی راز نہیں ظاہر کرنا چاہئے کہ وہ اپنے رولز کی تیاری کس طرح کرتا ہے۔ یہ ایک بڑی ذاتی سی چیز ہے۔ اور فن کار عام طور پر اس کے لئے اپنے ہی تجربوں سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ میں اپنے کرداروں کے ساتھ دن رات جیتی ہوں اور ان کو اچھی طرح سمجھنے کی کوشش کرتی ہوں۔ میں صرف اچھے سے اچھا کام کرنا چاہتی ہوں، آدمی کا عزم اور ارادہ اس کے لئے بڑی اہمیت رکھتا ہے، اور یہ دولت میرے پاس بہت ہے"

میں جو ہوں

شہر میں کئی طرح کی بیماریاں پھیل رہی تھیں نزلہ، زکام، کھانسی، بخار وغیرہ۔ اس کے علاوہ کئی قسم کی معاشرتی بیماریاں بھی تھیں جو شہر کی اعلیٰ بستیوں سے نکل کر کچی آبادیوں کے بوسیدہ مکانوں کے اندر دبکی بیٹھی مخلوق کو اپنی لپیٹ میں لے رہی تھیں۔ لیکن ان کے نام ذرا مختلف تھے۔ جیسے فیشن اور سٹیٹس اور یہ دو بیماریاں ایسی ہیں۔ جو دنیا کے جس ملک جس معاشرے کو چاہیں اپنی لپیٹ میں لے لیں۔ جس بستی کا چاہیں حلیہ بگاڑ کر رکھ دیں کیونکہ دوسری چھوٹی موٹی بیماریاں فیشن اور سٹیٹس کے وائرس سے ہی پھیلتی ہیں۔ چہرے پیکٹ بن جاتے ہیں اور میک اَپ اُن پر اُن کی اصلیت کے لیبل کی طرح لگ جاتا ہے اور دیکھنے والا آسانی سے اندازہ کر لیتا ہے کہ اس پیکٹ کی قیمت کیا ہو سکتی ہے۔ اور ڈبل روٹی کی طرح بکنے نکل کھڑے ہوتے ہیں جو آنکھوں میں تلتے ہیں اور ہاتھوں ہاتھ فروخت ہوتے ہیں آج پورے تین دن ہو گئے ہیں کہ پورا لاہور کہرے میں لپیٹ میں ہے۔ تین دن سے انسانی آنکھ نے سورج کا چہرہ نہیں دیکھا سرد دھوئیں کی دبیز چادر زمین سے آسمان تک پھیلی ہوئی ہے اور تین ہی دن سے لاہور کے ساتھ ساتھ دوسرے کئی شہروں کے ائرپورٹ بھی بند تھے۔ شہر کی سڑکوں پر ٹریفک یوں رینگ رہی تھی جیسے کوئی اندھا آہستہ آہستہ راستہ ٹٹول کر چل رہا ہو دن بھر گھروں اور سڑکوں کی روشنیاں

جلتی رہتی۔ مگر کسی کو بھی کچھ دکھائی نہیں دے رہا تھا۔ میری پڑوسن کی آنکھوں سے نزلہ بہہ رہا تھا اور اُسکی بچی اتفاق سے رو رہی تھی۔ ہر کوئی شوں شوں کرتا پھر رہا تھا رات کے اندھیرے پھیلنے کا کسی کو کوئی پتہ نہیں چلتا تھا کیونکہ دن کی روشنی تین دن سے غائب تھی میں گھر میں اکیلا بیٹھا ریڈیو سن رہا تھا خبروں میں بتایا گیا کہ کراچی میں چھ ایکسیڈنٹ ہوئے ہیں پنڈی اور لاہور کے درمیان بھی کئی بسیں اور ٹرک آپس میں ٹکرا گئے ہیں کچھ قیمتی اور کچھ بیکار جانیں ضائع ہو گئی ہیں۔ نیوز بلیٹن بڑا بھیانک تھا آدھا سن کر ریڈیو بند کر دیا۔ دل گھبرانے لگا یوں لگ رہا تھا جیسے مکان کی چھت گر جائے گی اور میں نیچے آجاؤنگا مگر مروں گا نہیں کیونکہ مرنے سے اذیت کم ہو جاتی ہے چھت کے نیچے زندہ رہنا اور لوگوں کو کراہتے ہوئے مدد کے لیئے پکارنا۔ اور کسی کا مدد کو نہ آنا کتنی بُری سوچ تھی۔ میری میرے اپنے بارے میں۔ میں کتنا عذاب سمیٹ رہا تھا۔ میں اپنی ذات کے لیئے اور میں اچانک گھبرا کر گھر سے باہر نکل آیا باہر کچھ بھی تو دکھائی نہیں دے رہا تھا گلی کی بتیاں یوں ٹمٹما رہی تھیں جیسے کہ مرنے والے کی آنکھیں جو جاگ تو رہی ہوں مگر ان کی روشنی لمحہ بہ لمحہ کم ہو رہی ہو۔

ایک آدمی میرے قریب سے سائیکل ہاتھ میں لیے گذرا میں نے اُسے آواز دیکر پوچھا کون ہو؟

تو وہ میری آواز پہچان کر رک گیا وہ کسی موٹر سائیکل سے ٹکرا کر دور جا گرا تھا اور اَب سائیکل ہاتھ میں لیئے آہستہ آہستہ چلتا ہوا آنکھوں سے راستہ ٹٹولتا ہوا گھر کی طرف چلا گیا اور میں دوسری گلی کی طرف مڑ گیا میں ابھی تھوڑی دور ہی گیا تھا کہ ایک گھر کے باہر شیڈ کے نیچے کھڑے ایک آدمی نے مجھے آواز دی میں اس لہجہ سے پہچان گیا کہ یہ کوئی بوڑھا ہے میں نے اس کی آواز کا کوئی جواب نہ دیا تو اُس نے پھر پکارا بابو کچھ چاہیئے تو اندر آجاؤ۔ میں اس سوچ میں پڑ گیا کہ یہ اس کہرے میں لپٹی ہوئی رات میں باہر کھڑا کیا بیچ رہا ہے۔ اس نے پھر اپنا سوال دہرایا قبل اُس کے میں سے معلوم کرتا کہ کیا بیچ رہا ہے ہو میرے کانوں سے ایک ٹھٹھرا ہوا قہقہہ ٹکرایا۔ ایک دوشیزہ کے کھنکتے ہوئے مگر سردی سے جمے ہوئے قہقے کی آواز تھی۔ اِس سناٹے میں مجھے یہ قہقہہ بڑا بھلا لگا کیونکہ کہیں سے کوئی آواز نہیں آرہی تھی۔ نہ کسی میاں بیوی کے لڑنے کی اور نہ کسی بُھوکے بچے کے رونے کی نہ کسی بیمار کے کراہنے کی نہ تانگے والے کا ہٹو بچو نہ پولیس مین کی وسیل کی نہ چوکیدار کی جاگتے رہنا کوئی بھی تو آواز نہ تھی۔ اتنی خوف ناک خاموشی میں اتنا مترنم قہقہہ اور پھر دوبارہ قہقہہ۔ مگر اَب کے اِس میں ایک لذت آمیز چیخ بھی بھی شامل تھی۔

بابا نے پھر مجھے مخاطب کیا! کیا سوچ رہے ہو اندر آجاؤ۔ میں نے بابا سے پوچھا کہ اندر کون ہے تو اُس نے مجھے جواب دیا اندر میری بیٹی ہے ذکیرا اور چند ایک گھڑیوں کی مہمان ہے۔ اُس کا لہجہ کپکپا رہا تھا چند گھڑیوں کا سن کر مجھے یوں لگا جیسے کسی قریب المرگ کی بات کر رہا ہو کیونکہ عموماً اس مریض کو چند گھڑیوں کا مہمان کہا جاتا ہے۔ جو زندگی کی آخری سانسیں گن رہا ہو۔ میں نے اپنا تجسس چھپاتے ہوئے پوچھا اِس کی طبیعت تو ٹھیک ہے ہاں بوڑھے نے مسکراتے ہوئے جواب دیا تھوڑی سی دارو پی لی ہے۔ سالے نے مگر کیا کریں دو سو پیسے دیتا ہے۔ اِس لیئے سالے کی یہ بدتمیزی بھی برداشت کرنا پڑتی ہے۔ آجاؤ اندر وہ تھوڑی دیر بعد چلا جائیگا۔ مگر اِس مدہم میں وہ کہاں چلا جائیگا میں نے سوال کیا؟

ہاں چلا جائیگا گیارہ بجے اُس کا ڈرائیور جیپ لیکر آجائیگا

مگر میں اندر آکر کیا کروں گا؟

جو وہ کر رہا ہے۔

مدہم سرد ہے ناں۔ جوانی کی آگ تاپ رہا ہے۔ رات کتنی سرد ہے اُس نے ایک جھرجھری لیتے ہوئے میرے کندھے پر ہاتھ رکھ دیا۔

تم کہاں جا رہے ہو؟

میں۔ میں بابا میں پتہ نہیں کہاں جا رہا ہوں گھر سے کیوں نکلا ہوں۔

میرا اتنا کہنا تھا کہ بوڑھے آدمی نے میرے کاندھے پر اپنے ہاتھ کی گرفت اور مضبوط کر لی۔ آجاؤ اندر تم سو روپے دے دینا۔ میری ایک بڑی بیٹی ہے بڑی نمکین ہے۔ عمر بھی اتنی زیادہ نہیں مگر ہے بڑی بدقسمت۔ میں بوڑھے کی باتیں سُن کر سوچ میں پڑ گیا۔ وہ تو آگ تاپ رہا ہے میں کیا کرونگا۔ راکھ بھلا بھرولونگا۔ ہاں مگر کہتے ہیں کہ کبھی کبھی راکھ میں سے بھی کوئی ایسی چنگاری نکل آتی ہے جس کی حرارت زندگی بھر کے لیے کافی ہوتی ہے۔ میں جوں جوں سوچ رہا تھا میرا وجود اور سرد پڑ رہا تھا اور پھر بوڑھے کے برف جیسے ٹھنڈے ہاتھ کی ٹھنڈک میری روح میں اُتر کر میرے خون کو منجمد کر رہی تھی۔ میں ابھی کوئی بھی فیصلہ نہ کر پایا کہ اندر سے کسی نے آواز دی کون ہے بابا! آواز جیسے لحاف کے اندر سے آتی ہو بڑا

دھیما لہجہ: بجھا ہوا ترنم۔ جیسے بولنے والی کے سینے پر کسی نے چاندی کی سِل رکھ دی کہ اُس کی آواز کو دبا دیا ہو۔ میں بابا کے کچھ کہنے سے پہلے ہی اُس کی طرف بڑھ چکا تھا پھر ہم دونوں آگے پیچھے اندر داخل ہوئے۔ بابا نے میرے اندر داخل ہوتے ہی باہر کا دروازہ بند کر دیا اور ہم ایک کمرے کے اندر چلے گئے۔ کوئلوں کی آگ دہک

رہی تھی۔ مونگ پھلی اور چلغوزوں کے چھلکے پاؤں کے نیچے آکر کرچ کرچ کر ٹوٹ رہے تھے۔ مگر جہاں آبرو کے آبگینے ٹوٹ جانے پر کسی کو کچھ خیال یا ملال نہیں ہوتا وہاں مونگ پھلی اور چلغوزوں کے چھلکے کی کرچ کرچ کی آواز کیا معنی رکھتی ہے۔ بوڑھے نے میرے سامنے پڑی ہوئی چارپائی کی طرف اشارہ کر کے بیٹھنے کو کہا میرے ارادوں کی طرح ڈھیلی چارپائی اور میرے ذہن سے ابھرنے والی بدبو سے ملتی جلتی بدبو کمرے میں چاروں طرف پھیل رہی تھی۔ میں سوچ رہا تھا کہ میرے ذہن کی بدبو سے اِس گھر کی بدبُو کا کیا تعلق ہو سکتا ہے۔ میں نظریں جھکائے بیٹھا سوچ رہا تھا کہ اچانک ایک چائے کا کپ میرے سامنے آگیا۔ میں مخروطی انگلیوں کی نازک گرفت میں تھر تھر کانپتا چائے کا کپ دیکھ کر حیران تھا کہ اچانک میں نگاہ تھوڑی سی پھیل گئی۔ اَب ایک کلائی بھی میری نگاہ میں تھی جس پہ کئی رنگ کی چوڑیاں

تھیں جیسے پھیک میں مانگ کر لائی گئی ہوں۔ چائے۔

لہجے کی آواز میرے کانوں سے ٹکرائی تو میں فوراً سمجھ گیا کہ یہ وہی آواز ہے جس نے اندر سے بابا کو پکارا تھا کہ بابا کون ہے اچائے پکڑتے ہوئے میرے ہاتھ کانپ رہے تھے۔ چائے کا کپ میرے ہاتھ کی گرفت میں تھا۔ مگر مخروطی انگلیوں کی گرفت بھی ابھی ڈھیلی نہ پڑی تھی میرے ہاتھ کانپ رہے تھے اسلئے چائے کا کپ بھی تھرانے لگا اور ساتھ ہی اُسکا ہاتھ بھی کانپنے لگا

